باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار

Daily SAHAFAT Quetta

روزنامہ صحافت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر ملک نعیم خان کاکڑ

صفحات 8

جلد نمبر 32 | بروز جمعہ 7 اکتوبر 2022ء/10 ربیع الاوّل 1444ھ/ قیمت 12 روپے | شمارہ نمبر 278

WWW.Dailysahafatquetta.com

آرمی چیف کی تعیناتی کا فیصلہ آئین و قانون کے مطابق ہوگا

شہباز شریف

خدا کی قسم، عمران خان جھوٹا فراڈیا، ریاست پاکستان کیخلاف غداری کی سازش کی، 5 ماہ سازش کے بیانے پر قوم کو کنفیوز کیا گیا، اب سازش کا تانا بانا عمران خان سے مل چکا ہے، کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں ہوگی

سائفر ڈی کوڈ نہیں ہوسکتا اگر سائفر ڈی کوڈ ہوجائے تو دنیا بھر سے سفارت خانوں سے جتنی بھی تاریں آتی ہیں، وہ چوری ہوجائیں، عمران خان نے ریاست پاکستان کے خلاف غداری کی سازش کی آئین وقانون کے مطابق کارروائی ہوگی، وزیراعظم کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ عمران خان جھوٹا فراڈیا، اس نے ریاست پاکستان کے خلاف غداری کی سازش کی، سائفر کے معاملے میں قوم اور ملک کے ساتھ بدترین بددیانتی کی گئی، کبھی کسی نے وطن کا وقار اس طرح مجروح نہیں کیا، آڈیو لیک کرنے میں ہماری حکومت کا کوئی کردار نہیں ہے۔ 5 ماہ سازش کے بیانے پر قوم کو کنفیوز کیا گیا، اب سازش کا تانا بانا عمران خان سے مل چکا ہے، آرمی چیف کی تعیناتی کا فیصلہ آئین و قانون کے مطابق (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 1)

میں نے پارٹی کو منع کیا تھا صدر کے خطاب کا بائیکاٹ نہ کریں، شاہد خاقان عباسی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 4)

اسمبلی توڑی ہوئی ہے، صدر اسمبلی میں آکر تقریر کر رہا ہے، کوئی شرم حیا ہونی چاہیے، خواجہ آصف

اسلام آباد (آن لائن) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے صدر مملکت عارف علوی پر برس پڑے اور کہا ہے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 3)

سازش پر حقیقی آزادی مانگنے والا اساتذہ کو تنخواہ مانگنے پہ پتھر مار رہا ہے، مریم اورنگزیب

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے پشاور میں اساتذہ پر خیبر پختونخوا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 2)

سیاسی تقسیم کو ختم کرنے کیلئے سب سے بہترین حل منصفانہ اور شفاف انتخابات کا انعقاد ہے، قوم کو ہیجانی کیفیت سے نکالنے کیلئے سیاستدان آپس میں بیٹھ کر الیکشن کی تاریخ طے کرلیں، صدر مملکت

پاکستان کی خواہش ہے بھارت کیساتھ دوستی اور امن ہو، خواہش کشمیر میں بھارتی اقدامات کی وجہ سے پروان نہیں چڑھ سکتی، کشمیر کے مسئلے کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کیا جانا چاہیے

ادارے کو سیاسی مقاصد کیلئے استعمال نہ کیا جائے

عارف علوی

آج کل آڈیو لیکس سامنے آئی، سمجھتا ہوں کہ ان کی حوصلہ شکنی کی جانی چاہیے، آڈیو لیکس کی تحقیقات حکومت کا اچھا اقدام ہے، فریقین میں سے کسی ایک کی رضامندی کے بغیر فرد کے درمیان نجی گفتگو کو عام کرنا اخلاقی اور قانونی طور پر غلط ہے

پاک امریکہ تعلقات مزید بہتر ہوسکتے ہیں، تمام ممالک کے ساتھ باہمی وقار اور عزت واحترام پر مبنی تعلقات کے خواہاں ہیں، جی ایس پی پلس کے حوالے سے پاکستان اور یورپی ممالک کے مابین تعاون جاری رہے گا، خطاب

اسلام آباد (پ ر) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ سیاسی تقسیم کو ختم کرنے کیلئے سب سے بہترین حل منصفانہ اور شفاف انتخابات کا انعقاد ہے، قوم کو ہیجانی کیفیت سے نکالنے کیلئے سیاستدان آپس میں بیٹھ کر الیکشن کی تاریخ طے کرلیں، قومی امکان ہے، آپ سب کی کاوشوں کی بدولت ہم فیٹف کی گرے لسٹ سے نکل جائیں گے، کرپشن کی بیخ کنی کرنے کے موضوع پر سب متفق ہیں، نیب کو مضبوط کرنا چاہیے، ادارے کو سیاسی مقاصد کیلئے استعمال نہ کیا جائے، آج کل آڈیو لیکس سامنے آئی اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان کی حوصلہ شکنی کی جانی چاہیے، فریقین میں سے کسی ا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 5)



اسلام آباد، صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان ڈاکٹر عارف علوی پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

نیب نے عمران خان کی کابینہ کے ارکان کو نوٹس بھیج دیے

مراد سعید اور غلام سرور خان کو 11 اکتوبر کو نیب میں پیش ہونے کا نوٹس بھیجا گیا

پرویز خٹک کو 12 اکتوبر، زبیدہ جلال اور حماد اظہر کو 13 اکتوبر کو پیش ہونے کا نوٹس دیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) برطانیہ سے 190 ملین پاؤنڈ کی پاکستان منتقلی کے معاملے پر نیب نے سابق وزیراعظم عمران خان کی کابینہ کے ارکان کو نوٹس بھیج دیے۔ نجی ٹی وی کے مطابق نیب برطانیہ سے رقم پاکستان منتقلی اور اس کے نجی اکاؤنٹس میں جانے کی تحقیقات (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 6)

ابھی ڈنڈا تو چلایا ہی نہیں ڈالر کے ریٹ مارکیٹ خود ٹھیک کر رہی ہے، وزیر خزانہ

ڈالر کی قیمت کم ہونے سے پاکستان کے بیرونی قرض مین 26 سو ارب روپے کی آئی ہے، ڈالر کی صحیح قیمت 200 روپے سے کم ہے،

کرنسی ریٹ میں ہیر پھیر کرنے والے نجی بینکوں کے خلاف تحقیقات مکمل ہونے کے بعد کارروائی کی جائے گی، اسحٰق ڈار کی گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے برآمدی شعبے کے لیے بجلی کا نرخ 20 روپے فی یونٹ مقرر کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ابھی تو ڈنڈا چلایا ہی نہیں اور ڈالر کے ریٹ مارکیٹ میں خود ٹھیک ہوگئے، ڈالر کی قیمت کم ہونے سے پاکستان کے بیرونی قرض مین 26 سو ارب روپے کمی آئی ہے، ڈالر کی صحیح قیمت 200 روپے سے کم ہے، کرنسی ریٹ میں ہیر پھیر کرنے والے نجی بینکوں کے خلاف تحقیقات مکمل (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 31)

صدر کا خطاب، پاکستان تحریک انصاف کا غیر اعلانیہ بائیکاٹ

صدر مملکت نے اراکین کی عدم توجہ کے باوجود اپنا خطاب جاری رکھا

اسلام آباد (آن لائن) پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے صدر مملکت عارف علوی کے خطاب کے موقع پر پاکستان تحریک انصاف نے غیر اعلانیہ بائیکاٹ کیا۔ صدر مملکت عا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف آئی ٹی ٹاسک فورس کا اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اس سمبلی میں کسی صورت واپس نہیں جائینگے

عمران خان

لانگ مارچ کیلئے پوری تیاری کے ساتھ آرہے ہیں، پہلے ہمیں پتا نہیں تھا ہمارے ساتھ کیا سلوک ہوگا، اب اندازہ ہے، سابق وزیراعظم

انتخابات کے دوران اندرون سندھ میں سب بڑا انقلاب آئے گا، سکھر گیا تو لوگوں کے ردعمل سے لگا جیسے کشمیر آزاد ہو رہا ہو، اندرون سندھ پیپلز پارٹی اب کامیاب نہیں ہوسکتی

اسلام آباد (آن لائن) تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے کہا ہے کہ اسمبلی میں کسی صورت واپس نہیں جائیں گے ہم نے پہلے دن سے کہا تھا ہماری حکومت جمہوری نہیں بلکہ کرمنل ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے عمران خان نے کہا کہ سائفر کو پھر زندہ کرنے پر حکومت کا مشکور ہوں، سائفر میں واضح لکھا ہے کہ عمران خان کو ہٹایا جائے، سائفر سے فائدہ اٹھانے والے اس کی تحقیقات کیسے کرسکتے ہیں؟ توشہ خان کے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 7)

صدر کا مشترکہ اجلاس سے خطاب، راجہ ریاض اور خواجہ آصف کی صدر مملکت پر شدید تنقید

اسلام آباد (آن لائن) پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں اپوزیشن لیڈر راجہ ریاض اور وزیر دفاع خواجہ آصف نے صدر مملکت پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ جن ا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 32)

21 سال کے دوران ہونیوالی پلی بارگین کی تفصیلات سپریم کورٹ میں جمع

پلی بارگین اعتراف جرم، عدالت کی جانب سے دی گئی سزا قانون سازی کے ذریعے کس طرح ختم ہوسکتی ہے؟ جسٹس اعجاز الاحسن

اسلام آباد (یو این پی) قومی احتساب بیورو نے 21 سال کے دوران ہونے والی پلی بارگین کی تفصیلات سپریم کورٹ میں جمع کرادیں۔ نیب کے وکیل نے کہا کہ عدالتی فیصلوں کی غلط تشریح کرکے نیب قوانین میں ترامیم کی گئی ہیں۔ سپریم کورٹ نے ریمارکس دیئے کہ ترمیم سے لگتا ہے 49 کروڑ روپے تک کرپشن ٹھیک اس سے زیادہ غلط ہے۔ سپریم کورٹ میں (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 30)

خواجہ آصف کی پارلیمنٹ سے نکلتے ہی دوڑ، گاڑی میں بیٹھ گئے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف پارلیمنٹ سے نکلتے ہی دوڑ لگا کر گاڑی میں بیٹھ گئے میڈیا نے ان پر سوالوں کی یلغار کردی مگر انھوں نے کسی سوال کا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 8)

اسلاموفوبیا کا مقابلہ سازشی تھیوریز سے نہیں بلکہ عقل و سمجھ سے کرنا ہے، احسن اقبال

ہماری جامعات میں تحقیقاتی عمل کو تیز کرنے کی ضرورت ہے، وفاقی وزیر کا تقریب سے خاطب

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستانی قوم کسی بھی دوسری قوم سے کم تر نہیں، سب سے بڑا چیلنج معاشرے سے عدم برداشت کو ختم کرنا ہے، ہماری جامعات میں تحقیقاتی عمل کو تیز کرنے کی ضرورت ہے۔ وہ جمعرات کو اسلامک یونیورسٹی فیصل کیمپس میں اسلاموفوبیا پر بین الاقوامی کانفرنس کی افتتاحی تقریب (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 9)

قائمقام گورنر بلوچستان میر جان خان جمالی سے بریگیڈئر (ر) آغا احمد گل ملاقات کر رہے ہیں

عوام کے روزگار کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے

میر عبدالقدوس بزنجو

بارڈر ٹریڈ کی بحالی ہو یا پھر اساتذہ اور محکمہ مواصلات کے ملازمین کی مستقلی حکومت نے اپنے تمام وعدے پورے کئے ہیں

بلوچستان حکومت صوبے کے عوام کو باعزت روزگار کی فراہمی کے لئے کوشاں ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت صوبے کے عوام کو باعزت روزگار کی فراہمی کے لئے کوشاں ہے، بارڈر ٹریڈ کی بحالی ہو یا پھر اساتذہ اور محکمہ مواصلات کے ملازمین کی مستقلی حکومت نے اپنے تمام وعدے پورے کئے ہیں۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو اپنے ایک ٹویٹ میں کہی۔ وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ عوام کے روزگار کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے ملازمین کو کسی صورت بے روزگار نہیں ہونے دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بارڈر ٹریڈ کی بحالی ہو یا اساتذہ اور محکمہ مواصلات کے ملازمین کی مستقلی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ وریونیو میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

ایک ہی وقت میں دو پاکستان نہیں چل سکتے

بلاول بھٹو زرداری

ایک پاکستان پانی میں ڈوبا ہوا ہے اور دوسرا سیاست کر رہا ہے، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی

پانی نکلنے کے بعد ہی اصل نقصان کا اندازہ ہوسکے گا اس وقت بلوچستان میں ایک لاکھ 10 ہزار ایکڑ زمین زیر آب ہے

کراچی (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین اور وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ ایک ہی وقت میں دو پاکستان نہیں چل سکتے، ایک پاکستان پانی میں ڈوبا ہوا ہے اور دوسرا سیاست کر رہا ہے، اس وقت سیاست چھوڑ کر ہم سب کو سیلاب متاثرین کی مدد کرنا ہوگی۔ پی پی پی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے وزیر اعلیٰ ہاؤس کراچی میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیلاب ابھی ختم نہیں ہوا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 17)

آڈیو لیکس، ڈیوائس کے رکھے جانے کے زیادہ امکانات ہیں، وزیر داخلہ

صدر کے رویہ کے خلاف بطور احتجاج کوئی آیا نہیں اور کوئی آکر چلا گیا ہے، رانا ثناء اللہ

اسلام آباد (آن لائن) وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ نے آڈیو لیکس معاملے پر کہا ہے کہ ڈیوائس کے رکھے جانے کے زیادہ امکانات ہیں، ابتدائی رپورٹ وزیراعظم کو پیش کردی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 11)

اس وقت ملک مشکل سیاسی اور معاشی صورتحال سے گزر رہا ہے، ملک خدا بخش لانگو

سیلابی بارشوں نے بلوچستان کے 90 فیصد رقبے کو متاثر کیا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کے پولیٹیکل سیکریٹری ملک خدا بخش لانگو نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان صوبے میں گورننس کی بہتری کے لیے نہ صرف (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 12)

وفاق محتسب (پاکستان) اعجاز احمد قریشی میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی آج وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف سے ملاقات کریں گے

کوئٹہ (پ ر) رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی آج وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف سے ملاقات کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے رکن قومی ا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 13)

بلوچستان کے تمام اضلاع میں حتمی انتخابی فہرستیں 7 اکتوبر سے شائع کردی جائیں گی، الیکشن کمیشن

کوئٹہ (پ ر) الیکشن کمیشن آف پاکستان کے زیر انتظام انتخابی فہرستوں کی نظر ثانی کے تمام مراحل کی تکمیل کے بعد پورے ملک کی طرح بلوچستان کے تمام اضلاع میں بھی" (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 14)

صدر مملکت کے خطاب پر وزراء کے بیانات حکومتی گراوٹ کی انتہا کی علامت ہیں، فواد چودھری

ملک میں لاقانونیت کے فروغ کیلئے کمربستہ گروہ ہر جمہوری و دستوری روایت پامال کر رہا ہے، سابق وزیر

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت کے پارلیمان سے خطاب پر وزراء کے بیانات پر پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سابق وزیر فواد چوہدری کہا ہے کہ صدر مملکت کے خطاب پر وزراء کے بیانات حکومتی گراوٹ کی انتہا کی علامت ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ صدر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 16)

عظیم فوج اپنے لوگوں پر کبھی گولی نہیں چلائے گی، شیخ رشید

چاروں طرف سے گھری ہوئی وفاقی حکومت کیسے لاکھوں لوگوں کو روکے گی، بیان

اسلام آباد (یو این پی) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ عظیم فوج کبھی اپنے لوگوں پر گولی نہیں چلائے گی، مذاکرات کی میز پر لائے گی اور صاف شفاف الیکشن کرائے گی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری بیان میں شیخ رشید کا کہنا تھا کہ آرمی چیف کے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 15)

بلوچستان کی سرزمین قیمتی معدنیات اور بہترین پھل پیدا کرتی ہے

گورنر بلوچستان

اگر ہمارا معاشرہ ذہین اور دوراندیش انسان بھی پیدا کرنا شروع کردیں تو ہمیں ترقی کی نئی منازل طے کرنے سے کوئی بھی نہیں روک سکتا

شعبہ علم سے تعلق رکھنے والے اور معاشرے کو فکری رہنمائی فراہم کرنے افراد کو خصوصی اہمیت اور احترام دینا چاہیے

کوئٹہ (خ ن) قائمقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی نے کہا ہے کہ کسی بھی معاشرے کیلئے انسانی وساتل کی ترقی کلیدی اہمیت رکھتی ہے بلوچستان کی سرزمین قیمتی معدنیات اور بہترین پھل پیدا کرتی ہے اگر ہمارا معاشرہ ذہین اور دوراندیش انسان بھی پیدا کرنا شروع کردیں تو ہمیں ترقی کی نئی منازل طے کرنے سے کوئی بھی نہیں روک سکتا انہوں نے صوبے بھر میں ایف ایس سی اور میٹرک کے امتحانات میں پوز (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 29)

قوم کے مسئلہ کا حل مارشل لاء ہے تو لگادی، رکن قومی اسمبلی خالد مگسی

اسلام آباد (آن لائن) رکن قومی اسمبلی خالد مگسی نے صدر مملکت کے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کے حوالے سے کہا ہے کہ چیزیں ٹھیک ہونے میں وقت لگے گا صدر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 26)

سارہ انعام قتل کیس، ملزم شاہنواز امیر جوڈیشل ریمانڈ پر جیل روانہ

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ میں کیس کی سماعت، پولیس کی جوڈیشل ریمانڈ کی استدعاء منظور

اسلام آباد (یو این پی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت نے سارہ انعام قتل کیس کے مرکزی ملزم شاہنواز امیر کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد میں سارہ انعام قتل کیس کی سماعت ہوئی۔ اس موقع پر پولیس کی جانب سے صحافی ایاز امیر کے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 28)

قلات پولیس کی کاروائی، ایک شخص گرفتار اسلحہ برآمد

قلات (پ ر) قلات پولیس کی کاروائی، ایک شخص گرفتار اسلحہ برآمد کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق قلات پولیس نے خفیہ اطلاع ملنے پر کاروائی کرتے ہوئے غلام حیدر و (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 24)

ڈالر کی گراوٹ کا سلسلہ جاری، اوپن مارکیٹ میں مزید کمی

مسلسل تنزلی کے سبب انٹر بینک ریٹ 223 اور 222 روپے سے نیچے آگیا

کراچی (یو این پی) پاکستانی روپے کے مقابلے میں امریکی ڈالر کی گراوٹ کا سلسلہ جاری ہے جبکہ جمعرات کے روز بھی کاروباری دورانیے میں انٹر بینک اور اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت مزید کم ہوگئی۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کی جانب سے سیلاب کی تباہ کاریوں سے نمٹنے کے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 27)

مسائل اور بحران گھمبیر اور سنگین ہیں جبکہ وسائل محدود ہیں، اسعد محمود

مگر اس کے باوجود موجودہ حکومت پورے عزم واستقلال کے ساتھ مسائل کے فوری حل اور ملکی معیشت کے استحکام کیلئے سرگرم عمل ہے

عوام کی بے لوث خدمت ہمارا فرض اولین ہے اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے عوام کی مدد اور ان کے نقصانات کا ازالہ ہماری ذمہ داری ہے

اسلام آباد (بیورو چیف) وفاقی وزیر مواصلات و پوسٹل سروسز اسعد محمود نے کہا ہے کہ مسائل اور بحران گھمبیر اور سنگین ہیں جبکہ وسائل محدود ہیں مگر اس کے باوجود موجودہ حکومت پورے عزم و استقلال کے ساتھ مسائل کے فوری حل اور ملکی معیشت کے استحکام کیلئے سرگرم عمل ہے، ہم عوام کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے، سیلاب کے دوران تعمیر و مرمت کے کاموں کی بروقت تکمیل اور قومی شاہراہوں پر ٹریفک ہمہ وقت بحال رکھنے میں نیشنل ہائی وے اتھارٹی نے تاریخ ساز کارنامے انجام دیئے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں مختلف علاقوں سے آئے ہوئے جمعیت العلماء (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 25)

وفاقی وزیر مولانا اسعد محمود سے فیض محمد و دیگر کارکنان ملاقات کر رہے ہیں

ایران پاکستان کے ساتھ مقرر کردہ تجارتی اہداف کا حصول چاہتا ہے، حسن درویش وند

ہماری کوشش ہے کہ دونوں برادر اسلامی ہمسائیہ ممالک کے درمیان تجارتی تعلقات مزید مستحکم ہو

کوئٹہ (پ ر) ایرانی قونصل جنرل حسن درویش وند نے کہا ہے کہ پاکستان اور ایران کے درمیان قدیم دوستی ہے اور دونوں برادر اسلامی ممالک ہیں پاکستان اور ایران کے مابین تجارتی اہداف کا حصول دونوں ممالک کے صنعت وتجارت سے وابستہ افراد کے باہمی تعاون کے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 23)

ریکوڈک منصوبہ کرپشن کیس، بلوچستان ہائیکورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار

تین رکنی بنچ کی کیس کی سماعت، سپریم کورٹ نے نیب کو 60 روز تک ملزمان کی گرفتاری سے روک دیا

اسلام آباد (یو این پی) سپریم کورٹ نے ریکوڈک منصوبے میں کرپشن کے ملزمان کی ضمانتوں کا بلوچستان ہائیکورٹ فیصلہ کالعدم قرار دیتے ہوئے نیب کو 60 روز تک ملزمان کی گرفتاری سے روک دیا۔ پاکستان کی عدالت عالیہ میں چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 22)

ہماری عدالتیں 180 ڈگری کا یوٹرن لینے پر کیوں مجبور ہوجاتی ہیں، سراج الحق

62 ون ایف ملک کے اسلامی نظریاتی تشخص کو برقرار رکھنے کے لیے ناگزیر ہے

لاہور (پ ر) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ 62 ون ایف ملک کے اسلامی نظریاتی تشخص کو برقرار رکھنے کے لیے ناگزیر ہے۔ مہذب دنیا میں عوامی نمائندگان کے لیے بنیادی معیارات میں ایمان دار اور راست گو ہونا ہے، ہمارے ہاں اخلاقیات کو بلند کرنے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 21)

ممبر رہ کر اسمبلی سے باہر رہنا پارلیمنٹ کی توہین ہے

اسلام آباد ہائیکورٹ

آپ کو 5 دن دے دیتے ہیں، 5 دن میں مطمئن کریں کہ کیا آپ واپس جانا چاہتے ہیں؟، چیف جسٹس کا وکیل سے مکالمہ

عدالت کو پارلیمنٹ کا احترام ہے، سیاسی جھگڑے دور کرنے کی جگہ پارلیمنٹ ہے، جن کے استعفے منظور نہیں ہوئے انہیں پارلیمنٹ میں ہونا چاہیے

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اطہر من اللہ نے پی ٹی آئی کے 10 مستعفی ارکان اسمبلی کی درخواست پر سماعت کرتے ہوئے ریمارکس دیئے ہیں کہ اسمبلی کا ممبر رہ کر اسمبلی سے باہر رہنا پارلیمنٹ کی توہین ہے، آپ کو 5 دن دے دیتے ہیں، (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 18)

کوئٹہ، آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ 12 ربیع الاول کی سیکورٹی انتظامات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حب میں ٹریفک حادثہ 1 شخص جاں بحق 6 افراد زخمی

اوتھل (نامہ نگار) حب میں ٹریفک حادثہ 1 شخص جاں بحق 6 افراد زخمی ہو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 20)

بلوچستان میں وبائی امراض پھیلنے سے مختلف بیماروں کے مزید 5429 کیسز رپورٹ

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان میں وبائی امراض پھیلنے کا سلسلہ جاری مختلف بیماروں کے مزید 5429 کیسز رپورٹ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 19)

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہوگا۔ جمعرات کے روز پرائم منسٹر ہاؤس میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ حالیہ دنوں آپ کے ساتھ میری گفتگو ہوئی تھی اور اس کے اگلے دن ایک اور آڈیو لیک ہوئی تھی اور جس دن میں گفتگو کر رہا تھا اس دن میری آڈیو لیک ہوئی، جس کو اچھالا گیا اور قوم کو بتایا جا رہا تھا کہ اگلے دن ایک اور آڈیو لیک ہوگئی۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر مجھے کسی اور کی آڈیو لیک کرنی ہوتی تو میں اپنی آڈیو لیک کیوں کرتا۔ انہوں نے کہا کہ 3 اپریل 2022 کی بات ہے جب عدم اعتماد کی قرارداد پر ووٹنگ ہونی تھی، ڈپٹی اسپیکر قاسم سوری ایوان چلا رہے تھے تو اس وقت کے وزیر اطلاعات نے کھڑے ہو کہا کہ اس حکومت کے خلاف سازش ہوئی تھی، اس سازش کے تانے بانے غیر ملکی طاقتیں اور تحریک لانے کی اپوزیشن سے ملتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ قاسم سوری نے تحریری بیان پڑھا کہ سازش کی اس کہانی کی بنیاد پر قرارداد کو مسترد کرتا ہوں اور ہم سے پوچھا نہیں، میں قائد حزب اختلاف چیختا رہ گیا لیکن میری بات نہیں سنی۔ انہوں نے کہا کہ اسی دوران عمران خان ٹی وی پر نمودار ہوئے اور کہا کہ اسمبلی توڑ رہا ہوں 20 منٹ کے اندر صدر پاکستان نے اسمبلی توڑنے کی سمری منظور کردی، مملکت کے بے شمار اہم معاملات صدر صاحب کے پاس ہفتوں پڑے رہتے ہیں لیکن اسمبلی توڑنے کی سمری 20 منٹ میں منظور کرلی۔

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نخوا پولیس کے بہیمانہ تشدد کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سازش پر حقیقی آزادی مانگنے والا اساتذہ کو تنخواہ مانگنے پہ پتھر مار رہا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا عمران خان کا معاشی انقلاب جو 8 سال سے خیبر پختونخوا میں مسلط ہے اساتذہ اُس کا ماتم کر رہے ہیں۔ اساتذہ پر وحشیانہ تشدد اور پتھراؤ قابل مذمت اور شرمناک ہے۔ پشاور اسمبلی چوک میں اساتذہ عمران خان کی فسطائیت اور ظلم سے نجات کے لئے حقیقی آزادی مارچ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا عمران خان نے خیبر پختونخوا میں سرکاری ملازمین کو پینشن اور تنخواہوں کی ادائیگی روک دی ہے، پرامن اساتذہ کے احتجاج کا حق برداشت نہ کرنے والا جھوٹا سازشی اسلام آباد پہ چڑھائی کرنا چاہتا ہے

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کہ ایک شخص نے اسمبلی توڑی ہوئی ہے اس کو کوئی شرم حیاء ہونی چاہیے، یہاں آکر تقریر کر رہا ہے۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صدر مملکت سمری واپس بھیجتا ہے، اسمبلی کے عہدیداروں سے حلف نہیں لیتا۔ انہوں نے کہا کہ اس شخص نے اسمبلی توڑی ہوئی ہے کوئی شرم حیاء کرنی چاہیے جس کا طرح کا اس کا لیڈر ہے اسی طرح کا یہ ہے۔

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہے کہ میں نے پارٹی کو منع کیا تھا صدر کے خطاب کا بائیکاٹ نہ کریں۔ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے صدر مملکت کے خطاب کے آغاز پر ہی مسلم لیگی اراکین کی اکثریت صدر مملکت کا خطاب سننے کی بجائے ایوان سے باہر چلی گئی اور موقف اختیار کیا کہ اس صدر نے اسمبلی توڑنے کا نوٹیفیکشن کیا تھا، اس کو کیوں سنیں؟۔ سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ میں نے پارٹی کو منع کیا تھا کہ بائیکاٹ نہ کریں، اگرچہ میں عارف علوی کو غیر آئینی قدم کی وجہ سے نہیں مانتا۔

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

یک کی رضامندی کے بغیر فرد (افراد) کے درمیان نجی گفتگو کو عام کرنا اخلاقی اور قانونی طور پر غلط ہے، پاکستان کی خواہش ہے بھارت کیساتھ دوستی اور امن ہو، خواہش کشمیر میں بھارتی اقدامات کی وجہ سے پروان نہیں چڑھ سکتی، کشمیر کے مسئلے کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کیا جانا چاہیے، پاکستان اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑا ہے اور ساتھ کھڑا رہے گا، چین کیساتھ ہمارا بہترین تعاون ہے، یہ مستقبل میں بھی جاری رہیں گے، حکومت کی امریکا سے تعلقات بہتر بنانیکی کاوشیں قابل تعریف ہیں، پاک امریکہ تعلقات مزید بہتر ہو سکتے ہیں، تمام ممالک کے ساتھ باہمی وقار اور عزت واحترام پر مبنی تعلقات کے خواہاں ہیں، جی ایس پی پلس کے حوالے سے پاکستان اور یورپی ممالک کے مابین تعاون جاری رہے گا، حرمین شریفین کی سیکورٹی اور تحفظ کیلئے ہم اپنی جانیں بھی دے سکتے ہیں، پرامن افغانستان ہمارے خطے کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ناگزیر ہے، یوکرین روس جنگ کے عالمی سطح پر بھی اثرات ہوئے اور اس کا پاکستان پر بھی اثر پڑا، مید ہے

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کر رہا ہے، مراد سعید اور غلام سرور خان کو 11 اکتوبر کو نیب میں پیش ہونے کا نوٹس بھیجا گیا ہے۔ پرویز خٹک کو 12 اکتوبر، زبیدہ جلال اور حماد اظہر کو 13 اکتوبر کو پیش ہونے کا نوٹس دیا گیا ہے۔ شفقت محمود اور شیریں مزاری کو 14 اکتوبر، خالد مقبول صدیقی اور اعجاز شاہ کو 17 اکتوبر کو نیب میں طلب کیا گیا ہے۔ علی امین گنڈا پور اور فروغ نسیم کو 18 اکتوبر جبکہ علی زیدی اور خسرو بختیار کو 19 اکتوبر کو نیب پیشی کا نوٹس دیا گیا ہے۔ اعظم سواتی اور اسد عمر کو 20 اکتوبر، عمر ایوب اور محمد میاں سومرو کو 21 اکتوبر، شیخ رشید احمد اور فواد چوہدری کو 24 اکتوبر کو نیب کے دفتر بلایا گیا ہے۔ صاحبزادہ محبوب سلطان اور فیصل واوڈا کو 25 اکتوبر کو نیب میں پیش ہونے کا نوٹس بھیجا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق عمران خان کابینہ نے رقم کی منتقلی کے بعد اس کی نجی اکاؤنٹس میں مبینہ منتقلی کی منظوری دی تھی۔

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

معاملے پر انہوں ں ے حکومت کو تحقیقات کا چیلنج دے دیا اور کہا کہ چیلنج کرتا ہوں کہ توشہ خانہ کیس کی کھلی سماعت کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہم عام انتخابات کی طرف جائیں گے، ضمنی الیکشن میں جتنی بھی دھاندلی کرلیں ہم ہی کامیاب ہوں گے۔ عمران خان نے کہا کہ لانگ مارچ زیادہ دور نہیں ہے، لانگ مارچ کے لیے پوری تیاری کے ساتھ آرہے ہیں، پہلے ہمیں پتا نہیں تھا کہ ہمارے ساتھ کیا سلوک ہوگا لیکن اب ہمیں اندازہ ہے، عوام کا سمندر لانگ مارچ میں آئے گا جسے کوئی نہیں روک سکتا۔ انہوں نے کہا کہ چیف الیکشن کمشنر نے ن لیگ سے مل کر حلقہ بندی کی، چیف الیکشن کمشنر اور جسٹس فائز عیسیٰ سے کبھی ملاقات نہیں ہوئی۔ چیف الیکشن کمشنر سیاسی انجینئرنگ کرنے والوں کا آلہ کار ہے، چیف الیکشن کمشنر کے سامنے پیش ہوکر ڈر ہے ایسا کچھ نہ کردوں کہ مجھے جیل بھیج دے۔ عمران خان نے سندھ میں سب سے بڑے انقلاب کا دعویٰ کرتے ہوئے کہا کہ انتخابات کے دوران اندرون سندھ میں سب بڑا انقلاب آئے گا، سکھر گیا تو لوگوں کے ردعمل سے لگا جیسے کشمیر آزاد ہو رہا ہو، اندرون سندھ پیپلز پارٹی اب کامیاب نہیں ہوسکتی، سندھ کا سیلاب پیپلز پارٹی کو بہا کر لے گیا ہے۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ تحریک عدم اعتماد کے بعد ٹی وی دیکھ رہا تھا نہ ہی موبائل کیوں کہ کرکٹ دور کی تربیت ہے کہ میچ ہارنے کے بعد ٹی وی دیکھو نہ اخبار پڑھو لیکن بشریٰ بی بی نے مجھے اپنے موبائل پر دکھایا کہ کتنی عوام سڑکوں پر ہے، ٹی وی پر بلیک آؤٹ تھا، سوشل میڈیا پر عوام دیکھ کر حیران رہ گیا۔

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جواب نہیں دیا اور نہ ہی کوئی بات کی اپنے پی ایس کو کہا کہ چلیں کہیں کام جانا ہے

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ بلاشبہ اسلاموفوبیا کی وجہ سے تعصب کا سامنا ہے، تعصب انسان کو حیوان بنا دیتا ہے، اسلاموفوبیا کا مقابلہ سازشی تھیوریز سے نہیں بلکہ عقل وسمجھ سے کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بغیر حکمت کے علم کو نتیجہ خیز نہیں بنایا جا سکتا، بصارت وعقل کو بروئے کار لا کر ہی انسان خود کو پہچان سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام نے دائمی امن کے جو اصول وضع کئے ہیں پوری انسانی تاریخ میں نہیں ملتے۔ احسن اقبال نے کہا کہ جب تک انفرادی صلاحیت اجتماعی کارکردگی میں شامل نہیں ہوتی ترقی ممکن نہیں، دوسروں کو برداشت کرنے کی صلاحیت پیدا کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سب سے بڑا چیلنج معاشرے سے عدم برداشت کو ختم کرنا ہے، ہماری جامعات میں تحقیقاتی عمل کو تیز کرنے کی ضرورت ہے، پاکستانی قوم کسی بھی دوسری قوم سے کم تر نہیں۔

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہم نے اپنے تمام وعدے پورے کئے ہیں اور آئندہ بھی عوامی مفادات کے تحفظ کو یقینی بنائیں گے۔

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہے، جن لوگوں پر شبہ ہے ان کی نگرانی کی جارہی ہے، جلد نتیجے پر پہنچ جائیں گے، ابھی تک اسلام آباد میں کوئی راستہ بند نہیں کیا، صدر کے رویہ کے خلاف بطور احتجاج کوئی آیا نہیں اور کوئی آکر چلا گیا ہے۔ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کے دوران صدر مملکت عارف علوی کے خطاب کے دوران بائیکاٹ کے حوالے سے سوال پر وزیر داخلہ نے کہا کہ احتجاج کی کئی وجوہات ہیں ان میں ایک وجہ صدر مملکت کا وہ غیر آئینی رویہ ہے جو انہوں نے ایک ریاست سربراہ ہوتے ہوئے اپنانے کے بجائے پی ٹی آئی کے ایک ورکر جیسا رویہ اپنایا، صدر مملکت کو چاہیے تھا جب ریاست کے سب سے بڑے عہدے پر بیٹھے ہیں ان کو اپنا رویہ اس کے مطابق رکھنا چاہیے جو انہوں نے اپنایا جس کی وجہ ہمیں احتجاج کرنا پڑا۔ وزیراعظم شہباز شریف کے اجلاس میں نہ آنے پر سوال کے جواب میں وزیر داخلہ نے کہا کہ صدر مملکت کے رویہ پر بطور احتجاج کوئی آیا نہیں اور کوئی آکر چلا گیا ہے۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ مجھے نہیں معلوم صدر مملکت نے فی البدیہ تقریر کی ہے یا گورنمنٹ کی طرف سے دی گئی ہے لیکن رولز یہی کہتے ہیں صدر مملکت وہی تقریر کرتے ہیں جو گورنمنٹ سے منظور ہوتی ہے۔ تحریک انصاف کے ممکنہ لانگ مارچ کے حوالے سے سوال پر انہوں نے کہا کہ ابھی تک راستے بند نہیں کئے گئے، کنٹینرز کا انتظام ضرور کیا گیا ہے اگر کوئی راستہ بند ہے تو بتایا جائے اسے فوراً کھلواتے ہیں۔ وزیراعظم ہاؤس میں آڈیو لیکس کے حوالے سے سوال پر انہوں نے کہا کہ معاملے کی انکوائری بھی ہو رہی ہے اور کمیٹی کی میٹنگز بھی ہو رہی ہیں اور اس کی ابتدائی رپورٹ وزیراعظم کو پیش کر چکے ہیں تفصیلی رپورٹ میں بہت سارے پہلو ہیں جو پیش کرنا باقی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آڈیو لیکس کے پیچھے کوئی لمبے چوڑے عناصر نہیں ہیں، ڈیوائس کے وہاں پر رکھے جانے کے زیادہ امکانات ہیں اور اس بارے میں کوئی ملازم بھی ہوسکتا ہے، جن لوگوں پر شبہ ہے ان کی نگرانی کی جارہی ہے، جلد صحیح نتیجے پر پہنچیں گے۔

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

حکومت میں شامل اتحادیوں بلکہ حزب اختلاف کو بھی خوش اسلوبی کے ساتھ لے کر چل رہے ہیں انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک مشکل سیاسی اور معاشی صورتحال سے گزر رہا ہے لیکن ان تمام مشکلات کے باوجود وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سیلاب متاثرین کی امداد و بحالی میں پوری طرح سے مصروف عمل ہیں اور ان کی پوری توجہ نہ صرف متاثرین کی امداد پر ہے بلکہ وہ امداد اور ریلیف کے ساتھ ساتھ متاثرین کی دوبارہ بحالی کے لیے بھی بھرپور انداز سے کوشاں ہیں انہوں نے کہا کہ سیلابی بارشوں نے بلوچستان کے 90 فیصد رقبے کو متاثر کیا ہے اور کئی متاثرہ اضلاع میں زراعت اور کاروبار زندگی مکمل طور پر تباہ ہوگئے ہیں لیکن حکومت اپنے محدود وسائل کے باوجود تمام متاثرین کو امداد اور ریلیف کی فراہمی میں پوری طرح سے مصروف ہے پی ڈی ایم اے اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ ساتھ امداد اور ریلیف کے کاموں میں پاک فوج بھی انتہائی اہم کردار ادا کر رہی ہے پاک فوج کے جوان اور افسران متاثرہ اضلاع میں ہمہ وقت موجود ہیں اور پاک فوج کی جانب سے ریلیف آپریشن کی نگرانی کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور خود کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ متاثرین کو حکومت کی جانب سے ضروریات زندگی کی فراہمی جاری ہے متاثرہ علاقوں میں وبائی امراض سے بچاؤ کے لیے طبی ٹیمیں میں بھی موجود ہیں اور محکمہ صحت کا عملہ متاثرہ اضلاع میں حفاظتی جاتی ویکسینیشن بھی کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ یہ وقت تمام سیاسی اختلافات بھلا کر سیلاب متاثرین کی امداد و بحالی اور دادرسی کے ساتھ ساتھ اس تاثر کو فروغ دینے کا ہے کہ امتحان اور آزمائش کی گھڑی میں ہم سب ایک ہیں۔

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سبھی محمد اسلم بھوتانی کو آج ملاقات کے لئے طلب کیا ہے، ملاقات میں رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی اپنے حلقہ گوادر لسبیلہ اور حب کے مسائل سے متعلق وزیر اعظم کو آگاہ کریں گے۔

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

حتمی انتخابی فہرستیں " 7 اکتوبر سے شائع کردی جائیں گی۔ یہ انتخابی فہرستیں سیکشن 27 آف الیکشنز ایکٹ 2017 کی روشنی میں گھر گھر تصدیقی عمل اور ڈسپلے سینٹرز کے مرحلوں کے بعد مرتب کی گئی ہیں۔ یہاں یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ الیکشنز ایکٹ 2017 کی سیکشن 35 کے تحت شائع ہونے ان انتخابی فہرستوں میں اب سیکشن 37 کے تحت ووٹوں کے نئے اندراجات، تصحیح، تبدیلی یا حذف کا عمل بھی شروع ہوجائے گا لہٰذا عوام الناس سے اپیل ہے کہ وہ اپنے ووٹ کو 8300 پر چیک کریں اور اگر ان کے ووٹ کا اندراج، درستگی یا تبدیلی مطلوب ہے تو اپنے متعلقہ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر (رجسٹریشن آفیسر) یا قریبی اسسٹنٹ رجسٹریشن آفیسر کے دفتر سے متعلقہ فارم حاصل کر کے وہیں جمع کروا سکتے ہیں۔ اس مقصد کیلئے بلوچستان بھر میں 34 رجسٹریشن آفیسرز یعنی ضلعی الیکشن کمشنرز کے دفاتر میں ون ونڈو سینٹرز جبکہ 261 اسسٹنٹ رجسٹریشن آفیسرز کے دفاتر میں " سہولت مراکز " قائم کردیئے گئے ہیں جن کی تفصیلات الیکشن کمیشن آف پاکستان کی ویب سائٹ www.ecp.gov.pk پر دیکھی جا سکتی ہیں۔ یہ بھی واضح رہے کہ ان انتخابی فہرستوں میں ناموں کے اندراجات، تصحیح، منتقلی یا حذف کرانے کا عمل الیکشن شیڈول آنے سے قبل تک جاری رہے گا۔

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بیان کے بعد افواہیں ختم ہوگئیں۔ اب فوری الیکشن ہونے چاہییں۔ حکومت اسلام آباد کے 25 لاکھ لوگوں کو قلعہ بند کریگی تو لوگ اسلام آباد کے اندر اور مارگلہ کی پہاڑیوں سے نکلیں گے۔ سابق وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ بیلٹ کیمقابلے میں بلٹ کا استعمال سارے ملک میں سیاسی آگ لگا دیگا۔ تباہ حال معیشت خطرناک بحران میں داخل ہوجائیگی۔ اسلام آباد کیلوگوں یمحصور ہونے کیخوف سے گھروں میں راشن ڈالنا شروع کردیا ہے۔ شیخ رشید نے مزید کہا کہ وزرا کی تعداد 75، جن میں 22 بنحکمہ ہیں۔ کنٹینرز راستے نہیں روک سکتے۔ فوج بلانے اور آرٹیکل 245 لگانے کا خواب دیکھنا چھوڑ دیں۔ عظیم فوج کبھی اپنے لوگوں پر گولی نہیں چلائیگی۔ مذاکرات کی میز پر لائیگی اور صاف شفاف الیکشن کرائیگی۔

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مملکت کے خطاب پر وزیروں کے بیانات سے ظاہر ہے کہ یہ ٹولہ اخلاقیات سے کس قدر عاری اور محروم ہے۔ سابق وزیر نے کہا کہ صدر مملکت کے پارلیمان سے خطاب کی نہایت تاریخی اور دستوری اہمیت ہے، صدر مملکت کا خطاب تہذیب، شائستگی اور جامعیت کا مرقع تھا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں لاقانونیت کے فروغ کیلئے کمربستہ گروہ ہر جمہوری و دستوری روایت پامال کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاست، جمہوریت اور حکومت کا ان مجرموں کے ہاتھوں میں گر جانا نہایت بدقسمتی ہے۔ فواد چودھری نے کہا کہ دفاع کے وزیر کو اقامہ رکھتے ہوئے شرم نہیں آئی، اب اس سے حیا کی توقع کیسے کرسکتے ہیں، پارلیمان ہی کیا یہ شخص سرِ عام اداروں خصوصاً عسکری اداروں اور قیادت کے بارے میں بدزبانی کرتا رہا۔ انہوں نے کہا کہ دوسرے وزیر کے ہاتھ ماڈل ٹاؤن کے معصوموں کے خون سے رنگے ہوئے ہیں۔ سابق وزیر نے کہا کہ آئین وقانون ہی نہیں سماجی اخلاقیات کو بچانا ہے تو بیشرموں کے اس گروہ کو سیاست وحکومت سے الگ کرنا ہوگا، قوم فیصلہ کر بیٹھی، جس روز انتخاب ہوں گے، سیاسی وحکومتی نظام ان آلائشوں سے پاک ہوگا۔

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

، ملک کی آبادی کا ایک بہت بڑا حصہ اس قدرتی آفت کو جھیل رہا ہے، بلوچستان کے پہاڑی علاقوں کا پانی تاحال سندھ میں داخل ہو رہا ہے۔ زیرِ آب آنے والے علاقوں میں سے 50 فیصد علاقوں سے پانی کا اخراج ہو چکا ہے، جبکہ باقی علاقے تاحال زیرِ آب ہیں۔ خیر پور ناتھن شاہ اور دیگر علاقوں کا دورہ کیا جائے تو سڑکوں کی دونوں جانب سمندر ہی سمندر ہے۔ یہ سیلاب ماضی کی طرح دریا کی وجہ سے نہیں آیا، بلکہ آسمان سے برسنے والی رکارڈ بارش کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ رکارڈ بارشوں کی وجہ سے 3 کروڑ 30 لاکھ شہری متاثر ہوئے ہیں، جو آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کی کل آبادی سے زیادہ ہیں۔ یورپ کے کئی ممالک کو اکٹھا کیا جائے، تو بھی پاکستان کے سیلاب متاثرین کی تعداد ان سے زیادہ ہوگی۔ وزیرِ خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے بتایا کہ اقوام متحدہ کے حالیہ دورے کے دوران انہوں نے اپنے ایک ہم منصب سے پوچھا کہ اگر راتوں رات آپ کے ملک کی 90 فیصد آبادی قدرتی آفت سے متاثر ہو، تو کیا آپ ان کو سنبھال سکو گے، تو اس کے جواب میں اس وزیرِ خارجہ نے کہا کہ اتنی بڑی آبادی کو سنبھالنا ان کے لیے ممکن نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برداری کی جانب سے بہت امداد مل رہی، لیکن متاثرین کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ ایک طرف ایک تہائی ملک ڈوبا ہوا، لیکن چند ٹی وی چینلز کو دیکھیں یا اسلام آباد کی جانب تھوڑا آگے جائیں تو ایسا لگتا ہے کہ وہاں ایک الگ ہی ملک ہے۔ سیلاب کی وجہ سے کورونا سے زیادہ معیشت پر اثر پڑا ہے۔ 40 لاکھ ایکڑ زمین پر کھڑی زرعی فصلیں زیرِ آب آچکی ہیں، جس کی وجہ سے فوڈ سیکورٹی کا مسئلہ درپیش ہے۔ انہوں نے کہا کہ پانی نکلنے کے بعد ہی اصل نقصان کا اندازہ ہو سکے گا۔ اس وقت بلوچستان میں ایک لاکھ 10 ہزار ایکڑ زمین زیرِ آب ہے۔ ہمارا اندازہ ہے کہ ملک میں سیلاب کی وجہ سے 30 ارب ڈالرز کا نقصان ہوا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ اس قدرتی آفت کو اسی طرح لیا جائے، جتنی اس کی شدت ہے۔ یہ نہیں ہوسکتا کہ پاکستان کا ایک حصہ جو ڈوبا ہوا ہے، وہ بھلے سے ڈوب جائے، لیکن ایک سیاستدان اپنی سیاست چمکاتا رہے، الیکشن لڑتا رہے گا اور اپنے سیاسی کھیل کھیلتا رہے۔

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

5 دن میں مطمئن کریں کہ کیا آپ واپس جانا چاہتے ہیں؟، عدالت کو پارلیمنٹ کا احترام ہے، سیاسی جھگڑے دور کرنے کی جگہ پارلیمنٹ ہے، جن کے استعفے منظور نہیں ہوئے انہیں پارلیمنٹ میں ہونا چاہیے، پارلیمنٹ کی بہت بے توقیری ہوگئی ہے، جمہوریت کا مذاق نہ بنائیں۔ جمعرات کو سماعت شروع ہوئی تو پی ٹی آئی کے مستعفی ارکانِ اسمبلی کے وکیل بیرسٹر علی ظفر عدالت میں پیش ہوئے۔ دورانِ سماعت چیف جسٹس اطہر من اللہ نے ریمارکس میں کہا کہ عدالت کو پارلیمنٹ کا احترام ہے، اس سے قبل بھی ایک پٹیشن دائر کی گئی تھی، کیا یہ سیاسی جماعت کی پالیسی ہے؟ چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ نے کہا کہ ابھی تک باقیوں کے استعفے ہی منظور نہیں ہوئے، عوام نے بھروسہ کر کے نمائندوں کو پارلیمنٹ بھجوایا ہے

بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ٹ۔ محکمہ صحت بلوچستان کے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں نصیر آباد، جعفر آباد، صحبت پور، جھل مگسی، سبی، کچھی میں ملیریا کے 1918، سانس کے امراض کے 896، جلد کے امراض کے 554، اسہال کے 325، ہیضہ کے 525، ٹائیفائیڈ کے 162، آنکھوں کے انفکیشن کے 136 جبکہ بلڈ پریشر، شوگر سمیت دیگر امراض کے 905 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق محکمہ صحت کی جانب سے سیلاب متاثرہ علاقوں میں 13 میڈیکل کیمپس لگائے گئے جن میں 5429 افراد کو طبی سہولیات فراہم کی گئیں۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ ایک ہفتے کے دوران مختلف امراض کے 50 ہزار 2 سو 95 کیسز رپورٹ ہوئے۔

بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

گئے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع لسبیلہ کے صنعتی شہر حب سے کراچی (لی مارکیٹ) جانے والی مسافر کوچ کوسٹر حب ندی کے متبادل راستے پر رینجرز چیک پوسٹ کے قریب الٹ گئی جس کے نتیجے میں ایک شخص حیدر علی ولدیت غوث بخش جاں بحق جبکہ زخمیوں میں عبدالجبار ولدیت عبدالغفار عمر 36 سال، آصف علی ولدیت عبدالخالق، سلیم ولدیت حمزہ عمر 50، قاضی نظام الدین رونجھو، محمد سلیم شامل ہیں۔ لیویز کے جوانوں نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو ریسکیو کر کے جام غلام قادر ٹیچنگ ہسپتال حب منتقل کردیا ہے جہاں سے شدید زخمیوں کو کراچی ریفر کردیا، مزید کاروائی جاری ہے۔

بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کی بجائے معیارات کو کم کرنے کی ریت اپنائی جا رہی ہے۔ عدالت عظمیٰ کی سب سے ذمہ دار شخصیت کے طے شدہ قانون پر ریمارکس نے معاشرے کی اخلاقی دیواروں کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ قرآن کا حکم ہے کہ مومنو! اللہ سے ڈرو اور صادقین کا ساتھ دو۔ خود حضورؐ نے حضرت ابوبکرؓ کو صدیق اور ابوعبیدہ ابن الجراحؓ کو امین الامت کا خطاب دیا۔ قوم حیران ہے کہ ہماری عدالتیں 180 ڈگری کا یوٹرن لینے پر کیوں مجبور ہو جاتی ہیں اور متعدد کیسز میں حکومتیں بدلنے سے عدالتی فیصلے بھی بدل جاتے ہیں۔ اسی طرح ایک ہی طرح کے کیسز میں عدالتوں کے فیصلے مختلف ہیں۔ منصورہ سے جاری بیان میں امیر جماعت نے کہا کہ حضور پاکؐ انسانیت کی معراج ہیں اور ہر مسلمان پر فرض ہے کہ ان کے اسوۂ حسنہ کی پیروی کرے۔ فی الوقت 62 ون ایف کے مطابق ایسے لوگ ہماری پارلیمنٹ کے رکن نہیں بن سکتے جو صادق اور امین نہ ہوں۔ ہمارا یقین ہے کہ آئین اور قانون میں کوئی خامی نہیں، ہم چاہتے ہیں کہ جج بغیر کسی دباؤ کے فیصلے کریں، قوم رہنمائی کے لیے عدالتوں کی جانب دیکھتی ہے۔ آئین وقانون کی بالادستی سے ہی ملک ترقی کرے گا۔

بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

میں تین رکنی بنچ نے ریکوڈک منصوبے میں کرپشن سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی جس میں عدالت نے ریکوڈک منصوبے میں کرپشن کے ملزمان کو 60 دن میں احتساب عدالت سے رجوع کرنے کا حکم دے دیا۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے ریکوڈک منصوبے میں کرپشن کے ملزمان کی ضمانتوں کا بلوچستان ہائیکورٹ فیصلہ کالعدم قرار دے دیا اور نیب کو ملزمان کو 60 دن تک گرفتار کرنے سے روک دیا۔ چیف جسٹس پاکستان نے کہا کہ ہائیکورٹ نے فیصلے میں 2 ملزمان کو ضمانت بعد از گرفتاری جبکہ 8 ملزمان کو ضمانت قبل از گرفتاری دی لیکن فیصلے میں ضمانت دینے کی وجوہات نہیں بتائی گئیں۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے کہا کہ ضمانت کے قوانین اب بدل چکے ہیں، سپریم کورٹ قرار دے چکی ہے کہ حقائق کے درست جائزے کے بغیر ضمانت قبل از گرفتاری نہیں ہوسکتی۔ انہوں نے سماعت کے دوران ریمارکس دیئے کہ ملزمان کو جیل کی سلاخوں کے پیچھے نہیں، مناسب فورم پر فیصلے کے لیے بھیج رہے ہیں کیوں کہ نیب قوانین میں ترامیم کے بعد ضمانتوں کا اختیار اب احتساب عدالت کے پاس ہے۔ واضح رہے کہ بلوچستان ہائیکورٹ نے نیب کے دائر کردہ کرپشن ریفرنس میں ریکوڈک منصوبے کے ملازمین اور کنٹریکٹرز کو ضمانت دی تھی جس کے بعد نیب نے بلوچستان ہائیکورٹ کے فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ سے رجوع کیا تھا۔

بقیہ 23 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بغیر ممکن نہیں، ہماری کوشش ہیں کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارتی تعلقات کو مزید مستحکم کیا جائے اس سلسلے میں ہر ممکن تعاون کے لئے تیار ہیں، ایران پاکستان برادر اسلامی ہمسایہ ممالک ہیں اور دونوں ممالک کی قدیم دوستی ہے۔ یہ بات انہوں نے پاک ایران مشترکہ چیمبر کی نومنتخب کابینہ کی تقریب حلف برداری کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پاک ایران مشترکہ چیمبر کے پیٹرن انچیف جمعہ خان، چیئرمین ولی محمد، نومنتخب صدر حمد اللہ ترین، سنئیر نائب صدر سید متین آغا، نائب صدر اسد نورزئی سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ حسن درویش وندنے کہا کہ قانونی تجارت ہی دونوں ممالک کیمعاشی ترقی میں اپنا حصہ ڈال سکتی ہے کاروباری برادری کو چاہیے کہ وہ قانونی تجارت کریں انہیں ہر ممکن سہولیات فراہم کریں گے۔ انہوں نے پاک ایران مشترکہ چیمبر کی نئی کابینہ سے ملاقات پر خوشی کا ظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایران پاکستان کے ساتھ مقرر کردہ تجارتی اہداف کا حصول چاہتا ہے اس سلسلے میں دونوں ممالک کے بزنس چیمبرز، صنعت وتجارت سے وابستہ افراد کا باہمی تعاون از حد ضروری ہے کیونکہ اس کے بغیر تجارتی اہداف کا حصول محض ایک خواب ہی ہوگا، ہماری کوشش ہے کہ دونوں برادر اسلامی ہمسائیہ ممالک کے درمیان تجارتی تعلقات مزید مستحکم ہو اس سلسلے میں ایرانی حکومت ہر ممکن تعاون کے لئے ہمہ وقت تیار ہے بزنس کمیونٹی کو اگر ایران میں کسی بھی قسم کی کوئی مشکل حائل ہو تو فوراً براہ راست مجھ سے رابطہ کریں ازالہ کے لئے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔

بقیہ 24 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

لدلعل بخش سکنہ ڈسٹرکٹ جل مگسی نامی ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے آتشی اسلحہ، میگزینز اور گولیاں برآمد کرلیں۔ پولیس کے مطابق کاروائی کے دوران ملزم کی جانب سے پولیس فائرنگ بھی کی لیکن خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ مزید کاروائی جاری ہے۔

بقیہ 25 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سلام سے وابستہ وفود سے اپنی ملاقاتوں میں کیا' وفود میں پارٹی قائدین اور کارکنوں کی کثیر تعداد موجود تھی جن میں سینیٹر سائیں فیض محمد' ایم پی اے نعیمہ کشور' سابق ایم پی اے شاہ حسین خان' عماد خان آف شانگلہ سمیت کئی دیگر قائدین شامل تھے' وفاقی وزیر اسعد محمود نے وفود کو یقین دلایا کہ وہ انہیں قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور ان کے بتائے ہوئے مسائل کے حل میں گہری دلچسپی رکھتے ہیں' وفاقی وزیر نے پارٹی قائدین اور کارکنوں کو حالیہ سیلاب کے دوران ہونے والے شدید نقصانات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ تمام تر دشواریوں کے باوجود وہ اور چ

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار

Daily SAHAFAT Quetta

روزنامہ صحافت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر ملک نعیم خان کاکڑ

صفحات 8

دینی مدارس ہی اسلام کو پھیلانے اور اسلامی اقدار کی جڑیں مضبوط رکھتے ہیں، مولانا عبیداللہ

عوام اللہ تعالیٰ کے عذابوں سے بچنے کیلئے اپنا توجہ اللہ تعالیٰ کی طرف کریں، مملکت خداداد پاکستان میں علماء نے ہر قسم ناجائز بلوں کو مسترد کر کے عوام کی ترجمانی کی، علماء ومشائخ

دینی مدارس ہی وہ واحد فلیٹ فارم ہے جو دین شعبہ کیلئے خواہ وہ تبلیغ دین ہو، وہ سیاست مدنی ہو، وہ تصوف ہو، وہ جہاد فی سبیل اللہ ہو یعنی دین کی ہر شعبہ کیلئے ایک منظم فیکٹری کا کام دیتی ہے

مسلم باغ (نامہ نگار) مدرسہ عربیہ دارالہدیٰ کلی راغہ باکلزئی مسلم باغ دوسرا سالانہ جلسہ دستار بندی حفاظ کرام کا زیر صدارت مہتمم مدرسہ مولانا محمد اسلم منعقد ہوگی شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالصمد آغا شیخ الحدیث استاذ علماء حضرت مولانا عبیداللہ مولانا حافظ احمد علی. خطیب جامعہ مسجد کان مھتر زئی مولانا عین الدین مولوی عبدالمتین دستار فضیلت کانفرنس نے اپنے خطابات میں کہا کہ دینی مدارس ہی وہ واحد فلیٹ فارم ہے جو دین شعبہ کیلئے خواہ وہ تبلیغ دین ہو، وہ سیاست مدنی ہو، وہ تصوف ہو، وہ جہاد فی سبیل اللہ ہو یعنی دین کی ہر شعبہ کیلئے ایک منظم فیکٹری کا کام دیتی ہے فیکٹریاں جو چیز تیار کر دیتی ہے تو ہر طبقے کے کیلئے وہ کام دیتی ہے اور مزید کہا کہ عوام الناس سیلاب کے بعد ادھر ادھر اپنے توجہات نہ گمائیں اپنا توجہ اللہ تعالیٰ کی طرف کریں یعنی نجات صرف اسی ایک توجہ میں مضمر ہے نمازیں پڑھیں رات کو سونے سے پہلے والے اعمال زندہ کریں راتوں کو اللہ کی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 24)

خانوزئی پاکستان پیپلز پارٹی تحصیل نانا صاحب کا بینہ اجلاس کے صدارت حاجی عبدالطیف کاکڑ کر رہے ہیں

دالبندین میں انتظامیہ کی جانب سے ربیع الاول کے جلوس میں رکاوٹ قابل قبول نہیں، تحریک لبیک اسلام

ربیع الاول کے جلوس میں شرکت کرنے پر کسی قسم کی قدغن لگانے کو کسی طور قبول نہیں کیا جائے گا، صوبائی ترجمان

کوئٹہ (پ ر) تحریک لبیک اسلام کے صوبائی ترجمان علامہ مفتی فرید احمد ساسولی، تحریک لبیک اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عمران عباسی، تحریک لبیک اسلام ضلع کوئٹہ کے نائب امیر مولانا بابر یوسف قادری، تحریک لبیک اسلام کے صوبائی رہنما مفتی علی اعظم جلالی، ودیگر نے کہا ہے کہ ربیع الاول شریف کی مناسبت سے پورے دنیا میں جلوس و مجالس کا انعقاد کیا جاتا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 27)

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام میں دو ہزار روپے کا طریقہ کار درست کیا جائے، حافظ امین اللہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت طلبا اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ امین اللہ جنرل سیکرٹری حافظ سمیع اللہ حافظ بشیر احمد نظریاتی عزیز الحق درویش ذبیح اللہ نصیب خان عبدالظاہر محمد عیسیٰ ودیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ کو (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 26)

بلوچستان میں سیلاب متاثرین کا کوئی پرسان حال نہیں، ایم کیو ایم بلوچستان

حکمران اقتدار کی رسہ کشی میں مصروف ہیں کمشنر اور تحصیل دار نصیر آباد کے رویے کا نوٹس نہ لیا گیا تو بلوچستان اسمبلی کے باہر دھرنا دیا جائے گا

صوبے پر مسلط حکمران کو متاثرین کی کوئی فکر نہیں وہ حکومتی جوڑ توڑ میں لگے ہیں کرپشن کا راج ہے بلوچستان میں کمیشن ایجنٹوں کی حکمرانی ہے

کوئٹہ (آن لائن) ایم کیو ایم بلوچستان کے صوبائی صدر ملک عمران کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں سیلاب متاثرین کا کوئی پرسان حال نہیں حکمران اقتدار کی رسہ کشی میں مصروف ہیں کمشنر اور تحصیل دار نصیر آباد کے رویے کا نوٹس نہ لیا گیا تو بلوچستان اسمبلی کے باہر دھرنا دیا جائے گا صوبے پر مسلط حکمران کو متاثرین کی کوئی فکر نہیں وہ حکومتی جوڑ توڑ میں لگے ہیں کرپشن کا راج ہے بلوچستان میں کمیشن ایجنٹوں کی حکمرانی ہے ایم کیو ایم محدود وسائل میں عوام کو ریلیف دی رہی ہے بات انہوں نے نائب صدر میر امداد مریا حمد مینگل ودیگر کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ اگست میں آنے والے سیلاب نے اسی فیصد بنیادی ڈھانچے کو تباہ کر دیا ہے صوبے پر مسلط حکمرا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 25)

کستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے مرکزی ترجمان وجمعیت علماء اسلام پاکستان کے رہنماء مولانا حافظ حمداللہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

عمران خان کی خارجہ پالیسی میں ملک تنہا رہ گیا، مولانا حافظ حمداللہ

عمران خان ملکی سالمیت ومعیشت کے لئے خطرناک ثابت ہوگا عمران رجیم نے ملک پر منتخب حکومت نہ کی وہ منتخب وزیراعظم نہیں بیساکھیوں پر آر ٹی ایس سسٹم سے مسلط کیا گیا

عمران خان نے اپنی ڈیڑھ انچ کی سیاسی پارٹی کو بچانے کے لئے آئی ایم ایف کے معاہدوں کیخلاف ورزی کی اور ملک کی معیشت کو ڈبو دیا

کوئٹہ (پ ر) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے مرکزی ترجمان و جمعیت علماء اسلام پاکستان کے رہنماء مولانا حافظ حمداللہ نے کہا ہے کہ عمران رجیم نے ملک پر منتخب حکومت نہ کی وہ منتخب وزیراعظم نہیں بیساکھیوں پر آر ٹی ایس سسٹم سے مسلط کیا گیا، مولانا فضل الرحمٰن کہتے رہے کہ 25 جولائی رجیم اور عمران خان کو تسلیم نہیں کرتے، عمران خان ملکی سالمیت و معیشت کے لئے خطرناک ثابت ہوگا، عمران خان نے اپنی ڈیڑھ انچ کی سیاسی پارٹی کو بچانے کے لئے آئی ایم ایف کے معاہدوں کیخلاف ورزی کی اور ملک کی معیشت کو ڈبو دیا، پی ڈی ایم نے اپنی سیاست کو پاؤں تلے روند کر ریاست کو سری لنکا بنانے سے بچا لیا یہی فرق ہے آج وعمران خان کی حکومت میں ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایجوکیشن یونیورسٹی لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ مولانا حافظ حمداللہ نے کہا کہ عمران رجیم نے ملک پر منتخب حکومت نہ کی وہ منتخب وزیراعظم نہیں بیساکھیوں پر آر ٹی ایس سسٹم سے ملک پر مسلط کیا گیا، مولانا فضل الرحمٰن کہتے رہے 25 جولائی رجیم اور عمران خان کو تسلیم نہیں کرتے، پہلے کہہ دیا تھا کہ عمران خان ملکی سالمیت و معیشت کے لئے خطرناک ثابت ہوگا، چار سال ہی ڈی ایم جماعتیں سڑکوں پر رہی جے یو آئی نے آزادی مارچ کیا آخر کار تحریک عدم اعتماد کے نتیجے میں قوم کو عمران رجیم سے چھٹکارا ملا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی خارجہ پالیسی میں ملک تنہا رہ گیا دوست ممالک کام کرنے کیلئے تیار نہیں تھے، سب سے بڑا بلنڈر آئی ایم ایف سے معاہدہ کر کے گورنر سٹیٹ بینک کو پاور فل بنایا کہ وہ حکومت کو جواب دہ نہیں تھا، عمران خان نے ملک کو آئی ایم ا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 28)

5 اکتوبر کو ٹیچرز ڈے پر پورے پاکستان کے علماء واساتذہ کو خرج تحسین پیش کرتا ہوں، عطاء شاہ

اگر استاذ کی عظمت کو اہمیت نہیں دی گئی تو ہم بحیثیت قوم تباہ وبرباد ہو جائینگے

لورالائی (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی مجلس عمومی کے رکن مولانا عطاء شاہ بخاری ایڈوکیٹ نے کہا ہے کہ 5 اکتوبر کو ٹیچرز ڈے پر پورے پاکستان کے علماء واساتذہ کو خرج تحسین پیش کرتا ہوں، استاد کی عظمت کو جو خصوصی مقام دیا گیا ہے وہ کسی مذہب اور قانون میں نہیں ہے، دینی مدارس کے طلباء اپنے استاد کی بڑی قدر کرتے ہیں اس لئے وہ آج کامیاب ہیں دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کرنی ہے تو استاد کی عزت کرنا شروع کریں۔ یہ بات انہوں نے کلی گرمی میں مدرسہ خیرا مدارس میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ استا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 51)

سابق ایم بی آر نوابزادہ محمد فاروق جوگیزئی انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی نائب صدر نوابزادہ شریف جوگیزئی کے چچا زاد بھائی سابق ایم بی آر نوابزادہ محمد فاروق جوگیزئی انتقال کر گئے وہ مرحوم نوابزادہ احمد (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 50)

جے ٹی آئی نوجوانوں کیلئے ذہنی، اخلاقی، سماجی، نظریاتی اور سیاسی تربیت گاہ ہے، محمد محی الدین

جانثاران جمعیت طلباء اسلام 15 مفتی محمود کانفرنس اسلام آباد کے لئے پرعزم رہیں، حافظ حبیب اللہ

پشین (نامہ نگار) جمعیت طلباء اسلام ضلع پشین کے صدر حافظ حبیب اللہ اور ناظم عمومی محمد محی الدین، حافظ عبدالولی، خلیل احمد اخندزادہ، سیف الرحمٰن، عبدالرحمٰن، محمد عباس طلبگار، معاذ الرحمٰن، امین اللہ صفدر، نقیب اللہ ساگر، عنایت اللہ، اور دیگر نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ 15 اکتوبر 2022 کو اسلام آباد میں جمعیت طلباء اسلام پاکستان کے زیر اہتمام ہونے والے مفتی محمود کانفرنس کے لیے تیاریاں تیز کریں جمعیت طلباء اسلام تحصیل نانا صاحب پشین کے تمام یونٹوں کی تنظیمیں بالائی سرپرست جماعت کے ساتھ مشاورت ومعاونت (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 29)

اللہ پاک نے اپنے پیارے اور آخری نبی ﷺ کو وہ حسن وجمال عطا فرمایا کہ جس کی مثال نہیں ملتی، شاہد مدنی عطاری

اوتھل (نمائندہ صحافت کوئٹہ) دعوت اسلامی کیزیر اہتمام لسبیلہ کے ساحلی علاقے ڈام بندر میں جشن عید میلاد النبی ء کے سلسلے میں عظیم الشان جلوس میلاد کشتیوں پر سمندر میں سرکار کی آمد مرحبا کی دھومیں مچاتا ہوا نکالا گیا، جلوس کے شرکاء نے کشتیوں میں سوار ہو کر کھلے سمندر میں پیغمبر اسلام رحمت العالمین نبی رحمت (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 30)

سندھ کے لوگ مختلف مرضوں کا شکار ہو چکے ہیں، خلیل الرحمٰن شیخ

غریب افراد بوکھ وبدحالی کا شکار ہیں اسپتالوں میں ڈاکٹرز موجود نہیں ہیں

سکھر (کاشف یامین) دعاء عوام ویلفیئر فاؤنڈیشن آف پاکستان کے مرکزی چیئرمین خلیل الرحمٰن شیخ نے کراچی کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا دورہ کے دوران مختلف شخصیات سے ملاقاتیں بھی کی جن میں محترم شہزاد عمرانی محترم ایڈووکیٹ امتیاز علی مزاری محترم ایڈووکیٹ محمد عمر بروہی محترم آغا اعجاز علی خان صاحب محترمہ ڈاکٹر یمنا آغا اعجاز صاحبہ محترم غلام رسول عمرانی صاحب محترم ذیشان سکندر سومرو صاحب محترم علی حسن شیخ محترم شاہنواز شیخ محترم شوکت علی بھٹی صاحب کے علاوہ سید ناصر حسین شاہ رضوی سے علی ہاؤس پر اہم ملاقات کی اس موقع پر خلیل الرحمٰن شیخ نے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 31)

جمعیت لائرز فورم بلوچستان کی کامیابی جے یو آئی پر اعتماد کا مظہر ہے، ایڈووکیٹ محمد ادریس

انشاء اللہ جمعیت لائرز فورم میں شامل وکلاء آئین وقانون بالادستی کی خاطر جدوجہد جاری رکھیں گے

نصیر آباد (محمد سلیم رند) جمعیت لائرز فورم بلوچستان کے ڈپٹی سیکریٹری اطلاعات ایڈووکیٹ محمد ادریس نے کہا میں جمعیت علمائے اسلام پاکستان (ف) بلوچستان کے صوبائی عہدیداروں اور لائرز فورم بلوچستان کے عہدیداران کا میں تہے دل سے مشکور ہوں جنہوں نے مجھ پر اعتماد کر کے صوبائی کابینہ لائرز فورم بلوچستان میں بطور ڈپٹی سیکریٹری اطلاعات کا منصب سونپا ہم جمعیت لائرز فارم بلوچستان کو مضبوطی کے خاطر اپنے فرائض منصبی کو سرانجام دیکر اپنے اپنے تمام تر بصلاحیتوں کو بروئے کار ہر قدم پر لمحہ مظلوم عوام کے خاطر انصاف فراہمی کے لیے لڑتے رہے گے اور انصاف کی بالادستی قائم کرنے کے لیے جہدوجہد جاری رکھے گے انہوں نے کہا جمعیت لائرز فو (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 48)

غربت کی وجہ سے کافی بچے تعلیم سے محروم ہو جاتے ہیں، مٹھا خان کاکڑ

ژوب ڈگری کالج میں 70 سال تک کسی نے کام نہیں کیا میں نے ڈگری کالج ژوب کیلئے 13 کروڑ کی لاگت سے نئے بلاک کا آغاز کیا

ژوب بوائز ڈگری کالج 5 لاکھ کی آبادی کیلئے واحد کالج ہے، جہاں ژوب کے علاوہ شیرانی کے طالب علم بھی تعلیم حاصل کر رہے ہیں

ژوب (آن لائن) رکن صوبائی اسمبلی حاجی مٹھا خان کاکڑ نے ڈگری کالج ژوب اور ماڈل ہائی سکول ژوب میں ایم پی اے کے فنڈ سے بننے والے کاموں کا دورہ کیا۔ حاجی مٹھا خان کاکڑ نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ژوب ڈگری کالج میں 70 سال تک کسی نے کام نہیں کیا میں نے ڈگری کالج ژوب کیلئے 13 کروڑ کی لاگت سے نئے بلاک کا آغاز کیا۔ ژوب بوائز ڈگری کالج 5 لاکھ کی آبادی کیلئے واحد کالج ہے۔ جہاں ژوب کے علاوہ شیرانی کے طالب علم بھی تعلیم حاصل کر رہے ہیں میرے آنے کے بعد اپنے منشور کے مطابق تعلیم کو روز اول سے ترجیحی بنیادوں پر رکھا ہوا ہے۔ تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے۔ ہمارے اس پسماندہ علاقے میں غربت کی وجہ سے تعلیم کا حصول مشکل ہونے کی وجہ سے کافی بچے تعلیم (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 49)

جدید چیلنجز سے نمٹنے کیلئے ہمیں نئی نسل کو تعلیم یافتہ بنانا ہوگا، ایس پی زیارت

کسی بھی ملک وقوم کی ترقی تعلیم یافتہ نوجوان کی صلاحیتوں سے ممکن ہوتی ہے

سبی (اللہ داد رند) کسی بھی ملک وقوم کی ترقی تعلیم یافتہ نوجوان کی صلاحیتوں سے ممکن ہوتی ہے جدید چیلنجز سے نمٹنے کیلئے ہمیں نئی نسل کو تعلیم یافتہ بنانا ہوگا ان خیالات کا اظہار ایس پی زیارت اختر اچکزئی نے گورنمنٹ بوائیز ڈگری کالج زیارت کے دورے کے موقع پر پروفیسرز لیکچررز اور طلبا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پروفیسر نقیب اللہ، لیکچرر عبداللہ، لیکچرر رسور گل، لیکچرر نسیم افغان، سیکورٹی انچارج صلاح الدین یاسین زئی، کے علاوہ دیگر بھی موجود تھے اس موقع پر بوائز ڈگری کالج زیارت کے پروفیسر نقیب اللہ نے ایس پی زیارت کو بتایا کہ کالج میں فرسٹ ٹائم طلباء (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 47)

چیکنگ سائٹ سپر ہائی وے انڈسٹریل ایریا کراچی سے چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد

حب (شاہد سنیاں) ایس ایس پی لسبیلہ دوستین دشتی کی ہدایت پر ڈی ایس پی حب سرکل یونس رضا کی زیر نگرانی میں ایس ایچ او ساکران نبی بخش رونجھو کا اپنے پولیس ٹیم کے ہمراہ ساکران میں دوران اسپیچ چیکنگ بند مراد چیک پوسٹ پر کامیاب کاروائی سائٹ سپر ہا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 45)

روہڑی: سول جج کے استقبالیہ تقریب میں وکلاء ٔ برادری کا گروپ فوٹو دوسری جانب تقریب میں جج موجود ہیں

ہم شریف شہری ہیں اور پرامن ماحول میں اپنا کاروبار کرتے ہیں، ایاز احمد جمالی

راجہ امتیاز ابڑو کے خلاف کاروائی کر کے میری رقم مجھے دلوائی جائے

اوستہ محمد (نامہ نگار) ایاز احمد جمالی نے اپنی رہائش گاہ گوٹھ خیر محمد جمالی میں راجہ امتیاز احمد ابڑو کے خلاف پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ راجہ امتیاز احمد ابڑو کے اوپر میرے لین دین کی رقم ہے میں نے اپنی رقم کی واپسی کا تقاضہ بار بار کیا جسکا فیصلہ بھی ہو چکا ہے بجائے میری رقم دینے کے انہوں نے میرے اور میرے بھائیوں کے خلاف جھوٹا اور بے بنیاد اغواء کا مقدمہ سٹی پولیس تھانہ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 43)

سیلاب کے بعد اسکولوں کو فعال کرنا کڑا چیلنج ہے

ڈپٹی کمشنر عائشہ زہری

سیلاب کے بعد اسکولوں کو فعال کرنا انتظامیہ کے لئے ایک کڑا چیلنج ہے مگر محکمہ ایجوکیشن کے ساتھ مل کر ضلعی انتظامیہ تمام چیلنجز کا ڈٹ کر مقابلہ کرے گی

محکمہ ایجوکیشن کے آفیسران اور اساتذہ پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ تعلیمی ماحول میں مزید بہتری کے لیئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں جن علاقوں سے سیلابی پانی نکل چکا ہے

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد عائشہ زہری کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر حفیظ اللہ کھوسہ عابد علی رند مولا بخش جمالی قطر چیرٹی کے محمد سردار قریشی عطاء اللہ ساسولی بختیار احمد مری سمیت دیگر شریک تھے، اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد عائشہ زہری نے کہا کہ سیلاب کے بعد اسکولوں کو فعال کرنا انتظامیہ کے لئے ایک کڑا چیلنج ہے مگر محکمہ ایجوکیشن کے ساتھ مل کر ضلعی انتظامیہ تمام چیلنجز کا ڈٹ کر مقابلہ کرے گی تا کہ بچوں کو جلد از جلد تعلیمی ماحول میں دوبارہ راغب کیا جا سکے اور انہوں نے کہا کہ محکمہ ایجوکیشن کے آفیسران اور اساتذہ پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ تعلیمی ماحول میں مزید بہتری کے لیئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 32)

فرنٹیئر کور بلوچستان کی جانب سے سیلاب متاثرین اور غریب افراد میں راشن اور بچوں کے کپڑے بوٹ چپل وغیرہ تقسیم کی گئی

چاغی مین بازار میں کیمیل اور ملاوٹ شدہ دودھ اور دہی کی سرعام فروخت اور سپلائی کا سلسلہ جاری

چاغی (نامہ نگار) چاغی مین بازار میں کیمیل اور ملاوٹ شدہ دودھ اور دہی کی سرعام فروخت اور سپلائی کا سلسلہ جاری چاغی انتظامیہ نوٹس لیں تفصیلات کے مطابق چاغی شہر کی آبادی میں مسلسل اضافے کے باعث دہی اور دودھ کی مانگ میں بھی اضافہ ہو چکا ہیں چاغی شہر کے مین روڈ میں کیمیکل اور ملاوٹ شدہ دودھ کی فرو (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 33)

کمشنر لاڑکانہ کا دورہ گڑھی خیرو، ضلع انتظامیہ کی جانب سے کمشنر کو ماموں بنانے کی کوشش

گڑھی خیرو (نامہ نگار) کمشنر لاڑکانہ کا دورہ گڑھی خیرو، ضلع انتظامیہ کی جانب سے کمشنر کو ماموں بنانے کی کوشش، متاثرہ علاقوں کا دورہ کروائے بغیر واپس روانہ کرنے کی کوشش، میڈیا کی نشاندھی پر کمشنر کا شہر کے نشیبی علاقوں کا دورہ، تین سے پانچ فوٹ پانی موجود دیکھ کر انتظامیہ پر برہم، پانی نیکال کروانے کے لیے ایک ہفتے کا ا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 34)

نمبر شہداد کوٹ پولیس کی دبنگ کاروائی

نمبر شہداد کوٹ (عبدالشکور جلھرانی) نمبر شہداد کوٹ پولیس کی دبنگ کاروائی، موٹر سائیکل چھیننے والے دو ایکٹو کرمنل پولیس مقابلے کے بعد گرفتار، تفصیلات کے مطابق ایس ای ء اوتھانہ قمبر سٹی انسپکٹر امیر علی شاہ کا اپنے اسٹاف کے ہمراہ قمبر وگن روڈ آفاق کریم کے قریب رات کو واردات کی نیت سے کھڑے کرمنلز سے مبینہ مقابلہ، (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 35)

ایف سی کی جانب سے سیلاب متاثرین اور غریب افراد میں راشن اور بچوں کے کپڑے بوٹ چپل وغیرہ تقسیم

ضلع قلعہ سیف اللہ میں بھی پاک فوج اور فرنٹیئر کور ایف سی کے جانب سے امدادی سرگرمیاں جاری ہے

مسلم باغ (نامہ نگار) فرنٹیئر کور بلوچستان قلعہ سیف اللہ سکاؤٹس مرغہ فقیر زئی ونگ کے طرف سے مرغہ فقیر زئی بمقام گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول کلی خیر آباد جنگل میں گاوں کلی سلک کلی جنگل کلی کاش خولہ کلی خیر آباد کے سیلاب متاثرین اور غریب افراد میں راشن اور بچوں کے کپڑے بوٹ چپل وغیرہ تقسیم کیا گیا علاقے کے باشندہ گان نے راشن کے تقسیم پر ایف سی کا شکریہ ادا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 36)

جعفر آباد میں متاثرین میں براشن کی تقسیم کے دوران جھگڑا

پولیس کا متاثرین کو منتشر کرنے کے لئے ہوائی فائرنگ سے ایک شخص جانبحق

جعفر آباد (عنایت اللہ حر) جعفر آباد کے نواحی علاقے تھانہ کیٹل فارم کی حدود میں فائرنگ نوریز نامی 24 سالا نوجوان جانبحق ورثہ نے نعش کیٹل فارم تھانے کے سامنے رکھ کر احتجاج شروع کر دیا ہے ورثہ کے مطابق سیلاب متاثرین میں ایک مقامی این جی اوز راشن تقسیم کر رہی تھے پولیس نے متاثرین کو منتشر کرنے کے لیے فائرنگ کر دی جسکے نتیجے میں نوجوان جانبحق ہوا ہے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 37)

جمعیت علماء اسلام ضلع پشین کے مسائل حل کرنے کیلئے پرعزم ہیں، عزیز اللہ حنفی

جماعت کو نقصان پہنچانے پر کسی کے ساتھ کوئی رعایت نہیں کی جائے گی

پشین (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام ضلع پشین کے ضلعی مجلس عمومی کا اجلاس ضلعی امیر مولوی عزیز اللہ حنفی کی زیر صدارت میں منعقد ہوا، اجلاس میں مجلس عمومی کے اراکین سمیت ممبران صوبائی اسمبلی حاجی اصغر خان ترین اور سید حاجی عزیز اللہ اغا نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں ضلعی جماعت کی فعالیت پر تفصیلی غور وحوض کے علاوہ مختلف فیصلے کئے گئے، اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی امیر مولانا عزیز اللہ حنفی نے کہا کہ جمعیت علماء ٔ اسلام کے تمام آراکین ضلع پشین میں جماعت کی فعالیت کیلئے اپنی صلاحیتیں بروئے کار لاتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں، (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 46)

کوئٹہ، شہادت حضرت امام حسنؓ کے سلسلے میں علمدار روڈ سے برآمد ہونے والے جلوس میں طارق جعفری ملک ندیم قاسم ودیگر شریک ہیں

حلقے کے لوگوں کو اس مصیبت کی گھڑی میں تنہا نہیں چھوڑوں گا، غلام حیدر بنگلوئی

حالیہ تباہ کن سیلاب کی وجہ سے کروڑوں افراد بری طرح متاثر ہوئے ہیں

ڈھاڈر (نامہ نگار) بنک الفلاح کے سربراہ شیخ مبارک اور کراچی ریلیف فنڈ کے اشتراک سے کچھی کے گوٹھ جمعہ خان ومضافاتی دیہاتوں میں (500) پانچ سو راشن بیگ سیلاب متاثرین میں تقسیم کا سلسلہ جاری ہے اس سلسلے میں بنک الفلاح بلوچستان کوئٹہ کے ریجنل منیجر اپنی ٹیم کے ہمراہ اور سابق تحصیل ناظم کچھی کے ہر دلعزیز قبائلی شخصیت میر غلام حیدر بنگلوئی نے کچھی ضلع کے گوٹھ جمعہ خان اور اسکے مضافاتی دیہاتوں میں سیلاب متاثرین میں امدادی راشن پانچ سو گھرانوں میں تقسیم کیا اس موقع پر بنک الفلاح اور گوٹھ جمعہ خان کے رضا کار نوجوان بھی موجود تھے میر غلام حیدر بنگلوئی نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ایک ایسے وقت سامنے آیا ہے جب بلوچستان پا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 39)

سابق ایم پی اے عمران کاکڑ کا بینہ اجلاس کے صدارت کر رہے ہیں

عمران خان کو فوری طور پر لگام دی جائے، محمد عمر عمرانی

عمران خان ملک میں انتشار انارکی اور نسل نو میں بداخلاقی بدتہذیبی کو فروغ دے رہا ہے

اوتھل (نامہ نگار) جمعیت طلباء اسلام ہالیجوی یونٹ اوتھل کے مجلس شوری کا اجلاس گزشتہ روز جامعہ مدنیہ اوتھل میں جمعیت طلباء اسلام حماداللہ ہالیجوی یونٹ اوتھل کے صدر محمد عمر عمرانی کی صدارت میں منعقد ہوا اجلاس کی کاروائی جمعیت طلباء اسلام ہالیجوی یونٹ اوتھل کے جنرل سیکریٹری محمد عثمان لانگو نے چلائی جبکہ تلاوت کلام پاک کی سعادت محمد عاصم ذکی نے حاصل کی اجلاس کی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 42)

سیلاب اور بارشوں کی وجہ سے 96 ایکڑ پر مشتمل جوار کی فصل مکمل طور پر تباہ ہوگئی ہے، عبدالواحد بلوچ

اوستہ محمد (نامہ نگار) بھاگ ناڑی کیٹل فارم کے سپریڈنٹ ڈاکٹر عبدالواحد بلوچ نے کہا ہے کہ حالیہ سیلاب اور بارشوں کی وجہ سے بھاگ ناڑی کیٹل فارم جانوروں کی گھاس کیلئے کاشت کی گئی 96 ایکڑ پر مشتمل جوار کی فصل مکمل طور پر تباہ ہوگئی ہے جس سے محکمہ لائیو اسٹاک کو تقریباً 40 لاکھ کا نقصان ہوا جبکہ بارشوں کے پانی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 44)

آپ ساری کائنات وآسمان کی عظیم سلطنت کے بادشاہ ہیں، شاہد مدنی عطاری

لسبیلہ (نامہ نگار) دعوت اسلامی کے زیر اہتمام لسبیلہ کے ساحلی علاقے ڈام بندر میں جشن عید میلاد النبیؐ کے سلسلے میں عظیم الشان جلوس میلاد کشتیوں پر سمندر میں سرکار کی آمد مرحبا کی دھومیں مچاتا ہوا نکالا گیا۔، جلوس کے شرکاء نے کشتیوں میں سوار ہو کر کھلے سمندر میں پیغمبر اسلام رحمت العالمین نبی رحمت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی و (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 41)

زیادہ مارکیٹ فیس وصول کی گئی بھرپور احتجاج کرینگے، عبدالظاہر بڑیچ

اگر دیکھا جائے تو مارکیٹ کمیٹی کے رول وایکٹ کے مطابق سرکاری فیس 250 روپے بنتی ہے مگر ٹھیکیدار 1500 روپے وصول کر رہے ہیں

مین شاہراہ کو تمام ٹریفک کے لیئے بند کر دینگے جس کی تمام ذمہ داری مارکیٹ کمیٹی ڈائریکٹر مارکیٹنگ اور متعلقہ ذمہ داران پر عائد ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) آل بلوچستان آڑھتیان فروٹ اینڈ ویجٹیبل کمیشن ایجنٹ ایسوسی ایشن رجسٹرڈ کے صدر حاجی عبدالظاہر بڑیچ جنرل سیکرٹری حاجی ظہور احمد کاکڑ سرپرست اعلی حاجی احمد خان بلوچ چیرمین سید راز محمد آغا ضیا الدین بادینی ہدایت اللہ بازئی احسان اللہ کاکڑ حاجی شمس اللہ اچکزئی ملک غلام حسین بادینی ملک زیب قمبرانی ملک اورنگزیب شاھوانی و دیگر نے فریش فروٹ وسبزی کی کوئٹہ فروٹ وسبزی منڈی میں آنے والی اور کوئٹہ سے باہر دوسری منڈیوں میں جانے والی گاڑیوں سے پرائیویٹ ٹھیکیدار سرکاری فیس سے کئی گنا زیادہ مارکیٹ فیس وصول کر رہے ہیں جس کی ہم پرزور مزمت کرتے ہیں اگر دیکھا جائے تو مارکیٹ کمیٹی کے رول وایکٹ کے مطابق سرکاری فیس 250 روپے بنتی ہے مگر ٹھیکیدا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 40)

سرکاری ملازمین اور آفیسران عوام کے خادم ہیں، افضل خوستی

خزانہ آفس کے دروازے ملازمین اور عوام کیلئے چوبیس گھنٹے کھلے ہونگے، عوام کی خدمت اور ان کے مسائل بروقت حل کرنا ان کی ذمہ داری ہے

ملازمین اور عوام کے مسائل کے حل کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، ہماری کوشش ہیکہ کسی کو شکایت کا موقع نہ ملے

مسلم باغ (نامہ نگار) ڈائریکٹر خزانہ اینڈ اکائنٹ محمد افضل خوست

Daily SAHAFAT Quetta
روزنامہ صحافت کوئٹہ

پبلشر ملک نعیم خان کاکڑ نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ صحافت کوئٹہ فلیٹ نمبر 8 دبئی پلازہ منان چوک کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر: 081-2828822 فیکس نمبر: 0333788777 اسلام آباد بیورو: آفس نمبر: 712 فرسٹ فلور کشمیر کلاتھ ہاؤس آبپارہ مارکیٹ اسلام آباد فون نمبر: 051-2603196
E-Mail Address: dailysahafat.quetta@gmail.com

آرمی چیف کی تعیناتی

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ عمران خان جھوٹا فراد یا، اس نے ریاست پاکستان کے خلاف غداری کی سازش کی، سائفر کے معاملے میں قوم اور ملک کے ساتھ بدترین بددیانتی کی گئی، کبھی کسی نے وطن کا وقار اس طرح مجروح نہیں کیا، آڈیو لیک کرنے میں ہماری حکومت کا کوئی کردار نہیں ہے۔، 5 ماہ سازش کے بیانے پر قوم کو کنفیوز کیا گیا، اب سازش کا تانا بانا عمران خان سے مل چکا ہے، آرمی چیف کی تعیناتی کا فیصلہ آئین وقانون کے مطابق ہوگا۔ جمعرات کے روز پرائم منسٹر ہاؤس میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ حالیہ دنوں آپ کے ساتھ میری گفتگو ہوئی تھی اور اس کے اگلے دن ایک اور آڈیو لیک ہوئی تھی اور جس دن میں گفتگو کر رہا تھا اس دن میری آڈیو لیک ہوئی، جس کو اچھالا گیا اور قوم کو بتایا جا رہا تھا کہ اگلے دن ایک اور آڈیو لیک ہوگئی۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر مجھے کسی اور کی آڈیو لیک کرنی ہوتی تو میں اپنی آڈیو لیک کیوں کرتا۔ انہوں نے کہا کہ 3 اپریل 2022 کی بات ہے جب عدم اعتماد کی قرارداد پر ووٹنگ ہونی تھی، ڈپٹی اسپیکر قاسم سوری ایوان چلا رہے تھے تو اس وقت کے وزیر اطلاعات نے کھڑے ہو کہا کہ اس حکومت کے خلاف سازش ہوئی تھی، اس سازش کے تانے بانے غیر ملکی طاقتیں اور تحریک لانے کی اپوزیشن سمیلتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ قاسم سوری نے تحریری بیان پڑھا کہ سازش کی اس کہانی کی بنیاد پر قرارداد کو مسترد کرتا ہوں اور ہم سے پوچھا نہیں، میں قائد حزب اختلاف چیختا رہ گیا لیکن میری بات نہیں سنی۔ انہوں نے کہا کہ اسی دوران عمران خان ٹی وی پر نمودار ہوئے اور کہا کہ اسمبلی توڑ رہا ہوں 20 منٹ کے اندر صدر پاکستان نے اسمبلی توڑنے کی سمری منظور کر دی، مملکت کے بے شمار اہم معاملات صدر صاحب کے پاس ہفتوں پڑے رہتے ہیں لیکن اسمبلی توڑنے کی سمری 20 منٹ میں منظور کر لی۔ وزیراعظم نے کہا کہ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر نے وزیر اطلاعات کی زبانی سازش کی جو کہانی بیان کی گئی، اس کو من وعن مان کر قرارداد فوراً مسترد کر دیا اور اسمبلی برخاست کرنے کی سمری بھیجنے کی اطلاع فوری بھیج دی گئی۔ ان کا کہنا تھا کہ سازش کی اس بنیاد پر اگلے 5 ماہ عمران خان اور ان کے حواریوں نے قوم کا وقت برباد دیا کیا، اپنے پارٹی کے اراکین کو پختہ یقین ہو گیا، حالات دیکھ کر فیصلہ کرنے والے ووٹرز کو کنفیوز کیا اور عمومی طور پر قوم کو ہیجانی کیفیت میں ڈال دیا۔

رب نہیں روٹھتا!

راستے پر بیٹھے ایک بزرگ نے سامنے سے گزرنے والی عورت کی خوبصورتی کی تعریف کر دی جو اس عورت کے ساتھ چلنے والے شخص کو ناگوار گزری اور اس نے بزرگ پر ہاتھ اٹھا دیا اور آگے بڑھ گئے ابھی کچھ فاصلہ ہی طے کیا ہوگا کہ اس جوڑے کو حادثہ پیش آ گیا، آس پاس موجود لوگ اس سارے ماجرے کا مشاہدہ کر رہے تھے ان میں سے کسی نے بزرگ سے جا کر واقع سے آگاہ کیا اور اس اس جوڑے کے ساتھ پیش آنے والا حادثہ بیان کرنے کے بعد استفسار کیا کہ آپ نے انہیں بددعا دی تھی جس کی وجہ سے انہیں حادثے نے آ

قلم سے قلب تک
شیخ خالد زاہد
shzahid2010@gmail.com

لیا، بزرگ بولے، نہیں ایسا نہیں ہم دعا دینے والے لوگ ہیں، شائد ماجرا کچھ یوں ہوا ہو کہ ہم نے اسکے محبوب کی تعریف کی تو اسے برا لگا جسکا اسنے ردعمل ظاہر کیا اب شائدہ میں بھی کوئی محبوب رکھتا ہو اور ہمارے ساتھ ہونے والے ناروا سلوک اسے ناگوار گزرا ہو اور اس نے اسکا بدلہ لیا ہو۔ یوں تو دنیا میں ایسی مثالیں عام ملتی ہیں اور معلوم نہیں ایسے معاملات پر کتنے فساد ہوتے اور کس حد تک ہوتے ہیں۔ دوستی یاریاں ایسے ہی نبھائی جاتی ہیں بلکہ اگر کوئی دوست کسی جھگڑے سے لاتعلق ہو جائے تو اسکا سماجی نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ جن کا خمیر محبت کے عرق سے گوندا گیا ہو بھلا وہ لاکھ چاہتے ہوئے بھی کہاں نفرت کر سکتے ہیں، جب نفرت نہیں ہوگی تو نفی نہیں ہوگی اور بھلا کوئی کس طرح سے محبت کی خوشبو سے دور رہ سکے گا۔ یہ وہ لوگ ہوتے ہیں جو مقرب ہوتے ہیں جو جڑے ہوئے ہوتے ہیں مگر دیکھائی نہیں دیتے مگر جب دیکھائی دیتے ہیں تو دیکھنے کے قابل نہیں سمجھے جاتے۔ تخلیق کار سے روٹھ جاء ؒ دیا پھر تخلیق سے بات تو ایک ہی ہوتی ہے، سب ایک دوسرے سے جڑے ہوتے ہیں اور جو اس تعلق کو توڑ لیتے ہیں وہ گھور اندھیرے میں پیش قدمی شروع کر دیتے ہیں اور ان کا کوئی بھی قدم انہیں اندھیرے میں موجود اندھے کنویں میں ہمیشہ کیلئے لے جاتا ہے۔ آج ہم ایک اصطلاح بہت سنتے ہیں جسے انگریزی زبان میں Standard Procedure Operating (SOP) کہا جاتا ہے یعنی کسی بھی کام کرنے کا ایک معیاری طریقہ کار بلکل اسی طرح سے ایک ایسا ہی واضح اور مدلل زندگی گزارنے کا طریقہ کار ہمارے لئے ترتیب دے کر اپنے پیارے محبوب پر نازل فرمایا۔ ہدایت کی روشنی حالے کی مانند ہے جس کے قطر کا اندازہ لگانا ہمارے بس کی بات نہیں ہے اور نا ہی ہم یہ دعوی کر سکتے ہیں کہ یہ دائرہ گول ہے یا چکور یا پھر کسی اور زاویئے کا ہے، یہ سب جاننے والا ہی جانتا ہے۔ اس قطر میں داخل ہونے کا ایک انتہائی وضاحت کے ساتھ طریقہ کار رہتی دنیا تک کیلئے دنیا میں موجود ہے اور اسکی تعلیمات کو سمجھانے کیلئے ایک معلم حضرت محمد مصطفے ؟ کے ذریعہ سے انسانیت تک پہنچایا اور آپ کا ہر عمل اللہ کی رضا کیلئے رہا جو ہماری رہنمائی کا سبب بنا، دنیا اس کتاب کو واضح طریقہ کار کو قران مجید فرقان حمید کے نام سے جانتی ہے۔ یہاں یہ بات بھی واضح کرتے چلیں کے اس روشنی کے حالے سے باہر ایسا اندھیرا ہے کہ جس میں ہاتھ کو ہاتھ نا بھائی دے۔ روشنی کے حالے میں داخلے کی بس ایک ہی شرط ہے اور وہ یہ ہے کہ بتائے گئے راستے پر، بتائے گئے عمل کیساتھ سفر جاری رکھا جائے۔ اس پر عمل پیرا ہو کر ہم اس قطر میں داخل ہو سکتے ہیں اور رب کی ناراضگی سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔ اس بات کی فکر تو سب کو رہتی ہے کہ جو آپ سے محبت کرنے والے ہیں یا تعلق دار ہیں ناراض نا ہوں جسکے لئے انکی پسند اور ناپسند کا خیال بھی رکھا جاتا ہے لیکن اللہ اور رحمت اللعالمین کی ناراضگی سے ماورا ہو چکے ہیں۔ دنیاوی اعتبار سے یہ بات بہت عام ہے کہ اولاد کتنی ہی نافرمان کیوں نا ہو جائے لیکن اس سے ماں کبھی نہیں روٹھتی کسی نا کسی بہانے سے نافرمان اولاد کی خبر گیری کرتی ہی رہتی ہے، یہ ایک ماں کی محبت کا نمونہ ہے جس نے اولاد کو پیدا کیا ہے، دوسری طرف وہ ہے جس نے رہتی دنیا تک کیلئے اس تخلیق کو اپنی تخلیقات میں اول درجے پر فائز کر دیا ہے

لمحہ موجود کی درد بھری کہانی، سیرت مطہرہ ﷺ کی روشنی میں!!!

زندگی کی رواں کہانی میں احساس وادراک اور تعمیر وترقی کی نقشہ گری میں بہتری لانے کے لئے ممکن و ناممکن کی بحث وتمحیص جاری رہتی ہے میں بہت دنوں سے کسی موضوع کی تلاش میں تھی سوچا کچھ نئے زاویۂ سوچ وفکر کو اٹھائیں، آیئے محدود ماحول یعنی گھر ودفتر یعنی بوریت وورکنگ ماحول سے باہر کا ایک دورہ کرتے ہیں شاید مسائل زندگی کے بنیادی اصولوں و تصورات کے فریم ورک سمجھنے کے لئے کوئی نیا نکتہ و موضوع مل جائے۔ ایسے ہی معمول کی کچھ خریداری کا سوچ کر بازار کا رخ کر لیا۔ اس روز معمول کے مقابلے میں کافی رش تھا دوکاندار اور خریدار سب ہی جلدی میں کام نپٹانے کی کوشش میں مصروف دکھائی دے رہے تھے۔ ایسے ہی ایک دوکان کے پاس سے گزرتے ہوئے ایک دوکاندار کو اچھے پھل میں کچھ خراب پھل شامل کر کے گاہک کے حوالے کرتے نظر پڑ گئی۔ کچھ آگے جانے پر موٹر سائیکل پر سوار نوجوان زن سے موٹر سائیکل پاس سے لے گئے کہ بمشکل گرنے سے بچت ہوئی، کہیں پر شور کی آواز آئی تو پتہ چلا کہ قیمتیں بڑھانے پر عوام سراپا احتجاج کسی ایمبولینس کا راستہ روکے کھڑے تھے، لوگوں کے ایک گروہ کے پاس سے گزرتے ہوئے بچوں کے اغواء ؒ کے بڑھتے ہوئے واقعات کے بارے میں ان کی تشویش سے بھرپور گفتگو بھی میرے مشاہدے کا حصہ بن گئی۔ بس چند لمحوں میں اب مجھے نئے نکات وموضوع مل چکے تھے لہذا میں نے گھر ؟؟؟؟ واپسی کا ارادہ کر لیا۔ ہاں ایک اور بات تو بتانے سے رہ گئی کہ ربیع الاول کے مہینے کا آغاز ہو چکا تھا اور تمام مسلمان عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے سرشار ہو کر پوری

تحریر۔ صدف کیانی

عاشقان رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور موجودہ دور کے سیرت نگاروں نے دل وجان سے بیان کیا ہیں کہ کھلے دل ؟؟؟؟ ودماغ اور بیدا مغز آنکھوں کے ساتھ پڑھو تو تصور ودانش کے سامنے دور نبوت کا منظر پوری آب و تاب سے جگمگاتا دکھائی دیتا ہے۔ مولانا شبلی نعمانی، نعیم صدیقی، سید سلیمان ندوی، ڈاکٹر محمود احمد غازی رح، ڈاکٹر اسرار احمد، ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی، ڈاکٹر سید عزیز الرحمٰن، ڈاکٹر طاہر القادری اور ہاں اکیسویں صدی کے معروف مصنف و دانش ور پروفیسر ڈاکٹر محمد عارف خان، سیرت مطہرہ ہر فرد اپنی انفرادیت کے حوالے سے اہم ہے۔ ہمارے ہاں آج کل فن خطابت کے حوالے سے علماء ؒ کو بلا کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے واقعات پر سر دھننا اور کچھ دیر کے لئے جذباتی ہو جانا ایک رواج سا بن گیا ہے اور پھر رات گئی بات گئی کے مصداق سبز جھنڈے اور سجاوٹیں کسی سٹور روم کا حصہ بن جاتی ہیں۔ لیکن لمبے عرصے کے لئے کسی باقاعدہ منصوبہ بندی کے لئے کوئی صلاح مشورہ نہیں کیا جاتا۔ سیرت مطہرہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عملی پہلوؤں کو عرب کی جہالت کے دور سے نکال کر اکیسویں صدی کے چیلنجز کے سامنے ایک بار پھر رکھ کر اپنی معاشرتی بدنظمی، افراتفری اور عدم اعتماد کی فضا پر قابو پانے کا ذریعہ تلاش کیا جا سکتا ہے۔ لیکن طریقہ کار کیا ہو کیسے اس خلا کو ختم کر کے عام انسان کی زندگی کو براہ راست سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیمانے پر تولا جا سکتا ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیسے عملاً وذہناً فہم سیرت اور فہم قرآن کے راستے پر چل کر ہی امت وانسانیت کی سطح پر اور ذات مبارکہ ومعاشرے کی سطح پر شعور نبوت کو اجاگر کرنے کی سعی کی جا سکتی ہے۔ نبوت ختم ہو گئی ہے۔ لیکن کیوں ختم ہوئی؟ اس لئے کے اب عام آدمی کے لئے مذہبی پیشوائی کا تصور واضح ہو چکا ہے اور عملاً ختم نبوت صلی اللہ علیہ وسلم شعور نبوت کے ذریعے ہر فرد کے مزاج و صلاحیت میں رچ بس گئی ہے، اب آلہ و پیمانہ احترام آدمیت اور شعور نبوت کے طفیل انسانی ذہن و دماغ کی بلوغت پر اعتبار واعتماد کرنے کا ہے۔ جہالت میں علم کی کمی کے باعث کفار نے خدا کا انکار کیا اور لوگ اب اس دور میں داخل ہو چکے ہیں جہاں وہ علم کی بلندیوں پر پہنچ کر خدا کے وجود سے ہی انکاری ہو چکے ہیں اب صرف باتوں سے ہی کسی کو متاثر نہیں کیا جا سکتا بلکہ عقل وفکر کی کسوٹی پر پرکھ کر ہی لوگوں کو اس آفاقی پیغام کی طرف لایا جا سکتا ہے۔ لوگ خوف کا شکار ہیں دنیا میڈیا وار کے ذریعے افراد کے ذہنوں میں شکوک و شبہات اور نئے علمی و تحقیقی سوالات ڈال رہی ہے۔ اس خوف سے نکلنے کی جامع حکمت عملی نہ بنائی جا سکی تو افرادی قوت ضائع ہو جائے گی۔ ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جبریل علیہ السلام سے پوچھا۔۔۔ تم نے مشرق و مغرب دیکھا ہے۔۔۔ کہیں میرے جیسا بھی دیکھا ہے؟ جبریل علیہ السلام نے عرض کیا: حضور میں نے مشارق ومغارب کو دیکھ ڈالا۔ کہیں بھی کسی کو آپ سے افضل نہ پایا۔ یارسول اللہ آپ کا رب آپ کے لئے فرماتا ہے کہ میں نے اگر ابراہیم علیہ السلام کو اپنا خلیل بنایا ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنا حبیب بنایا ہے۔ اور میں نے کوئی بھی ایسا نہیں بنایا جو مجھے آپ سے زیادہ محبوب ہو۔ اور میں نے ساری دنیا اور دنیا والوں کو صرف اس لیے بنایا ہے کہ تمہاری شان اور میرے نزدیک جو عزت ہے وہ میں انہیں بتاؤں اور دکھاؤں۔۔۔ اے میرے محبوب اگر میں نے تمہیں نہ بنایا ہوتا تو ساری دنیا کو پیدا نہ فرماتا۔، (دلائل النبوہ) تو اب اس شان کو آشکار کرنے میں امت مسلمہ کو اپنا کردار نبھانا ہوگا۔ شعور نبوت کو ایک نئے دور میں لے جانا ہوگا جس کی منزل دینا وی سکون واطمینان اور آخروی کامیابی پر منتج ہوگی۔ بصورت دیگر معاشرتی ابتری کے مظاہرے ہر گزرتے دن کے ساتھ بڑھتے چلے جائیں گے۔

دنیا کا سب سے کامیاب لیڈر

رہبر بھی، یہ ہمدم بھی، یہ غم خوار ہمارے
استاد یہ قوموں کے ہیں معمار ہمارے

تخلیق کائنات کے عمل کے بعد پہلا کام جو خداوند تعالی نے کیا وہ انسان کو تمام مخلوقات پر فضیلت و برتری دیتے ہوئے اشرف المخلوقات کا درجہ دیا اور دنیا کا سارا علم حضرت انسان کو بخش دیا۔ یہی وہ چیز ہے جو انسان کو یکتا اور ممتاز بناتی ہے۔ انسان کو پیدا کر کے علم سے نواز دیا لیکن اس کی رہنمائی اور نشونما کے لیے روز اول سے ہر دور میں پیغمبر بھیجے جو انسان کو غلط اور صحیح کی تفریق بتاتے اور زندگی گزارنے کا ڈھنگ سکھاتے۔ یہ سیکھنے اور سکھانے کا عمل دنیا کے وجود میں آتے ہی شروع ہو گیا تھا اور تا قیامت تک یوں ہی قائم ودائم رہے گا۔ یہ سلسلہ حضرت آدم علیہ السلام سے شروع ہوا تھا اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر آ کر مکمل ہوا لیکن ان کے بعد جس نے بھی علم کو سکھانے کا عمل کیا اس کو ''استاد'' مانا گیا کیونکہ یہ پیغمبرانہ پیشہ ہے اور نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ: ''اور تم میں سے بہترین وہ شخص ہے جو علم حاصل کرتا ہے اور اسے دوسروں تک پہنچاتا ہے'' ماں باپ کے بعد اگر کسی کو اہمیت اور درجہ دیا گیا ہے تو وہ استاد ہی ہے جس کو روحانی باپ کا لقب حاصل ہے۔ والدین تو بچے کو دنیا میں لانے کا سبب بنتے ہیں اور اسے بولنا، کھانا اور چلنا سکھاتے ہیں لیکن وہ استاد ہیں ہوتا

تحریر: ابوبکر دانش بلوچ

ہے جو کڑی دھوپ میں چھاؤں اور کٹھن راستے میں آسانی کا درس دیتا ہے زندگی کی تلخیوں کو احسن انداز سے گزارنے کا سبق دیتا ہے۔ یہ وہ ہستی ہے جس کے بارے میں سر سید احمد خان نے کیا خوب کہا ہے: ''یہ استاد ہی ہوتا ہے جو جوہری کی نظر رکھتا ہے اور اپنے شاگرد کے اندر چھپی صلاحیتوں کو پہچان لیتا ہے ہے اور پھر وہ اپنی تراش خراش سے ایک مکمل اور خوبصورت موتی کی شکل میں ڈھال لیتا ہے۔'' زندگی ہر لحظہ سیکھنے کا عمل ہے اور عقلمند اور کامیاب انسان وہی ہوتا ہے جو ہر گزرتے وقت کے ساتھ کچھ نہ کچھ سیکھتا رہتا ہے۔ حضرت علی کا قول ہے: ''جس شخص نے مجھے ایک لفظ بھی سکھایا میں اس کا غلام ہوں'' زندگی کے مختلف ادوار میں راقم السطور کو بھی سیکھنے کا موقع ملا اور ان میں سرفہرست میرے اساتذہ کرام اور میرے ادبی دوست شامل ہیں جو زندگی کے ہر موڑ پر میری رہنمائی کرتے ہیں اور میں آئے دن ان سے سیکھتی رہتی ہو۔ انہیں میں ڈاکٹر عنایت الرحمن، نورالدین بدخشانی، محمد خان آفریدی، محمود احمد، غلام نبی، توصیف احمد کے نام شامل ہیں۔ خوش قسمت ہوتے ہیں وہ لوگ جن کو قابل ہونہار اور بے لوث استاد میسر آتے ہیں۔ انہی میں سے ایک خوش نصیب میں بھی ہوں جس کو اپنی زندگی کے سب سے مشکل دور میں ان جیسے انمول استاد ملیں جنہوں نے قدم باقدم میرا ساتھ دیا اور مجھے جینے کا سلیقہ سکھایا اور دوسرے وہ انسان جس نے میرے جاگتی آنکھوں سے دیکھے خوابوں کی تعبیر کے لیے اپنی رہنمائی اور شفقت سے نوازا۔ نہ صرف میں بلکہ اور کء مزید نو آموز اور جوشیلے نوجوانوں کو ایک مقام دکھایا۔ آج میں اپنے خوابوں کی تکمیل میں جس حد تک کامیاب ہوں اور معاشرے میں ایک پہچان اور شناخت بنانے میں مستحکم ہوں تو یہ سب میرے اساتذہ کی بدولت ہی ممکن ہے کیونکہ میرا ماننا ہے'' با ادب بانصیب، بے ادب بے نصیب'' آج یوم اساتذہ کے دن پر میں اپنے تمام اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں جنہوں نے مجھ ناچیز میں چھپی قابلیت کو پہچانا اور مجھے بروقت رہنمائی سے ایک سمت کی جانب گامزن کیا۔ میں دل کی اتھاہ گہرائیوں سے آپ سب کی ممنون ہوں۔ میں آپ کا یہ احسان کبھی نہیں چکا سکتی۔ میری خداوند تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالی سب اساتذہ کو صحت وعافیت والی حیاتی نصیب کرے اور وہ یوں ہی اپنے فرائض بخوبی سرانجام دیتے رہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

''سیلاب میں عساکر پاکستان کی امدادی سرگرمیاں اور قربانیاں''

کن نیندوں اب تو سوتی ہے اے چشم گریہ ناک مژگاں تو کھول شہر کو سیلاب لے گیا

وطن عزیز میں حالیہ سیلاب سے تباہی وبربادی کی وہ الم ناک وکرب سے بھری داستانیں بکھری پڑی ہیں جن کا دردیوں فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ یہ سیلاب درجنوں دیہاتوں، سینکڑوں انسانوں اور لاکھوں کی تعداد میں مال مویشوں کو اپنے اندر لپیٹ کر موت کی نیند کی سلا چکا ہے۔ اس تباہی وبربادی کا سب سے زیادہ شکار پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ بلوچستان ہوا ہے۔ بلوچستان کو قدرتی آفات نے اجاڑا اور اب 2022ء کا سیلاب سارے صوبے کو ہی ہڑپ کر گیا ہے۔ پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں یکم جون سے اب تک 304 سے زائد افراد سیلاب سے جان بحق ہو چکے ہیں۔ سیلابی ریلوں اور بارشوں میں مجموعی طور 72 ہزار 235 مکانات کو بھی نقصان پہنچا ہے جبکہ 3 لاکھ 5 ہزار 155 سے زائد مال مویشی سیلابی ریلوں کی نذر ہو چکے ہیں، اب تک مجموعی طور پر 2 لاکھ ایکٹر زمین پر کھڑی فصلوں کو نقصان پہنچا ہے اور سیلابی ریلوں میں 24 پل گر گئے ہیں، 2200 کلومیٹر پر مشتمل مختلف شاہراہیں بھی شدید متاثر ہوئیں ہیں زمینی راستے منقطع ہو چکے ہیں۔ بلوچستان میں اس وقت صوبائی انتظامیہ کے ساتھ ساتھ افواج پاک، ایف سی سیلاب زدگان کی بحالی کیلئے سرگرم عمل ہیں۔ سیلاب سے متاثرہ علاقوں بشمول کوئٹہ، پشین، چمن، نوشکی، موسی خیل، ژوب، مستونگ، بولان، سبی، قلات، خضدار کے نشیبی علاقوں میں پھنسے ہوئے متاثرین کو بذریعہ ہیلی کاپٹر ریسکیو کیا جا رہا ہے اور جہاں زمینی رابطہ منقطع ہو چکے ہیں وہاں پر بذریعہ ہیلی کاپٹرز راشن کے پیکٹس پہنچائے جا رہے ہیں۔ دور دراز کے علاقوں میں بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ بیمار افراد کے لیے پاک فوج کی طرف سے فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا ہے۔ ان میڈیکل کیمپس میں متاثرہ افراد کے لیے علاج ومعالجہ اور مفت ادویات کی فراہمی کے لیے اقدامات اٹھائے جا رہے

افکارِ زاہدی
نسیم الحق زاہدی
naseemulhaq.nuhz@gmail.com

ہیں تاکہ متاثرین کو صحت سے متعلق سہولیات بہم مل سکیں۔ عوام کی مشکلات کے ازالے کے لیے پاک فوج اور ایف سی بلوچستان، پی ڈی ایم اے، ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ اداروں کی بھرپور معاونت کر رہی ہے۔ پاک آرمی، ایف سی اور کوسٹ گارڈ کی سول کی کاوشوں سے صوبے کی تمام شاہراہیں آمدورفت کے لیے بحال کر دی گئی ہیں۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ بلوچستان میں حالیہ سیلاب میں عساکر پاکستان کی امدادی کاروائیاں اور قربانیوں کی طویل فہرست موجود ہے۔ کیونکہ پاک فوج نصب العین ایمان، تقویٰ اور جہاد فی سبیل اللہ کے عزم صمیم کی روشن مثال ہے۔ افواج پاکستان نے ملک میں آنے والی ہر قدرتی آفات خواہ وہ سیلاب ہوں یا پھر زلزلہ، طوفان ہوں یا پھر کروناء وبا ہمیشہ انسانیت کی خدمت کے لیے پہلے میدان عمل میں اتارا ہے اور اپنے کردار سے یہ ثابت کیا کہ پاک فوج پاکستان کی صرف جغرافیائی ہی نہیں بلکہ نظریاتی سرحدوں کی بھی محافظ ہے۔ مادر وطن کے تحفظ، سلامتی اور دفاع کے لیے افواج پاکستان نے بے مثال قربانیاں دی ہیں اور قوم کو ان پر فخر ہے اور یہ قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ بلوچستان میں سیلاب زدگان کی مدد کیلئے اپنے فرض کی ادائیگی کے دوران پاک فوج کے جانبازوں نے جام شہادت نوش کیا۔ اور گذشتہ دو ماہ میں صوبے میں آرمی کے ہیلی کاپٹر کی تباہی کے ناقابل تلافی دو عظیم سانحات رونما ہوئے۔ ماہ اگست میں لسبیلہ میں ہیلی کاپٹر حادثے میں کور کمانڈر کوئٹہ لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی، ڈائریکٹر جنرل پاکستان کوسٹ گارڈ بریگیڈیئر امجد حنیف، بریگیڈیئر محمد خالد، میجر سعید احمد، میجر محمد طلحہ منان اور نائیک مدثر فیاض نے جانیں نچھاور کیں۔ ابھی قوم اس بڑے صدمے سے سنبھل ہی نہیں پائی تھیں کہ ہرنائی خوست میں پاک فوج کے ہیلی کاپٹر کے حادثے میں 2 پائلٹس سمیت 6 فوجی اہلکاروں کی شہادت کا دل سوز واقعہ پیش آ گیا۔ ہرنائی بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ کے شمال مشرق میں اندازاً 180 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع سنگلاخ پہاڑی علاقوں پر مشتمل علاقہ ہے زیارت سے متصل ضلع کی سرحدیں ضلع کچھی کے علاقے بولان، سبی اور کوہلو سے بھی لگتی ہیں۔ بلوچستان میں حالات کی خرابی کے بعد سے ضلع ہرنائی کے متعدد علاقوں میں سیکورٹی فورسز پر حملوں کے علاوہ بدامنی کے دیگر واقعات بھی پیش آ رہے ہیں۔ ہرنائی کے بعض علاقوں کا شمار ان علاقوں میں ہوتا ہے جو کہ شورش سے بہت زیادہ متاثر ہیں اور کچھ عرصہ قبل ہرنائی کے بعض علاقوں میں آرمی کی بھی تعیناتی عمل میں لائی گئی ہے۔ دوسری جانب بلوچستان میں کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور بغیر پروٹوکول سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کیمپوں کے دورے کر رہے ہیں اور سیلاب زدگان کی دادرسی کیلئے ہر ممکن سہولیات بہم پہنچانے میں ہمہ تن مصروف ہیں۔ کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور نے کہا کہ سیلاب متاثرین کی بحالی تک چین سے نہیں بیٹھیں گے، بلوچستان میں سیلاب سے متاثرہ ہر ضلع میں ریلیف کیمپ قائم کئے جا رہے ہیں جس میں سیلاب زدگان کیلئے خوراک، پانی، اسکول، بجلی سمیت تمام تر سہولیات دی جا رہی ہیں۔ جن کے گھر سیلاب میں بہہ گئے ہیں ان کیلئے کیمپ بنائے گئے ہیں اور جن کے گھروں کی دیواریں اور چھتیں گر چکی ہیں ان کو گھروں میں خیمے دیئے جا رہے ہیں تاکہ وہ اپنے گھر میں خیموں میں رہ کر گھر بنوا سکیں۔ آرمی چیف نے فوج کو ملک بھر میں امدادی سرگرمیوں میں عوام کی مدد کے لیے سرگرم رکھا۔ تینوں افواج نے اپنے جہاز، ہیلی کاپٹر اور کشتیاں سیلاب متاثرین کے لیے وقف کر دیں اور فوج ہر اس جگہ پہنچی جہاں کوئی صوبائی حکومت نہ پہنچ سکی تھی۔ فوجی افسروں اور جوانوں نے سب سے پہلے اپنی تنخواہ سے وزیراعظم ریلیف فنڈ میں حصہ ڈالنے کا اعلان کیا اور فوج کے پاس راشن کا جو ذخیرہ تھا اس کا منہ متاثرین کے لیے کھول دیا اور سب سے پہلے اپنے مال سے متاثرین کو راشن کی فراہمی شروع کی۔

(ادارے کا کالم نگاروں / مضموں نگاروں کی ذاتی رائے اور ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں) ادارہ

اوسط درجے کے نجی تعلیمی ادارے

ہمارے ملک میں کچھ نعرے دانستہ یا غیر دانستہ طور پر مشہور کئے گئے ہیں۔ مثلاً سیاست مفاد پرستی کا نام ہے، سیاست دان چور ہیں۔ سارے ڈاکٹرز قصائی ہیں۔ پرائیویٹ ہسپتال منافع بخش کاروبار ہے۔ پرائیویٹ سکولز والے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹتے ہیں۔ اس قسم کی مثالیں تقریباً ہر شعبے کے حوالے سے مشہور ہیں۔ گزشتہ دنوں ایک دوست نے فیس بک پر وزیر تعلیم سے مطالبہ کیا تھا کہ پرائیویٹ سکولوں کے خلاف ایکشن لیں کہ وہ چھٹیوں یعنی جنوری فروری کی فیس کیوں لیتے ہیں میں نے کہا کہ اگر وہ فیس نہ لیں تو جنوری فروری کے مکان کرایہ اور تنخواہیں کہاں سے دیں تو موصوف نے جواب دیا کہ پھر

چراغ راہ
عبدالغنی شہزاد
aghanishehzad0333@gmail.com

ایسے ادارے بند ہونے چاہیے جو پورے سال کمائی کرتے ہیں مگر دو ماہ کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے۔ ان کا جذباتی انداز سے محسوس ہوا کہ واقعی یہ توجہ طلب مسئلہ ہے۔ اس سلسلے میں عرض ہے کہ کسی بھی ادارے یا جماعت کو ایک ہی لاٹھی سے ہانکنا انتہائی غیر مناسب عمل ہے۔ تمام سیاستدان چور نہیں۔ تمام ڈاکٹرز قصائی نہیں بلکہ میں تو ان ڈاکٹرز کو بھی جانتا ہوں جو مدارس اور یتیم خانوں کو اپنی جیب سے چلاتے ہیں۔ جہاں تک لوٹنے جیسے گھٹیا الفاظ کا استعمال ہے وہ ہر دکان ہر کاروبار، ہر محکمہ کے حوالے سے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اور سب سے زیادہ قانون نافذ کرنے والے اداروں پر بجٹ خرچ کرنے کے حوالے سے سوالات اٹھائے جاتے ہیں۔ لوگ تو مدارس اور ملک بھر میں سیلاب متاثرین کی مدد کرنے والے مقدس رفاحی اداروں کو بھی معاف نہیں کرتے۔ لہذا ضروری ہے کہ لوگ اچھے اور برے کی تمیز کر کے غلط کو غلط صحیح کو صحیح کہیں۔ محض معروف اور آئیڈیل باتوں کے ذریعے ان اداروں کی حوصلہ شکنی نہ کریں جو انتہائی نیک جزبے سے قوم اور ملت کی خدمت میں روشن کردار ادا کر رہے ہیں۔ ہمارے بلوچستان میں نجی تعلیمی اداروں میں سب سے زیادہ سی کیٹگری یا اوسط درجے کے ہیں جنہوں نے حکومت سے کافی بوجھ اپنے سر لیا ہے، ان کی فیس تین سو سے لے کر دو ہزار تک ہے، مختلف ناموں سے پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشنز کے ذمہ داران کا تعلق بھی اکثر سی کیٹگری سے ہے، ان بچاروں کی جدوجہد کا فائدہ بادی النظر میں اے کیٹگری کو پہنچتا ہے، مگر اے کیٹگری کے نجی تعلیمی اداروں میں بچوں کے داخلے کے لئے وزراء ؒ بھی لائن میں کھڑے ہونے پر مجبور ہوتے ہیں۔ بدقسمتی سے محکمہ تعلیم کی جانب سے جو بھی حکم نامہ یا تادیبی کاروائی آتی ہے اس سے براہ راست یہ غریب ادارے زد میں آتے ہیں، جو پہلے سے مکان مالکان اور والدین کے ہاتھوں استحصال کا شکار ہیں۔ کوڈ کے دوران سب سے زیادہ اوسط درجے کے نجی سکولز بند ہو گئے، سالوں سال محنت کرنے والے غریب اساتذہ اور پرنسپل صاحبان ہوٹلوں میں مزدوری پر مجبور ہوئے بہت سارے سفید پوش

7 اکتوبر 1983ء کے شہدائے جمہوریت اور 11 اکتوبر 1991 کے شہداء وطن کی لازوال قربانیاں

تحریر:۔ عارفہ صدیق ایڈووکیٹ

ہم 7 اکتوبر 1983 جمہوریت کی 39ویں برسی اور شہداء وطن 1991 کی 31ویں برسی منا رہے ہیں اور ان شہداء ؒ کے قربانیوں کے نتیجے میں غیور پشتون ملت اور ملک کے محکوم اقوام و مظلوم عوام کی جمہوری تحریکیں اپنے حقوق کی جدوجہد کیلئے برسرپیکار ہیں 7 اکتوبر 1983ء ؒ کے کارنامے کا پس منظر یوں ہے کہ عوام نے تیسری مارشل لاء ؒ حکومت کے خلاف سول نافرمانی کے تحریک شروع کی۔ ملک بھر میں لاکھوں لوگوں نیعوامی جمہوری سیاسی اقتدار کا مطالبہ کیا سندھ پنجاب' اور خیبر پختونخوا میں سینکڑوں کی تعداد میں گرفتاریوں کے بعد جب کوئٹہ میں پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی اور ایم آر ڈی نے مشترکہ طور پر 7 اکتوبر 1983ء ؒ جنرل ضیاء ؒ کے فوجی آمریت کے خلاف ایک پرامن مظاہرے کا اعلان کیا گیا کوئٹہ میں ایک پرامن جلوس و مظاہر یتشدد کیا گیا عوام نے اس بے جواز اور ناروا تشدد و اشتعال کا مقابلہ خالی ہاتھ مگر فولادی عزم سے کرنے کا فیصلہ کیا اور مارشل لاء ؒ مردہ باد' جمہوریت زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگاتے ہوئے اور پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سربراہ محمود خان اچکزئی ؒ کی قیادت میں ایک پرامن جلوس نکالنے میں کامیاب ہوگئے جلوس کو روکنیکے لیے فاء ؒ رنگ کی گیی پارٹی کے سرباز ساتھیوں نے اپنے سینوں کو ڈھال بنا کر اپنے رہنما کی حفاظت جاری رکھی اور یکے بعد دیگرے گرتے رہے، جلوس مارشل لاء ؒ کے خلاف اور جمہوریت کے حق میں جوشیلے اور ولولہ انگیز نعرے لگاتے ہوئے آگے بڑھتا رہا کوئٹہ کے عوام نے ہوس اقتدار اور عوام کی تشنگی انصاف کا یہ تماشا اپنی آنکھوں سے خوب دیکھ لیا اس المناک واقعے میں فاء رنگ سے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے فعال رکن رمضان کیشہاچکزئی 1 نے موقع پر جام شہادت کیا اور ایک درجن سے زائد کارکن شدید زخمی ہوگئے۔ جن میں سے کاکا محمود نے 12 اکتوبر داؤد خان اور پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے رہنما اسلم اولس یار نے چودہ اکتوبر کو شہادت کے اعلی درجے پر فائز ہوکر مظلوم عوام کی قومی اور جمہوری جدوجہد کی تاریخ میں سربازی کے ایک نئے باب کا اضافہ کیا گرفتار کیے جانے والے درجنوں سیاسی کارکنوں پر تھانوں میں بے انتہا تشدد کیا گیا نہایت اور ان پر کئی دن تک پانی اور روٹی بند رکھا گیارہ اکتوبر کو بولان میڈیکل کالج کے پرامن طلبہ پر ہلہ بول کر ڈیڑھ سو سے زائد طلبہ پر تشدد کیا 7 اکتوبر کو جلوس پر فائرنگ اور پارٹی کارکنوں کو شہید و زخمی کرنے کے بعد پشتونخوا میپ کے چیئرمین جناب محمود خان اچکزئی پر غیر قانونی طریقے سے قتل اقدام قتل بلوہ اور فساد کے تمام مقدمات درج کردیئے اور پشتونخوا میپ کے درجنوں کارکنوں اور رہنماؤں نے ڈھائی سال تک جنرل ضیاء ؒ کی فوجی آمریت میں قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں، آخر کار انہی شہداء ؒ کی قربانیوں کی بدولت ملک میں جنرل ضیاء ؒ کے فوجی آمریت کا خاتمہ ہوا اور جمہوریت کا سورج طلوع ہوا شہداء تک پشتونخوا وطن کی وحدت' جنوبی پشتونخوا کی قربانیاں لازوال ہے اور 7 اکتوبر 1983ء ؒ کے شہداء ؒ جمہوریت کے عوام کے صوبے کی بحالی و قیام' پشتون نے نہ صرف ملک میں عام انتخابات کو ممکن بنایا بلکہ ملک کے قوموں کی برابری بالخصوص غیور پشتون ملت کی قومی خودمختاری حق حاکمیت و ملکیت بولان سے چترال بلوچ مشترکہ صوبے میں زندگی کے تمام شعبے میں دونوں اقوام کے درمیان برابری کو عملی بنانے، افغانستان کی خودمختیاری اور آزادی کو قائم رکھنے، پشتونخوا وطن میں دہشت گردی و انتہا پسندی کے لعنت کو جڑ سے اکھاڑنے اور پشتو کو تعلیمی دفتری زبان قرار دینے سماجی عدل و انصاف برابری امن و ترقی کیلئے اپنے سروں کا نذرانہ پیش کر کے ہمارے عوام کو جدوجہد کی نئی راہیں دکھائیں ہم ان شہداء ؒ کے نقش قدم پر چل کر ہی اپنے منزل مقصود تک پہنچ سکتے ہیں۔ لیکن افسوسناک امر یہ ھے کہ جمہوریت کی دعوے دار بعض پارٹیوں نے ملک میں جمہوریت کے لئے سروں کی قربانی دینے والے شہداء کی قربانیوں کو پس پشت ڈال دیا ہے۔ شہداء وطن 11 اکتوبر 1991: بلوچ پشتون مشترکہ صوبہ بلوچستان بنیادی طور پر زرعی صوبہ ہے لیکن پورے صوبے میں زرعی تعلیم کے لئے کوئی تعلیمی ادارہ موجود نہیں تھا، صوبے کے طلباء ؒ کیلئے دوسرے صوبوں کے زرعی کالجوں میں چند نشستیں مختص تھیں صوبے میں ایک زرعی کالج کی اشد ضرورت تھی، تو اس دوران یورپی یونین کے تعاون سے صوبے میں ایک زرعی کالج قائم کرنے کی راہ ہموار ہوئی، اور ماہرین نے مکمل سروے کے بعد ضلع پشین کے تحصیل بوستان کو کالج کیلئے موزوں ترین قرار دیا اور کالج کیلئے سینکڑوں ایکڑ زمین بھی عوام نے بلا معاوضہ دے دی لیکن اس کالج کے قیام پر اختلاف کے نتیجے میں رات کی تاریکی میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی دفتر پر حملہ ہوا، حملے کے وقت پارٹی کے مرکزی دفتر میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سینئر ڈپٹی چیرمین ارواح شاد عبدالرحیم صاحب، پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات عبدالرحیم کلیوال سمیت درجنوں کارکن موجود تھے فائرنگ سے عبدالرحیم کلیوال، جاری کر کے عوام کے حوصلے پست کرنے کیلئے پوری کوشش کی

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆





نمازِ شب، اکھیاں وچ زمانے، چھانگلا ولی موج دریا اور نعتیہ مجموعہ مدح شاہ زمن کے شاعر سے اِنٹرویو

تحریر۔ ڈاکٹر عبدالرشید آزاد

سوشل میڈیا پر ایک دوست کے کلام کو پڑھا بہت پسند آیا ہمارے کمنٹ پر اُن کا شکریہ ادا کرنا اور پھر ان باکس نمبرز کا لین دین کے بعد اُن کی شخصیت کے پرتو کھلے تو اُن کی چار کتب کے بارے میں پتہ چلا جن میں (1) ☆ نماز شب، (2) ☆ اکھیاں وچ زمانے، (3) ☆ چھانگلا ولی موج دریا'' حضرت رحمت اللہ شاہ بخاریؒ کی سیرت وکردار'' (4) ☆ نعتیہ کلام مدحِ شاہ زمن، اس کے علاوہ ان کے نثری مضامین روزنامہ نوائے وقت، اساس، ڈیلی کشمیر، ڈیلی گریٹ پاکستان، پاکستان، جمالیات، ذوق، دھنک رنگ، فروغ نعت، اُردو ڈائجسٹ، الہام، لہراں اور دنگاں وغیرہ میں کثرت سے شائع ہوتا رہتا ہے ہم نے ان سے انٹرویو روزنامہ حرب بقاء کوئٹہ اور ماہنامہ جہاں نما کوئٹہ کے لئے ریکارڈ کیا ہے جو نذر قارئین ہے۔ (ادارہ)۔س☆ آپ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟۔ج/ میں ضلع اٹک تحصیل پنڈی گھیپ کے گاؤں غریبوال میں 10 جنوری 1968ء کو پیدا ہوا ہوں ۔س☆ آپ نے کہاں کہاں سے اور کہاں تک تعلیم حاصل کی ہے؟۔ج/ میں نے پرائمری تک اپنے گاؤں غریبوال سے پڑھا ہے وہاں سے پرائمری پاس کر کے اپنے گاؤں سے چھ کلو میٹر دور گورنمنٹ ہائی سکول پنڈی گھیپ میں داخلہ لیا میٹرک وہاں سے کیا اُس کے بعد ایف اے گورنمنٹ ڈگری کالج پنڈی گھیپ سے کیا اور بی اے کی کلاسز دو سال تھ اٹینڈ کیں لیکن کلیئر نہیں کر سکا کیونکہ اس دوران میں فوج میں بھرتی ہوگیا تھا۔س☆ آپ نے ادبی دُنیا میں قدم کب رکھا اور شاعری میں اصلاح کن سے لی؟۔ج/ میں نے 1987ء میں ادبی سرگرمیوں کا آغاز کیا اُس دور میں ہمارے گاؤں میں ایک لڑکا علی احمد تبسم تھا جو ادبی رسائل میں لکھتا تھا سچی کہانیاں، آدابِ عرض، سلام عرض، جواب عرض میں اُسے دیکھ کر مجھے بھی شوق پیدا ہوگیا اور میں نے بھی 1987ء میں لکھنا شروع کر دیا تھا۔ سلام عرض میں میری بھی ایک دو کہانیاں چھپیں، جواب عرض میں چھپیں پہلے میں شعر بے وزن لکھتا تھا اُسکے بعد پنڈی گھیپ میں ایک شاعر تھے شعیب عمشؔ وہ اب واہ کینٹ میں ہوتے ہیں اُنہوں نے یہاں حلقہ ارباب شاد ادب نامی ایک تنظیم بنائی اُس تنظیم میں اُنہوں نے مجھے بھی ممبر بنایا یہاں مشاعرے ہوتے تھے تو میں نے اپنا کلام توکل ساحلؔ صاحب کو دکھایا وہ پنڈی گھیپ کے بزرگ شاعر تھے اُن سے اصلاح لیکر وہاں مشاعروں میں اپنا کلام سناتا تھا۔س☆ شاعر کو بنیادی طور پر کیسا ہونا چاہئے؟۔ج/ شاعر کو بنیادی طور پر نرم دل، احساس اور اُس کی نگاہ معاشرے پر ہر چیز پر ہونی چاہئے حکومت کی تائید اور تنقید دونوں پر قلم اُٹھانا چاہئے غریبوں کے حق میں آواز بلند کرنی اور حق گوئی کے ساتھ ہمنوا ہونا شاعر کا شیوہ ہونا چاہئے۔س☆ پاکستان کی قومی زبان اُردو کے علاوہ دیگر زبانوں کے ادب کو آپ کیسا دیکھتے ہیں؟۔ج/ پاکستان میں ہر 25 کلومیٹر کے بعد زبان تبدیل ہوجاتی ہے پنجابی ہو، بلوچی ہو، پشتو ہو، سندھی ہو یا اور کوئی زبان ہوتو پاکستان میں بہت سی زبانیں بولی جاتی ہیں یہ تمام زبانیں ہماری ہیں ہماری اصل اثاث ہیں یہ ماں بولی زبانیں ہیں ان زبانوں میں پرائمری سطح سے لیکر میٹرک تک مضامین ہونے چاہئے، پڑھانے جانے چاہئے، تا کہ لوگ اپنی ماں بولی زبان کو بھول نہ جائیں کیونکہ جو ہماری خوشبو ہے ہماری ماؤں کی جو باتیں ہیں بہن بھائیوں کا پیار ہے وہ انہی بولیوں میں ہے اُردو ہماری رابطے کی زبان ہے قومی زبان اس لئے کہلاتی ہے کہ اُس کا احترام بھی بہت ضروری ہے اُس میں بھی کام کرنا چاہئے لیکن اپنی ماں بولی زبان میں ہر سکول میں پڑھایا جانا چاہئے اور سکولوں میں اُس زبان میں بھی گفتگو کی جانی چاہئے۔ جو اُس علاقے کی زبان کیونکہ ہمارے جو بچے ہیں وہ اپنی مادری زبان کے سے بنیادی الفاظ بھولتے جارہے ہیں الفاظ ہماری نئی نسل کو پتہ نہیں ہیں زبان آہستہ آہستہ ختم ہورہی ہے لہذا اپنی کو زندہ رکھنے کے لئے گھروں میں ص طور پر اپنی ماں بولی زبان بولنی چاہیئے س☆ آپ ادب میں کو کیسا دیکھتے ہیں اور ادب میں کیا تنقید نی چاہئے؟۔ج/ جی بالکل ادب میں تنقید بالکل ہونی چاہئے آپ جس کتاب کا مطالعہ کر رہے ہیں سب سے پہلے اُس کتاب کے اُس کتاب کے اوصاف دیکھیں اُس کی برائی کو نہ دیکھیں صاحب کتاب کی غلطیوں کو نظر انداز کریں صرف کتاب کے فن اُوصاف کو مدنظر رکھ کر وہی بیان کریں اس کے علاوہ جو تنقیدی محافل ہوتی ہیں اُن کا ہونا بھی بہت ضروری ہے اُن پر اس انداز میں تنقید ہو کہ بندہ کچھ سیکھ سکے اُس کی اصلاح ہو فن پر اصلاح تنقید ہو ذاتی عناد نہ نکالا جائے تنقید برائے تنقید نہ ہو بلکہ تنقید برائے اصلاح ہو۔س☆ عام آدمی کو ادب کی طرف راغب کرنے کے لئے کیا کیا جانا چاہئے؟۔ج/ ایک عام آدمی کو ادب کی طرف راغب کرنے کے لئے جتنے بھی لکھاری ہیں اُن کو یہ کوشش کی جانی چاہئے کہ ان کو اپنی کتابیں نوجوانوں میں بلا معاوضہ تقسیم کی جائیں اور میں نے اپنی تما کتابیں اسی نظریے کے تحت نوجوانوں میں بالکل مفت تقسیم کی ہیں اسی طرح سے شعراء کرام کو بھی تقسیم کرنی چاہئیں تا کہ نوجوانوں میں مطالعے کا رجحان پیدا ہو آج کل کے دور میں کتاب شائع کرانا بت انتہا مشکل ہے لیکن میری یہ خواہش ہے کہ ہر شہر میں اور ہر محلے میں لائبریاں ہونی چاہئیں وہاں کتب بالکل مفت دی جائیں اور میں نے اپنی تما کتابیں اسی نظریے کے تحت نوجوانوں میں بالکل مفت تقسیم کی ہیں اسی طرح سے شعراء کرام کو بھی تقسیم کرنی چاہئیں تا کہ نوجوانوں میں مطالعے کا رجحان پیدا ہو آج کل کے دور میں کتاب شائع کرانا بت انتہا مشکل ہے لیکن میری یہ خواہش ہے کہ ہر شہر میں اور ہر محلے میں لائبریاں ہونی چاہئیں وہاں کتب بالکل مفت دی جائیں تا کہ لوگوں کا رجحان کتب کی طرف بڑھے اس سلسلے میں مختلف سیمینار ہونے چاہئے، کتب میلے ہونے چاہئے، شہروں میں، گاؤں کی سطح پر ہوں، شاعر، ادیب، افسانہ نگار، ناول نگار، کالم نگار، ڈرامہ نگار، ان سے کی کاوشیں عوام کے اور قارئین کے سامنے آنی چاہئے صرف کتاب چھاپ کر گودام میں اسٹاک جمع کردینے سے کچھ نہیں ہوتا سکولوں میں، کالجوں میں، یونیورسٹیز کی سطح پر کب بنی کی حوصلہ افزائی ہونی چاہئے۔س☆ آپ نے جب ادبی دُنیا میں قدم رکھا تو اُس وقت آپ کے اردگرد کا ادبی ماحول کیسا تھا؟۔ج/ 1987ء میں اُس دور میں پنڈی گھیپ کی ادبی صورتحال کوئی بہت خوش افزاء نہیں تھی بہت ہی تھوڑے سے لوگ تھے جو لکھتے تھے توکل ساحل، عبداللہ صحرائی، اور چند گنتی کے گنے چنے لوگ تھے یہاں اُس دور میں کوئی خاص ادبی تنظیم نہیں تھی، حلقہ ارباب شاد اُس وقت نئی نئی تنظیم بنی تھی وہ مہینے میں ایک آدھ مشاعرہ کراتی تھی جس میں ہم سب اکھٹے ہوتے تھے اور اپنے اپنے خیالات کا اظہار کرتے تھے۔س☆ آپ کی کتب کی اشاعت میں کسی ادبی تنظیم، ادارے، حکومت کی طرف سے کوئی مالی تعاون یا امداد کی گئی ہو؟۔ج/ جی نہیں بالکل بھی نہیں سچی بات تو یہ ہے کہ میں نے خود اپنی جیب سے یہ رقم خرچ کی تھی اپنی کتب شائع کرائیں ہیں چونکہ میں ایک ریٹائرڈ فوجی ہوں اور میرا گذر بسر میری پینشن پر ہے اور بڑی مشکل سے گذارا کرتا ہوں اور اپنی چار کتابیں میں نے بڑی مشکل سے شائع کرائی ہیں اس میں کسی بھی ادبی تنظیم کا یا گورنمنٹ کا یا کسی شخصیت کی سرپرستی نہیں ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ میں اتنا مشہور آدمی نہیں ہوں میں نے فوج سے ریٹائرمنٹ لے کر واپس آ کر باقاعدہ قلم اُٹھایا ہے اب میں لکھتا ہوں اور لکھتا ہی چلا جارہا ہوں میری دو کتب مزید آنے کو تیار ہیں لیکن سچی بات تو یہ ہے کہ میرے مالی مسائل اس کی اجازت نہیں دے رہے۔س☆ موجودہ شاعری کے بارے میں آپ کی ذاتی رائے کیا ہے؟۔ج/ میرے خیال میں موجودہ دور میں بہت اچھی شاعری ہورہی ہے خصوصاً سوشل میڈیا پر جو لوگ عروض سیکھاتے ہیں اُن کی وجہ سے خاصی آسانی پیدا ہوگئی ہے اب تو سوشل میڈیا نے بہت زیادہ آگہی پھیلا دی ہے شاعری کے بارے میں۔س☆ ادب میں گروبندی کے عمل کے بارے میں آپ کی ذاتی رائے کیا ہے؟۔ج/ میری ذاتی رائے میں یہ کوئی احسن کام نہیں ہے ہم جہاں بھی چلے جائیں کسی بھی شہر چلے جائیں شاعروں کے جتھے بنے ہوئے ہیں اس گروہ بندی کا منفی اثر بہت زیادہ بڑھ رہا ہے بلکہ اب تو اس حد تک دیکھنے میں آ رہا ہے کہ جو بندہ کسی گروپ میں یا گروہ میں شامل نہیں ہوتا اُسے اچھے شعر پر بھی داد نہیں دی جاتی، داد بھی آج کل اسٹیٹس پرستی کی وجہ سے دی جاتی ہے اسٹیٹس کو دی جاتی ہے، کلام کو داد بہت کم دی جاتی ہے۔ گروہ بندی نے ہمیشہ ادبی ماحول کو نقصان ہی پہنچایا ہے کیونکہ جب ایک بندہ اسٹیج پر اپنا کلام یا اپنا معافی الضمیر سمجھا رہا ہوتا ہے تو اُسے پتہ نہیں ہوتا کہ اُس کے مخالفین یا دوسرے گروہ کے لوگ کیا ریکٹ کریں گے، ادیبوں اور شعراء کو گروہوں میں بٹنے سے گریز کرنا چاہئے اور ادب کے فروغ میں اپنا کردار ادا کرنا چاہئے۔س☆ ہمیں کیسا ادب تخلیق کرنا چاہئے؟۔ج/ ہمیں اس دور میں ایسا ادب تخلیق کرنا چاہئے کہ جس میں محبتوں کی خوشبو آئے اگر ہم اسی طرح نفرتوں کو لیکر چلیں گے تو ادب کہاں سے فروغ پائے گا ابھی آپ سوشل میڈیا پر ہی دیکھ لیں کہ ادب کو فرقہ بندیوں میں بانٹا جارہا ہے تفرقہ بازی ادب میں نہیں ہونی چاہئے۔ آپ کا نظریہ ادب کیا ہے؟۔ج/ میرے خیال میں نظریہ ادب (وقولو اللناس اُسوہ حسنہ) کی عملی تفسیر ہے کہ گفتگو جو کی جائے اُس میں جمالیات حسن ہو اور دین و مذہب کا رجحان بھی ہو یعنی اس انداز سے ہو کہ اُس میں صرف محبتیں ہوں نفرتیں نہ ہوں، اچھی بات کہیں سے بھی ملے وہ شعر کی صورت میں ہو آپ لکھیں اور اگر نثر لکھتے ہیں تو نثر لکھیں کہ پڑھنے والے کے دل و دماغ پر اُس کا مثبت اثر پڑے۔س☆ آپ کو کسی ادبی تنظیم کی جانب سے یا حکومت کی طرف سے کوئی ایوارڈ وغیرہ ملا ہو تو بتائیں ؟۔ج/ مجھے انٹرنیشنل رائٹرز فورم کے شہزاد اُفق نے میری پنجابی کتاب (اکھیاں وچ زمانے) پر شیلڈ دی ہے پچھلے سال نومبر دسمبر میں جب اُنہوں نے اپنی تنظیم کے تحت پروگرام منعقد کیا تھا۔س☆ ادب کے فروغ میں سوشل میڈیا اور الیکٹرونک میڈیا کے کردار کو آپ کیسا دیکھتے ہیں؟ ۔ج/ میں اپنی ذات تک بات کروں گا میں سمجھتا ہوں کہ سوشل میڈیا بہت موثر ذریعہ ہے ادب کے فروغ کے لئے اس میں ادبی تنظیموں کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے پروگرامز کی رپورٹ بھی منظر عام پر آتی ہیں، انفرادی کلام، و انفرادی کارکردگی بھی منظر عام پر آتی ہے پھر آج کل آن لائن ادبی طرحی مشاعروں میں لوگوں کی شرکت ثابت کرتی ہے کہ یہ ایک بہت پاؤرفل میڈیا ذریعہ بن چکا ہے ادب کے فروغ کے لئے۔ میں نے 2015ء میں فوج سے ریٹائرمنٹ لی اور پھر میں نے جو کچھ ادب میں سیکھا ہے وہ سوشل میڈیا ہی سے سیکھا ہے، سوشل میڈیا بڑا فعال ہے ادب کے فروغ میں۔ حیدار قائم کے کلام کا نمونہ آپ قارئین کی نذر۔

نعت رسول کریم ﷺ

یہ جذبوں میں عزت اُنہی کی بدولت
دھنک رنگ مدحت اُنہی کی بدولت
یہ پھول اور کلیاں اُنہی کی بدولت
صبا اور نگہت اُنہی کی بندولت
مدینہ سے ہم کو ملی ہے یہ طاقت
یہ عزم اور ہمت انہی کی بدولت
یہ کھانا یہ پینا اُنہی کے دم سے
یہ پانی یہ شربت اُنہی کی بدولت
یہ چاند اور تارے اُنہی کی بدولت
یہ انوار و نزہت اُنہی کی بدولت
یہ حسن سخن اور الہام کی ضو
خیالوں میں رنگت انہی کی بدولت
یہ قرآن کی آیت عبادت سعادت
فصاحت بلاغت اُنہی کی بدولت
جہان تک ودو میں دیکھا ہے ہم نے
سخاوت صداقت اُنہی کی بدولت
جہاں میں کہاں پر تھی بیٹی کی عزت
ملی مجھ کو عظمت اُنہی کی بدولت

.....

اشعار سید حیدار قائم

سسکتے ہوئے اُس کو رخصت کیا جب
ٹپکتی ہوئی آنکھ غم سے مری تھی

.....

مجھے غم نے توڑا مرے ہمسفر سن
فقط تیرے آنے سے میں جڑ سکوں گا

.....

نعت رسول مقبول ﷺ

نبی کے ٹھکانے سر آسماں ہیں
زمیں پر بھی ان کے نشاں ہی نشاں ہیں
یہ فرمان ذیشان حدیثوں میں دیکھا
''وہ تخلیق اول وہ روحِ جہاں ہیں''
وضاحت زمانے کی میں کردوں یارو
زمانے اُنہی کے انہی سے زماں ہیں
اُنہی کا ہے نور اس جہاں میں ہویدا
اُنہی کے لئے روشنی کے سماں ہیں
وہی میرے مولا وہی میرے آقاؐ
وہی میری سانسوں میں ہر پل رواں ہیں
اُنہی کے تصور سے ایسے ہوں روشن
درودوں میں لگتا ہے آقا یہاں ہیں
مجھے نعت لکھتے ہوئے یہ لگا ہے
کہ مولا کے تلووں پہ بوسے رواں ہیں
کہا آپؐ نے بیٹیاں ہیں یہ رحمت
مرے گھر میں رحمت کے دو آسماں ہیں
نبی آخری ہیں محمدؐ ہی قائم
اسی بس وعقیدے پہ من گل فشاں ہیں

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

12 ربیع الاول

حمیرا علیم

جب سے ماہ ربیع الاول کا آغاز ہوا ہے۔ ایک مضمون لکھنا چاہ رہی تھی۔ مگر کچھ مصروفیت کی وجہ سے اور کچھ خدشات کی وجہ سے نہیں لکھ پائی۔ جب کوئی بہت اہم کام ہوتو وقت تو خیر نکالا جا سکتا ہے لیکن میرے مضمون پہ اکثریت بنا سوچے سمجھے اعتراضات کرے گی۔ اور بنا کسی نص کے حوالے کے میرے نص سے ثابت شدہ مضمون پہ الزامات کا انبار لگا دے گی اس لئے کچھ سستی دکھا دی۔ مگر آج کچھ ایسی پوسٹس پڑھنے اور کچھ ویڈیوز دیکھنے کا اتفاق ہوا تو رہا نہیں گیا۔ اور سوچا ہمت کر کے لکھ ہی دوں۔ تو مضمون حاضر ہے صرف ایک درخواست کرنی ہے اسے پڑھنے سے پہلے یہ سمجھ لیجئے کہ میرا کسی فرقے، مسلک یا مکتبہ فکر سے تعلق نہیں ہے۔ میں سیدھی سیدھی قرآن و حدیث اور پھر ان علماء کرام کی رائے پہ عمل کرنے والی مسلمان ہوں جن کی رائے قرآن و سنت کے مطابق ہو۔ مجھ پہ وہابی، سلفی، اہلحدیث ہونے کا ٹیگ لگانے کی بجائے اگر آپ مجھے مسلمان سمجھ کر اسے پڑھیں گے تو میں بیحد مشکور ہوں گی۔

عنوان مضمون ہے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت میں ان کا میلاد منانا۔ سب سے پہلے جو لوگ اسے مناتے ہیں ان کے دلائل کا جائزہ لیتے ہیں۔

" آپ اپنے بچوں کی سالگرہ تو منا لیتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مناتے ہوئے تکلیف ہوتی ہے۔

ہم تو ان سے محبت کرتے ہیں جو میلاد نہیں مناتے وہ تو ہیں ہی کافر لعنتی۔

ہم بارہ وفات کیوں منائیں یہ تو وہ منائیں جو سمجھتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال ہو چکا۔ ہمارے نبی تو زندہ ہیں ہم تو ان کی سالگرہ ضرور منائیں گے۔"

ایسے بچکانہ دلائل کی بھرمار ہے۔ اگر ذرا سی عقل استعمال کی جائے تو کوئی بھی مسلمان ان کا رد کر سکتا ہے۔ سالگرہ منانا اسلام کی رو سے جائز نہیں۔ کیونکہ یہ عیسائیوں کا رواج ہے اور ہمیں منع فرمایا گیا ہے کہ ان کی مشابہت اختیار کریں۔

"جس نے کسی قوم کی مشابہت اختیار کی وہ انہی میں سے ہے۔" ابوداؤد 4031

نہ اپنی نہ بچوں کی نہ ہی کسی اور کی سالگرہ منانا جائز ہے جو لوگ ایسا کرتے ہیں غلط کرتے ہیں ان کے غلط فعل کی بنیاد پہ ایک اور غلط فعل سرانجام دینا کہاں کی عقلمندی ہے؟

جب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے یہ میلاد نہیں منایا تو کیا ہم نعوذ باللہ ان سے زیادہ پکے اور باعمل مسلمان و عالم ہیں کہ ہم نے اسے منانا اہم بنا لیا ہے؟ منایئے ضرور منائیں مگر اس طریقے سے جیس نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود منائی ہے اگر آپ کو علم ہو تو وہ ہر پیر کو روزہ رکھتے تھے پوچھنے پر فرمایا میں پیر کے دن پیدا ہوا تھا اس لئے بطور شکرانہ روزہ رکھتا ہوں۔ مسلم کتاب الصیام 819۔

تو روزہ رکھتے ثواب بھی پایئے سنت بھی پوری کیجئے اور میلاد بھی منایئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیسوں احادیث مل جائیں گی جہاں سوال پر فرمایا۔

"اگر تمہیں مجھ سے محبت ہے تو سجدوں کی کثرت کرو۔" مسلم

"بھوکے کو کھانا، کھلاو۔" ترمذی

" یتیم کی کفالت کرو۔ "مسلم 1592۔ بخاری

اور بہت سے اعمال کرنے کا حکم دیا مگر یہ نہیں فرمایا کہ بڑی سی محفل منعقد کرنا لاوڈ اسپیکر ٹینٹ لگانا گانوں کی ٹیونز والی نعتیں پڑھنا، نماز چھوڑ دینا، مگر محفل میلاد نہیں، جلوس نکالنا جس میں ہندووں اور عیسائیوں کی طرح (جیسے وہ اپنے الہ اور بتوں کو اٹھائے پھرتے ہیں) میری مسجد اور کعبہ کے ماڈلز بنا کر گھومنا اور پورا دن اور پوری رات مسجد کے لاوڈ اسپیکر پہ نعتیں گا گا کر لوگوں کو نہ کوئی کام کرنے دینا نہ آرام نہ سونے دینا چاہے کوئی بیمار ہی کیوں نہ ہو، انواع واقسام کے کھانے کھانا اور وہ ساری سنتیں بھول جانا جن میں میں نے نماز مختصر کر دی صرف اس لئے کہ خواتین کے چھوٹے بچے رو رہے تھے اور مرد کام کی وجہ سے تھکے ہوئے تھے۔ قرآن کی بلند تلاوت نہیں کی کہ لوگوں کی نیند نہ خراب ہو، کعبے سے بت ہٹائے، ننگے طواف کرنے سیٹیاں تالیاں گانے بجانے سے منع فرمایا کیونکہ یہ سب جاہلانہ باتیں تھیں۔

اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حدیث کے ذریعے فرماتے ہیں۔

کسی پہ لعنت نہ بھیجو۔ مسلم کتاب الزہد۔ داود کتاب الادب

یہاں کسی پر بھی کا لفظ ہے کجا کہ آپ مسلمانوں پہ ہی لعنت بھیج رہے ہیں۔ وہ بھی ایک بدعت کے نہ کرنے ہر۔ اور اگر اس حدیث کو پڑھیں تو اتنی سخت وعید ہے کہ بندہ کبھی ایسا نہ کہے کیونکہ فرمان رسول ہے کہ اگر بندہ اس لعنت کا مستحق نہ ہو تو لعنت بھیجنے والے پر پلٹ آتی ہے۔

اگلا جواز ہے کہ ہم تو بارہ وفات اس لئے نہیں مناتے کہ ہمارے نبی تو قبر میں زندہ ہیں۔ تو جناب یہاں آپ کو ذرا اپنی اس نہایت بھونڈی دلیل پہ نظر ثانی کی ضرورت ہے۔ پہلی بات تو یہ کہ اگر آپ اپنے والدین، اولاد، دوست رشتیدار یا کسی بھی اجنبی شخص کو زندہ قبر میں دفن نہیں کرتے تو کیا نعوذ باللہ صحابہ کرام اپنی محبوب ترین ہستی کو زندہ قبر میں دفن کر سکتے تھے؟؟؟ چلیے اسے بھی چھوڑیے۔ جو لوگ سیرت النبی پڑھ چکے ہیں وہ اس بات سے واقف ہوں گے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وفات سے پہلے فاطمہ رضی اللہ کے کان میں کچھ کہا تو وہ رو پڑیں پھر کچھ کہا تو وہ ہنس دیں۔ دریافت کرنے پہ فرمایا۔

" پہلے انہوں نے مجھے اپنی وفات کے بارے میں بتایا پھر فرمایا کہ میں جنت کی خواتین کی سردار ہونگی۔" بخاری و مسلم

جب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتقال ہوا تو بوبکر رضی اللہ عنہ نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔

"اگر تم میں سے کوئی شخص محمد کی عبادت کرتا تھا تو اسے معلوم ہونا چاہیے ان کی وفات ہو چکی۔ اور اگر کوئی اللہ کی عبادت کرتا ہے تو اللہ باقی رہنے والا ہے۔ وہ کبھی مرنے والا نہیں۔ محمد صرف اللہ کے رسول ہیں اور بہت سے رسول ان سے پہلے بھی گزر چکے۔ پس کیا اگر وہ وفات پا جائیں یا انہیں شہید کر دیا جائے تو کیا تم اسلام سے پھر جاو گے۔ اور جو شخص اپنی ایڑیوں کے بل پھر جائے تو وہ اللہ کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا اور اللہ عنقریب اپنے شکر گزار بندوں کو بدلہ دینے والا ہے۔" آل عمران 144

ایک اور آیت قرآن سے بھی یہ ثابت ہوتا ہے کہ سب انسان فوت ہوں گے اور چونکہ انبیاء ؒ بھی انسان تھے تو ان کا بھی انتقال ہوا اسی لیے ان کی قبریں موجود ہیں۔

" ہر نفس موت کا ذائقہ چکھے گا۔" آل عمران 185

شہید بھی مرتا ہے تو جنت میں جاتا ہے۔ انبیاء ؒ کے لیے برزخ کی زندگی نہیں ان کی ارواح شہدا کی طرح ڈائریکٹ جنت میں جاتی ہیں۔ تو کہیں آپ ان دو آیات اور تمام احادیث بخاری و مسلم کا انکار کر کے گستاخی کے مرتکب تو نہیں ہو رہے؟ ذرا غور فرمایئے۔

اب ذرا اس میلاد النبی کی تاریخ بھی ملاحظہ فرما لیجئے۔ کہ یہ کب اور کس نے شروع کیا۔

اس سلسلے میں مختلف روایات ہیں جن کیمطابق عباسیوں یا فاطمیوں نے اس کا آغاز بغداد میں کیا۔ الخزرون بنت عطا عباسی نے اسے منانا شروع کیا۔ ابن جبیر کہتے ہیں کہ ہر ربیع الاول کے تیسرے پیر کو میلاد

صحافت شوبز

ہالی ووڈ میں نسل پرستی کا شکار ہوئی اس لئے مزید کام نہیں کیا، دیپیکا پڈوکون

امریکا میں نسل پرستی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، وہاں جاتے ہیں پریشان ہوجاتی ہوں، بھارتی اداکارہ

ممبئی (یواین پی) ہالی ووڈ کی کامیاب ترین اداکارہ دیپیکا پڈوکون کا ہالی ووڈ میں کام کرنے کے حوالے سے کہنا ہے کہ وہ امریکہ میں نسل پرستی کا شکار ہوئیں۔ بھارتی میڈیا کو دیئے انٹرویو کے دوران دیپیکا پڈوکون نے انکشاف کیا ہے کہ وہ جب بھی امریکہ جاتی ہیں پریشان ہوجاتی ہیں کیونکہ وہاں انہیں نسل پرستی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ دیپیکا پڈوکون نے کہا کہ مجھ سے میرے مداح پوچھتے ہیں کہ میں نے بین الاقوامی فلموں میں زیادہ کام کیوں نہیں کیا؟ میں جب بھی امریکا جاتی ہوں کچھ ایسی بات کہہ دی جاتی ہے یا پھر ایسی چیز ہوجاتی ہے جو مجھے پریشان کردیتی ہے۔ دیپیکا کا کہنا تھا کہ ہمارے یہاں سائنسدان ہیں، دنیا کے بہترین ڈاکٹرز ہیں کوئی چاہے ٹیکسی ڈرائیور ہے یا کسی کا اسٹور ہے، ہم وہ ہیں جو ہم ہیں۔ ہالی ووڈ فلموں میں مزید کام نہ کرنے کے حوالے سے اداکارہ نے مداحوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ میں انہیں بتانا چاہتی ہوں کہ یہ وہ نہیں ہے جو میں نے طے کیا ہے

انجلینا جولی اور سابق شوہر، اداکار بریڈ پٹ کے بچے دوران پرواز مبینہ طور پر تشدد کے بعد خوفزدہ

لاس اینجلس (ویب ڈیسک) عالمی شہرت یافتہ ہالی ووڈ اداکارہ اور اقوام متحدہ کی خصوصی سفیر انجلینا جولی اور ان کے سابق شوہر، اداکار بریڈ پٹ کے بچے دوران پرواز مبینہ طور پر تشدد کے بعد خوفزدہ ہوگئے۔ رپورٹ کے مطابق اس سابقہ جوڑے کے بچے دورانِ پرواز تشدد کے واقعے کے بعد کبھی بھی چیٹو میراول نہیں گئے کیونکہ وہ پرواز میں پیش آنے والے تکلیف دہ واقعہ سے خوفزدہ ہوگئے تھے۔ ایک رپورٹ میں سامنے آنے والی عدالتی دستاویزات کے مطابق انجلینا جولی کی قانونی ٹیم نے عدالت کو بتایا کہ پرواز کے دوران جو کچھ بھی ہوا وہ اداکارہ اور ان بچوں کیلئے تکلیف دہ تھا۔ بیان میں کہا گیا کہ اداکارہ اور ان کے بچے آج تک اس تکلیف کی وجہ سے دوبارہ چیٹو میراول نہیں جاسکے۔ خیال رہے کہ انجلینا جولی اور بریڈ پٹ 6 بچوں 21 سالہ میڈوکس، 18 سالہ پیکس، 17 سالہ زہرا، 16 سالہ شیلو، 14 سالہ ویوین اور نوکس کے والدین ہیں۔ واضح رہے کہ انجلینا جولی نے عدالتی دستاویزات میں یہ دعویٰ کیا کہ 2016 میں دوران پرواز بریڈ پٹ نیا پنے ایک بچے کا گلا گھونٹا اور ایک کیچرے پر مارا جبکہ اداکارہ کو سر سے پکڑ کر بری طرح جھنجھوڑا تھا۔ دستاویزات میں 2016 میں پیش آنے والے واقعے کے بارے میں بتایا گیا کہ بریڈ پٹ نیجولی پر بیئر اور بچوں پر ریڈ وائن بھی پھینکی۔

آنے والی نئی فلم ''بشیرا گجر'' کی عکس بندی کا کام تیزی سے جاری

فلم ''بشیرا گجر'' میں معمر رانا ہیرو جبکہ مہرو خان ہیروئن بن کر جلوہ گر ہوں گے

لاہور (شوبز رپورٹر) آنے والی نئی فلم ''بشیرا گجر'' کی عکس بندی کا کام تیزی سے جاری، جبکہ فلم اگلے سال سینما گھروں کی زینت بنے گی۔ فلم ''بشیرا گجر'' میں معمر رانا ہیرو جبکہ مہرو خان ہیروئن بن کر جلوہ گر ہوں گے۔ فلم کے ڈائریکٹر مسعود بٹ جبکہ پپو گجر اور محمد طاہر پروڈیوسر ہیں۔ اس حوالے سے اداکارہ مہرو خان سے خصوصی بات چیت کی گئی جس پر ان کا کہنا تھا کہ فلم کی شوٹنگ کا کام جاری ہے اس کے علاوہ فلم میں بطور ہیروئن میرا کام شائقین کے دل جیت لے گا۔ ایک سوال کے جواب میں ان کا کہنا تھا کہ پاکستانی ڈراموں نے انڈین ڈراموں کا سہر توڑ دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ میری ترجیح پیسہ کمانا نہیں اپنی محنت اور لگن پر بھروسہ ہے اور یہی میری کامیابی کی سیڑھی ہے۔



اداکارہ دعا ملک نے عمرے کی سعادت حاصل کرلی

کراچی (یواین پی) پاکستانی شوبز اسٹار دعا ملک نے اپنی والدہ کے ہمراہ عمرے کی سعدات حاصل کرلی ہے، سعودی عرب میں موجود پاکستانی اسٹار نے والدہ کے ہمراہ مسجد الحرام اور مسجد نبوی کی تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کیں۔ ماہ ربیع الاول کی مناسبت سے عمرہ ادائیگی کیلئے سعودی عرب میں موجود دعا ملک رمضان ٹرانسمیشن کی میزبانی بھی کرچکی ہیں۔ دعا ملک ضرورت مند افراد کیلئے ایک فلاحی تنظیم بھی چلارہی ہیں، انہوں نے متاثرین سیلاب کی بحالی کیلئے بھی بھرپور انداز میں مہم چلائی تھی۔

...نی پنجابی فلم بشیرا گجر کا گانا فارم ہاوس پر پکچرائز کیا گیا

''دی لیجنڈ آف مولا جٹ'' کی شوٹنگ کے دوران شدید سردی سے بیمار ہوگئی تھی' ماہرہ خان

شوٹنگ کے دوران ڈائیلاگ بہت مشکل تھے، ورنہ کانپتے ہوئے میری پنجابی اتنی اچھی کبھی نہ ہوتی

لاہور (ویب ڈیسک) لالی ووڈ سٹار ماہرہ خان نے کہا ہے کہ ''دی لیجنڈ آف مولا جٹ'' کی شوٹنگ کے دوران وہ شدید سردی کی وجہ سے بیمار پڑ گئی تھیں۔ اداکارہ نے بتایا کہ فلم کی شوٹنگ کے دوران میرے لئے سب سے مشکل شدید سردیوں میں شوٹنگ تھی، شوٹنگ کے لئے ہم لاہور آئے تھے، اس وقت سردی بھی کافی تھی اور بارشیں ہورہی تھیں۔ فلم کی شوٹنگ کے دوران میں کانپ رہی تھی اور اس دن میں بیمار ہوگئی تھی۔ ماہرہ خان نے کہا کہ شدید موسم کے باوجود ہمیں شوٹنگ کرنی تھی اور ہم نے بالآخر اپنا کام کیا۔ فواد خان اور میں دونوں کانپ رہے تھے۔

رنبیر کی خواہش ہے ماں بننے کے بعد جلد دوبارہ کام شروع کردوں، عالیہ بھٹ

سٹار جوڑی ننھے مہمان کی آمد کے حوالے سے بہت خوش اور نئی ذمہ داریوں کے حوالے سے تیاریوں میں مصروف ہے

ممبئی (ویب ڈیسک) بالی ووڈ سپر اسٹار عالیہ بھٹ نے کہا ہے کہ رنبیر کی خواہش ہے کے بچے کی پیدائش کے فوراً بعد شوبز انڈسٹری میں کام شروع کردوں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بالی ووڈ سپر اسٹار جوڑی ننھے مہمان کی آمد کے حوالے سے بہت خوش اور نئی ذمہ داریوں کے حوالے سے تیاریوں میں مصروف ہے۔ اسی حوالے سے ایک انٹرویو میں عالیہ بھٹ نے بتایا کہ رنبیر کے ساتھ مل کر مستقبل کی پلاننگ کر رکھی ہے، بچے کی پیدائش کے بعد دونوں نے اپنی ذمہ داریاں طے کرلی ہیں، ننھے مہمان کی آمد کے ساتھ ہی ہمارے نئے سفر کا آغاز ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ رنبیر بہت خوش ہے اور ساتھ ہی وہ چاہتے ہیں کہ دونوں آنے والے دنوں میں ایک دوسرے کو ریلیف دیں، رنبیر خوشی کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں نبھانا بھی چاہتے ہیں۔ عالیہ بھٹ نے بتایا کہ رنبیر سمجھتے ہیں کہ مجھے کام پر جلد واپس بھیجنا ان کی ذمہ داری ہے اور اگر ایسا نہ ہوا تو انہیں شکایتیں سننا پڑیں گی۔ بیبک بیلنس کے متعلق بات کرتے ہوئے عالیہ بھٹ کا کہنا تھا مجھے نہیں معلوم میرے پاس کتنے پیسے ہیں، پیسے بنانا میرا کام ہے اور سنبھالنا میری امی کا کام ہے کیونکہ سارا حساب وہی رکھتی ہیں۔ انہوں نے بتایا کے وہ ہمیشہ بہت سنبھال کر پیسے خرچ کرتی ہیں اور اور اپنی پاکٹ منی بھی اسی طرح استعمال کی، بیبک بیلنس کتنا ہے یہ سب باتیں سونی رازدان یعنی ان کی والدہ ہی جانتی ہیں۔

گدھوں اور کتوں کو برآمد نہ کیا جائے، اداکارہ مشعال خان کی حکومت سے اپیل

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان ڈرامہ انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ مشعل خان نے حکومت سے اپیل کی ہے کہ گدھوں اور کتوں کو کسی بھی ملک کو برآمد نہ کیا جائے۔ سوشل میڈیا صارفین ان دنوں حکومت پاکستان کی جانب سے چین کو گدھے اور کتے برآمد کئے جانے کی خبروں پر ردعمل میں اداکارہ مشعل خان نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اسٹوری اپ ڈیٹ کرتے ہوئے حکومت کے اس اقدام کی مذمت کی ہے۔ انہوں نے اپنی اسٹوری میں حکومت سے اپیل کرتے ہوئے لکھا کہ اس اقدام پر عملی درآمد نہ کیا جائے۔

فیصل قریشی کی کامران اکمل کو بولڈ کرنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل

کراچی (یواین پی) اداکار فیصل قریشی کی ایک میچ میں پاکستانی وکٹ کیپر بیٹر کامران اکمل کو آوٹ کرنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر مقبول ہورہی ہے۔ یہ ویڈیو پرانی ہے جو فیصل قریشی کی جانب سے دو روز قبل اپنے فیس بک اکاونٹ پر شیئر کی گئی۔ مذکورہ ویڈیو سلیبریٹی کرکٹ میچ کی ہے جس میں فیصل قریشی سمیت متعدد پاکستانی اداکار تھے جنہوں نے قومی کرکٹرز کے ساتھ میچ کھیلا۔ ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ کس شاندار طریقے سے فیصل نے کامران اکمل کی وکٹ لی، اداکار نے کیپشن میں یہ بھی لکھا "ہاں بھئی، کیا خیال ہے؟" ویڈیو سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر وائرل ہے جس پر صارفین دلچسپ تبصرے کررہے ہیں۔



یشما گل کو ٹرانسفارمیشن ویڈیو پوسٹ کرنا مہنگا پڑ گیا

اسٹائل آئیکون بننے کی کوشش پر سوشل میڈیا صارفین اداکارہ کو آڑے ہاتھوں لیا

لاہور (ویب ڈیسک) اداکارہ یشما گل کو ٹرانسفارمیشن ویڈیو پوسٹ کرنا مہنگا پڑ گیا۔ یشما گل نے چھ مختلف لکز پر مبنی ٹرانسفارمیشن ویڈیو کو اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر پوسٹ کیا۔ ساتھ ہی ان لکز کو اسٹائل کرنے والی اسٹائلسٹ عروبہ گل کو بھی ٹیگ کیا۔ پاکستانی اداکارہ یشما گل کو ایک مرتبہ پھر ان کے انوکھے اسٹائل کی وجہ سے سوشل میڈیا صارفین دلچسپ تبصرے کررہے ہیں۔ فیشنسٹا ظاہر کرنے کے لیے یشما نے ویسٹرن ویئر کے علاوہ بیگز، سینڈلز، جیولری کا شوکیس کیا۔ یشما نے چھ مختلف لکز میں ویسٹرن ویئر کو زیب تن کیا ہوا ہے۔ ان لکز میں پارٹی لک، بیچ لک اور آفس لک کا ڈسپلے کیا گیا۔ یشما نے اسٹائل آئیکون بننے کی کوشش کی لیکن سوشل میڈیا صارفین نے اداکارہ کو آڑے ہاتھوں لیا۔

نورا فتحی فیفا ورلڈ کپ 2022 کی میوزک ویڈیو کا حصہ بن گئیں

فیفا ورلڈ کپ 21 نومبر سے قطر میں شروع ہورہا ہے جس کا فائنل 18 دسمبر کو ہوگا

ممبئی (یواین پی) بالی ووڈ اداکارہ نورا فتحی فٹبال کے انٹرنیشنل مقابلے فیفا ورلڈ کپ 2022 کی میوزک ویڈیو کا حصہ بن گئیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق فیفا ورلڈ کپ 2022 کی میزبان اس بار قطر کرنے جا رہا ہے جس میں نورا فتحی بھارت کی نمائندگی کریں گی۔ بالی وڈ اسٹار فیفا کی آفیشل میوزک ویڈیو کا حصہ ہوں گی جبکہ وہ فیفا ترانے پر پرفارم بھی کریں گی۔ اس سال کا ترانہ گلوکار ریڈ ون نے تیار کیا ہے۔ فیفا ورلڈ کپ کی اختتامی تقریب میں نورا فتحی نہ صرف پرفارم کریں گی بلکہ گانا بھی گائیں گی۔ ایونٹ میں مشہور شخصیات پٹبل، جینیفر لوپیز اور شکیرا بھی جلوہ گر ہوں گی۔ واضح رہے کہ فیفا ورلڈ کپ 21 نومبر سے قطر میں شروع ہورہا ہے جس کا فائنل 18 دسمبر کو ہوگا۔ اس دوران کل 64 میچ کھیلے جائیں گے۔

سشمیتا سین ویب سیریز تالی میں نئے روپ میں جلوہ گر ہوں گی

بالی ووڈ اداکارہ اس نئی ویب سیریز میں خواجہ سرا کا کردار ادا کررہی ہیں



ممبئی (یواین پی) نئی آنے والی ویب سیریز میں سشمیتا ایک خواجہ سرا کا کردار ادا کررہی ہیں۔ ویب سیریز میں بالی وڈ اداکارہ بھارتی خواجہ سرا اور سماجی کارکن Shreegauri Sawant کا کردار نبھائیں گی۔ سابقہ مس یونیورس سشمیتا سن ایک نئے روپ میں جلوہ گر ہورہی ہیں اپنی آنے والی نئی ویب سیریز تالی میں۔ ایکٹریس نے اپنے سوشل میڈیا ہینڈل سے اپنی نئی ویب سیریز کے حوالے سے مداحوں کا آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ وہ اپنے نئے پراجیکٹ میں خواجہ سرا کے مشہور سماجی کارکن شری گوری ساونت کا کردار ادا کررہی ہیں۔ ویب سیریز کا نام تالی رکھا گیا ہے۔ انہوں نے لکھا کہ اس سے زیادہ فخر کیا ہوگا کہ میں ایک خوبصورت انسان کا کردار نبھاوں گی۔ یہاں ہر ایک کو عزت کے ساتھ اپنی زندگی اپنی مرضی سے گزرانے کا حق حاصل ہو۔

SPORTS صحافت سپورٹس

بابر اعظم اکثر ٹیم پر ہونے والی سخت تنقید کے بارے میں بات کرتے ہیں، رمیز راجہ کا انکشاف

پاکستان کے پاس بھی دیگر ٹیموں کی طرح ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ جیتنے کے امکانات ہیں

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے چیئرمین رمیز راجا نے انکشاف کیا ہے کہ قومی ٹیم کے کپتان بابر اعظم ان سے اکثر ٹیم پر ہونے والی سخت تنقید کے بارے میں بات کرتے ہیں۔ ایک انٹرویو میں چیئرمین پی سی بی نے انکشاف کیا کہ قومی ٹیم کے کپتان بابر اعظم ان سے اکثر ٹیم پر ہونے والی سخت تنقید کے بارے میں بات کرتے ہیں۔ رمیز راجا نے کہا کہ بابر مجھے بتاتا ہے کہ کیسے شائقین کرکٹ اور میڈیا کی جانب سے ٹیم پر تنقید کی جارہی ہے، میں اسے کہتا ہوں کہ خود کو خوش قسمت سمجھو کیونکہ پاکستان میں جس طرح سے کرکٹ کو سمجھا جاتا ہے ایسا کسی دوسرے کھیل کو نہیں سمجھا جاتا۔ چیئرمین پی سی بی نے ایشیا کپ میں بھارت کے خلاف فتح سے متعلق کہا کہ میں نے اس سے قبل پاکستان کو اتنی خوبصورتی سے بھارت کو شکست دیتے نہیں دیکھا، یہ بالکل آسان نہیں، بھارت کے پاس بہت وسائل ہیں۔

نیوزی لینڈ میں سہ ملکی سیریز سے پاکستان کو بہت فائدہ ہوگا، بابر اعظم

نیوزی لینڈ اور بنگلہ دیش کے خلاف یہ میچز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کی تیاری میں معاونت کریں گے، کپتان قومی ٹیم



کرائسٹ چرچ (ویب ڈیسک) پاکستان قومی ٹیم کے کپتان بابر اعظم نے کہا ہے کہ نیوزی لینڈ میں سہ ملکی سیریز سے پاکستان کو بہت فائدہ ہوگا۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے بابر اعظم نے کہا کہ نیوزی لینڈ اور بنگلہ دیش کے خلاف یہ میچز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کی تیاری میں معاونت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ میں کوئی بھی ٹیم آسان نہیں ہوتی، نیوزی لینڈ کی ٹیم اپنی ہوم کنڈیشنز میں سخت حریف ثابت ہوتی ہے، نیوزی لینڈ کے پاس کین ولیمسن، ٹم ساؤدی اور ٹرینٹ بولٹ جیسے تجربہ کار کھلاڑی موجود ہیں، یہاں کی کنڈیشنز آسٹریلیا سے ملتی جلتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہاں کی باؤنسی پچز پر کھیلنے سے ورلڈ کپ کی تیاری ہوگی، انگلینڈ کے خلاف ہم نے مختلف کمبی نیشن آزمائے، جس سے اپنی خامیوں اور خوبیوں کا اندازہ ہوا۔

ہانیہ عامر اور فرحان سعید پھر ایک ساتھ نظر آنے کو تیار

مشہور ڈرامہ سیریل 'میرے ہمسفر' کی جوڑی ہانیہ اور فرحان سعید کے ساتھ، وہ مستقبل کے ایک پروجیکٹ پر کام کررہے ہیں

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستانی معروف آن اسکرین جوڑی اداکارہ ہانیہ عامر اور گلوکار فرحان سعید دوبارہ ایک ساتھ نظر آنے کو تیار ہیں۔ پاکستانی سوشل میڈیا پیجز پر اس جوڑی کی خبر جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی ہے۔ ٹی وی اسکرین پر بے حد جچنے اور پسند کی جانے والی جوڑی ہانیہ عامر اور فرحان سعید کی اس خبر کو ان کے مداحوں کے لیے ایک ٹریٹ قرار دیا جا رہا ہے۔ حال ہی میں ہدایتکار قاسم علی مرید نے ایک ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر انٹرویو کے دوران انکشاف کیا ہے کہ مشہور ڈرامہ سیریل 'میرے ہمسفر' کی جوڑی ہانیہ اور فرحان سعید کے ساتھ، وہ مستقبل کے ایک پروجیکٹ پر کام کررہے ہیں

پولینڈ ٹینس سٹار ایگاشیاں ٹیک اوسٹراوا اوپن ٹینس ویمنز سنگلز کوارٹر فائنل میں پہنچ گئیں

اوسٹراوا (یواین پی) پولینڈ کی نامور ٹینس سٹار اور عالمی نمبر ایک ایگاشیاں ٹیک اور جمہوریہ چیک کی پیٹرا کویٹووا اوسٹراوا اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئیں۔ ایگاشیاں ٹیک خواتین کے سنگلز مقابلوں کے دوسرے راؤنڈ میں حریف آسٹریلوی کھلاڑی اجلا ٹوملجانووچ کے دوسرے سیٹ میں اچانک فٹنس مسائل کے باعث میچ سے دستبردار ہونے پر باآسانی ٹاپ ایٹ میں پہنچ گئیں جبکہ پیٹرا کویٹووا نے ہسپانوی حریف کھلاڑی پالا بدوسا گیبرٹ کو شکست دی۔ ڈبلیو ٹی اے کے زیر اہتمام اوسٹراوا اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے جمہوریہ چیک میں جاری ہیں۔ خواتین کے سنگلز مقابلوں کے دوسرے راؤنڈ میں پولینڈ کی نامور ٹینس سٹار اور عالمی نمبر ایک ایگاشیاں ٹیک کو حریف آسٹریلوی کھلاڑی اجلا ٹوملجانووچ کے خلاف پہلے سیٹ میں 5-7 سے فتح سے برتری حاصل تھی، دوسرے سیٹ میں دونوں کھلاڑیوں کے درمیان مقابلہ 2-2 سے برابر تھا کہ حریف آسٹریلوی کھلاڑی اجلا ٹوملجانووچ فٹنس مسائل کے باعث مقابلہ جاری نہ رکھ پائیں اور میچ سے دستبردار ہوگئیں۔ یوں 21 سالہ عالمی نمبر ایک پاؤلش کھلاڑی نے باآسانی کوارٹر فائنل کے لئے کوالیفائی کرلیا۔

پاکستان کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں کی کرائسٹ چرچ میں ٹریننگ

کرائسٹ چرچ (ویب ڈیسک) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں نے کرائسٹ چرچ میں سہ ملکی سیریز کی تیاری کے لیے ٹریننگ سیشن میں حصہ لیا جہاں تمام کھلاڑیوں نے کوچنگ اسٹاف کی نگرانی میں بیٹنگ، باؤلنگ اور فیلڈنگ کی ٹریننگ کی۔ سہ ملکی سیریز میں پاکستان اپنا پہلا میچ جمعہ کو بنگلہ دیش کے خلاف کھیلے گا۔ تفصیلات کے مطابق سہ ملکی سیریز کے لیے پاکستان کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں کا آؤٹ ڈور پریکٹس سیشن جمعرات کو لنکن یونیورسٹی کے گراؤنڈ میں شیڈول تھا تاہم گزشتہ رات کرائسٹ چرچ میں برفباری کی وجہ سے شدید سردی اور ٹھنڈی ہواؤں کی وجہ سے قومی کھلاڑیوں کو لنکن یونیورسٹی کے انڈور ہال میں ٹریننگ کرنا پڑی۔ انڈور ہال میں ٹریننگ کے لیے نیچرل ٹرف پچز موجود تھیں۔ تین گھنٹے تک جاری رہنے والے سیشن میں قومی ٹیم کے کھلاڑیوں نے بیٹنگ، باؤلنگ اور فیلڈنگ کی ٹریننگ کی۔ سہ ملکی سیریز کا پہلا میچ جمعہ کو پاکستان اور بنگلہ دیش کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان کھیلا جائیگا جو پاکستان کے وقت کے مطابق صبح سات بجے شروع ہوگا۔ موسم میں اچانک تبدیلی کی وجہ سے کرائسٹ چرچ میں جمعرات کو بھی ٹھنڈی ہوائیں چلتی رہیں تاہم محکمہ موسمیات کے مطابق جمعہ کو دوپہر کے وقت موسم خوشگوار ہوجائے گا اور زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 12 ڈگری سینٹی گریڈ اور کم سے کم 2 ڈگری سینٹی گریڈ رہے گا۔

سعید اجمل کا اعظم اور شرجیل خان کو ٹیم میں شامل کرنے کا مطالبہ

پاکستان کو انگلینڈ کے ہاتھوں 7 میچز کی ہوم ٹی 20 سیریز میں 3-4 سے ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا

کراچی (یواین پی) پاکستان کو ڈرپوک کے بجائے فربہ پلیئرز کھلانے کا مشورہ ملنے لگا۔ پاکستان کو انگلینڈ کے ہاتھوں 7 میچز کی ہوم ٹی 20 سیریز میں 3-4 سے ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا، پوری سیریز میں مڈل آرڈر نے بہت زیادہ مایوس کیا، خاص طور پر خوشدل شاہ، آصف علی اور افتخار احمد وکٹ پر حاضری لگاتے ہوئے دکھائی دیے، وہ ایشیا کپ میں بھی بہتر پرفارم نہیں کرسکے تھے۔ سابق اسپنر سعید اجمل نے ان کی جگہ ان فٹ قرار پانے والے اعظم اور شرجیل خان کو ٹیم میں شامل کرنے کا مطالبہ کردیا۔ یوٹیوب ویڈیو میں انھوں نے کہا کہ انگلینڈ نے ہمیں مکمل طور پر آٹ کلاس کردیا، پاکستانی سائیڈ بالکل بچوں کی ٹیم لگ رہی تھی، کھلاڑی بے بس دکھائی دے رہے تھے، انگلینڈ نے ان بیچاروں کو بہت مارا، جس طرح سے انگلش ٹیم کھیل رہی تھی ہمیں بھی ویسے ہی کھیلنا چاہیے تھا، ہمارے کھلاڑیوں میں اتنا زیادہ خوف ہے کہ انھیں منتخب کیا جائے گا یا نہیں۔ سعید اجمل نے مزید کہا کہ جب آپ خوفزدہ ہوکر کھیلیں گے تو پھر ناکام ہی ہوں گے، بے خوف کرکٹ سے ہی کامیابی حاصل کرنا ممکن ہے

ویمن ایشیا کپ، تھائی لینڈ نے پاکستان کو شکست دے دی

تھائی لینڈ کی جانب سے نتھا کان چمپن 61 رنز بنا کر نمایاں رہیں

سلہٹ (یواین پی) ویمن ایشیا کپ ٹی ٹوئنٹی کے میچ میں تھائی لینڈ نے پاکستان ویمنز کو 4 وکٹ سے شکست دے دی۔ پاکستان کی جانب سے دیا گیا 117 رنز کا ہدف تھائی لینڈ نے 6 وکٹ کے نقصان پر ایک بال پہلے حاصل کرلیا۔ تھائی لینڈ کی جانب سے نتھا کان چمپن 61 رنز بنا کر نمایاں رہیں۔ پاکستان کی ندا ڈار اور طوبیٰ حسن نے دو، دو وکٹیں حاصل کیں۔ میچ میں پاکستان کی جانب سے سدرہ امین نے 54 رنز بنائے۔ ایونٹ میں پاکستان ویمنز ٹیم کی یہ پہلی شکست ہے۔ اس سے قبل پاکستان ٹیم ملائیشیا اور بنگلہ دیش کو ہرا چکی ہے۔

بھارت کے ایک اور اداکار نے خودکشی کرلی

چنئی (ویب ڈیسک) بھارت میں تامل ڈراموں کے اداکار لوکیش راجندرا نے 34 سال کی عمر میں خودکشی کرلی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ اداکار گھریلو پریشانیوں کی وجہ سے شراب نوشی کے عادی تھے اور اکثر اوقات انہیں مختلف جگہوں پر نشے کی حالت میں دیکھا گیا۔ پولیس کے مطابق اداکار لوکیش گزشتہ روز چنئی شہر میں ایک بس ٹرمینل کے قریب نشے کی حالت میں بیہوش ملے جہاں سے انہیں اسپتال منتقل کیا گیا لیکن وہ جانبر نہیں ہوسکا۔ اداکار لوکیش راجندرا کے والد کا کہنا ہے کہ ایک ماہ قبل بیٹے کا اپنی اہلیہ سے جھگڑا ہوا تھا جس کے بعد دونوں میں طلاق کی باتیں چل رہی تھیں۔

پاکستان، نیوزی لینڈ اور بنگلا دیش کے درمیان سہ فریقی سیریز کا آغاز (آج) سے ہوگا

کرائسٹ چرچ (ویب ڈیسک) پاکستان، نیوزی لینڈ اور بنگلا دیش کے درمیان سہ فریقی سیریز کا آغاز آج بروز (جمعہ) سے ہوگا۔ افتتاحی میچ میں پاکستان اور بنگلا دیش مد مقابل ہوں گے۔ سہ فریقی ٹورنامنٹ کے لئے نیوزی لینڈ میں موجود قومی کرکٹ ٹیم نے لنکن یونیورسٹی کرائسٹ چرچ میں بھرپور ٹریننگ سیشن کیا۔ انڈور ہال میں ٹریننگ کے لئے نیچرل ٹرف پچز موجود تھیں۔ تین گھنٹے تک جاری رہنے والے پریکٹس سیشن میں کھلاڑیوں نے بیٹنگ، بولنگ اور فیلڈنگ کی مشقیں کیں۔

قومی کھیل ہاکی کی صورتحال سے بہت پریشان کن ہے، نواب شیر وسیر

اسلام آباد (ویب ڈیسک) قومی اسمبلی قائمہ کمیٹی بین الصوبائی رابطہ کے چیئرمین نواب شیر وسیر نے کہا ہے کہ قومی کھیل ہاکی کی صورتحال سے بہت پریشان کن ہے، پاکستان سپورٹس بورڈ کام کرنیوالی فیڈریشنز کو سپورٹ کرے، پاکستان باسکٹ بال فیڈریشن بہتر کام کررہی ہے، نوجوان کھلاڑی ہمارا سرمایہ ہے، سپورٹس بورڈ کو زیادہ توجہ دینا چاہیے۔ پاکستان سپورٹس کمپلیکس اسلام آباد میں نیشنل وویمنز باسکٹ بال چمپئن شپ میں شرکت کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے چیئرمین قائمہ کمیٹی نے کہا کہ قومی کھیل ہاکی کی صورتحال سے بہت پریشان کن ہے، حکومت نے ہاکی کے معاملات کا جائزہ لینے کیلئے کمیٹی تشکیل دی ہے

حارث روف نے شاداب خان سے بدلا لے لیا

شاداب کی سالگرہ کی دلچسپ ویڈیو سوشل میڈیا صارفین کو بھا گئی



لاہور (یواین پی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے آف دی فیلڈ تعلقات کی ویڈیوز اور تصاویر کو ان کے مداح ہمیشہ ہی پسند کرتے ہیں۔ اس مرتبہ جب کیک کھلانے کے معاملے پر حارث روف نے شاداب خان سے بدلا لیا تو اس کی ویڈیو کو بھی انٹرنیٹ پر مداح بہت پسند کررہے ہیں۔ بولنگ آل راونڈر شاداب خان نے ماضی میں دو مرتبہ فاسٹ بولر حارث روف کے ساتھ کیک کھلاتے ہوئے مذاق کیا تھا۔ جس کے بعد حارث روف نے بھی شاداب خان سے بدلا لینے کے لئے خاص دن کا انتخاب کیا اور انہی کی سالگرہ پر ان سے بدلا لے لیا۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کے نائب کپتان شاداب خان کی سالگرہ سہ فریقی سیریز میں شرکت کیلئے نیوزی لینڈ جاتے ہوئے سفر کے دوران جہاز میں منائی گئی

ڈیرن سیمی نے پاکستان جونیئر لیگ کو اچھا اقدام قرار دے دیا

پی جے ایل پاکستان کرکٹ کے مستقبل کے لیے سرمایہ کاری ہے

کراچی (یواین پی) پاکستان جونیئر لیگ (پی جے ایل) کی ٹیم حیدرآباد ہنٹرز کے مینٹور اور سابق کپتان ویسٹ انڈیز کرکٹ ٹیم ڈیرن سیمی کا کہنا ہے کہ پی جے ایل کا انعقاد ایک بہت اچھا اقدام ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے ڈیرن سیمی کا کہنا ہے کہ کرکٹ کا مستقبل قذافی اسٹیڈیم میں ایکشن میں ہوگا، پی جے ایل پاکستان کرکٹ کے مستقبل کے لیے سرمایہ کاری ہے، پاکستان کو کسی بھی دور میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سپر لیگ میں میں نے بے پناہ ٹیلنٹ دیکھا، میں آغاز میں اصغر علی جیسے نوجوان کرکٹرز سے بہت متاثر ہوا، کئی نوجوان کرکٹرز ایسے ہیں جنہوں نے پی ایس ایل میں پرفارم کیا اور انٹرنیشنل کرکٹ کھیل گئے۔ ڈیرن سیمی کا کہنا ہے کہ پاکستان جونیئر لیگ میں نوجوان کرکٹرز اپنا ٹیلنٹ د

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ئی نہیں ہورہی ہے انہوں نے کہا صوبائی حکومت کی جانب سے 3 اکتوبر سے شروع ہونے والی ملیریا ٹائفائیڈ مہم کی ٹیم بھی اب تک نہیں پہنچی ہے علاقے میں مزید ہلاکتوں میں اضافہ ہوسکتا ہے لیکن اس حوالے سے محکمہ صحت کو چاہئے تھا کہ وہ گاؤں دوسہ لاشاری میں وبائی امراض کے خلاف ہنگامی بنیادوں میں کام کرتا مگر افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے گاؤں کے گھرانے اپنے لخت جگر کھو رہے ہیں اور محکمہ صحت ٹس سے مس نہیں ہورہی ہے اور اپنی زمہ داریوں سے منہ پھیرا رکھا ہے ضلع کچھی میں محکمہ صحت لوگوں کو طب کی سہولت دینے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکا ہے جبکہ ان ذمہ داروں خلاف اب تک کوئی قانونی کارروائی عمل میں نہیں لائی جارہی ہے ضلعی انتظامیہ کو بھی اس حوالے سے کئی بار آگاہ کرچکے ہیں انہوں نے کہا کچھی میں سب زیادہ وبائی امراض گاؤں دوسہ لاشاری میں تیزی کے ساتھ پھیلا تا جا رہا ہے مچھر مکھیوں کے بھرمار ہے مچھر مار اسپرے بھی نہیں کیا گیا ہے گاؤں کے لوگوں کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کیا جارہا ہے انہوں نے کہا ہم اپنے لوگوں کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے پندرہ دنوں میں چار نوجوانوں کی ہلاکت ہوچکی ہے انہوں نے چیف سیکریٹری بلوچستان سیکیڈریٹری صحت سے مطالبہ کیا ہے کچھی کے گاؤں دوسہ لاشاری میں وبائی امراض سے چار نوجوانوں کی ہلاکت کا سخت نوٹس لے کر ذمہ داروں کے خلاف قانونی کارروائی لائی جائے بصورت ہم سڑکوں میں نکلنے مجبور ہونگے اور عدالت کا دروازہ کھٹکھٹائیں گے

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جلاس 07 اکتوبر بروز ہفتہ 00:06 شام کو شہباز ٹاؤن میں طلب کیا گیا ہے،،تمام دوستوں سیہر وقت شرکت کی استدعا کی گئی ہے

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ریاں عروج پر فٹبال کے کھلاڑیوں اور مداحوں میں خوشی کی لہر فٹبال کھیل کے فروغ اور شائقین کو تفریح فراہم میں ایل پی ایل مثبت اقدام قرار تفصیل کے مطابق لسبیلا پریمیئر لیگ فٹبال چمپئن شپ 2022 سیزن تھری کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں بلوچستان کے تاریخی علاقے بیلا کے الحاج جام غلام قادر خان فٹبال اسٹیڈیم میں اس میگا ایونٹ کا آغاز نومبر 2022 میں متوقع ہے ایل پی ایل فٹبال چمپئن شپ سیزن تھری کے چیف آرگنائزر فراز کریم اور منیر احمد روخجو یہاں آن لائن کو بتایا کہ انشااللہ پچھلے دو ایونٹس کی مناسبت سے سیزن تھری بہت اچھے انداز میں منعقد ہوگا سیزن تھری کی تیاریاں جاری ہیں دوسری جانب فٹبال کے شائقین اور کھلاڑیوں کو اس میگا ایونٹ کا بے چینی سے انتظار ہے۔

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جنٹس، ٹرک مالکان، ٹرک ایسوسی ایشن اور تمام عوام کو مطلع کرتے ہیں کہ حاجی تیمور ناصر کے تبلیغی مرکز کے سامنے والے نئے کوئلہ کانوں اور دمڑ ایریے کے حتنے کوئلہ کان جو حاجی تیمور ناصر اور سیدال بلوچ کو کمیشن دیتے ہیں ان سے لوڈنگ اور کوئی کاروبار نہ کریں ورنہ 7 تاریخ کے بعد جس کو بھی کوئی نقصان پہنچا وہ اپنے نقصان کا خود ذمہ دار ہونگے۔

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سے مہلک بیماری کیخلاف مدافعتی نظام کو تقویت ملتی ہے، والدین سے اپیل ہے کہ 9 ماہ سے 15 سال تک بچوں کو ٹائیفائیڈ کی انجکشن لگوائیں۔ ننھے بچوں کو مختلف مہلک بیماریوں سے محفوظ رکھنے کیلئے حفاظتی ٹیکوں کا کورس انتہائی لازمی ہے۔ بروقت ویکسینیشن کرانے اور احتیاطی تدابیر اختیار کرنے پر بچے کئی مہلک بیماریوں پر باآسانی پاسکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سید رفیع اللہ M & E officer EPI ڈاکٹر گل عالم خان اور اختر محمد استرانہ DM WHO اور ڈاکٹر عزیز احمد پوکل پرن پولیو کے ساتھ ملاقات میں کہی۔ انہوں نے کہا ہے کہ والدین علما کرام اساتذہ اور ہر ذی شعور مہم کی کامیابی اور بچوں کو ٹائیفائیڈ کی انجکشن لگانے میں اپنا خصوصی کردار ادا کرے تاکہ ہمارے بچے اور مستقبل کے معمار موذی اور متعدی بیماریوں سے محفوظ رہے۔

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

انصاف کی ورکر عظمی چوہدری نے بین الاقوامی گلوبل ٹائمز میڈیا یورپ کے ساتھ ایک اخباری بیان میں کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ، نیب اور دیگر اداروں میں چوروں اور لٹیروں کے خلاف جاری کیسیز ختم کرنا پاکستان کے 22 کروڑ عوام کے ساتھ ظلم وزیادتی ہے چوروں اور کرپشن میں ملوث لوگوں کو باعزت بری کرنا کونسا انصاف ہے انہوں نے کہا کہ چیف جسٹس آف پاکستان سے پرزور مطالبہ ہے کہ نیب اور دیگر اداروں میں درج مقدمات کے کیسیز پر دوبارہ نوٹس لیا جائے غریب کے لیے الگ قانون اور امیر کیلئے الگ قانون آئین پاکستان کی خلاف ورزی ہے انہوں نے کہا کہ کرپشن اور دیگر مقدمات میں ملوث ملزمان سیاسی قائدین کیخلاف قانونی کارروائی کرے۔

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

باہر گئے لیکن پاکستان میں ایک ہسپتال بھی تعمیر نہیں کیا، یہ ہر چیز میں کرپشن کررہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے این اے 245 کے دفتر میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ پی ٹی آئی کراچی کے صدر بلال غفار، اراکین اسمبلی فردوس شمیم نقوی، محمود مولوی، ارسلان تاج، ریاض حیدر، علی عزیز جی جی، جمال صدیقی، نجے گنگوانی اور دیگر رہنما موجود تھے۔ پریس کانفرنس سے خطاب میں علی زیدی کا کہنا تھا کہ ہم سب نے اسمبلی سے استعفے دیئے تھے لیکن یہ اپنی مرضی سے استعفے قبول کررہے ہیں

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اور عوام میں لڑائی ہوگئی پولیس نے فائرنگ کی پولیس کی فائرنگ سے 35 سالہ نوجوان نوریز مستوئی جاں بحق ہوگئے نوریز کا تعلق گوٹھ نظام الدین مستوئی سے تھا۔ قتل کے بعد مستوئی برادری نے کیفل فارم تھانہ کے سامنے احتجاج کرکے روڈ بلاک کردیا اور فائرنگ کرنے والے کے خلاف کاروائی کا مطالبہ کیا جبکہ پولیس کا کہنا ہے کہ تحقیقات کریں گے کہ گولی کس کی لگی ہے جبکہ آخری اطلاع تک احتجاج جاری ہے۔

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

رمیں چھ ایمبیڈ ڈریلیف کیمپ کام کررہے ہیں۔ امدادی سرگرمیوں کے تفصیل کے مطابق قلات، سبی، جھل مگسی، جعفرآباد، نصیر آباد اور کچھی میں 1,491 راشن پیک، 160 پیاز کے تھیلے، 1,645 خیمے، 3,910 مچھر دانیاں اور 709 گھریلو اشیا تقسیم کی گئیں۔ سول ہسپتال سبی میں داخل مریضوں کو نیک نیتی کے اظہار کے طور پر روزانہ کی بنیاد پر دن میں دو بار پکا ہوا کھانا فراہم کیا جارہا ہے

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ایچ او آفس، بی ایم سی کی خالی اسامیوں پر ٹیسٹ و انٹرویو مکمل ہونے کے باوجود تقرریوں کے آرڈر تاخیر کا شکار ہیں جو محکمہ صحت کے لئے سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے کہا کہ خالی اسامیوں پر ٹیسٹ اور انٹرویو ہونے کے باوجود تقرریاں نہ ہونے سے نوجوانوں میں مایوسی اور بے چینی پھیل رہی ہے صوبائی حکومت، صوبائی وزیر صحت، سیکرٹری صحت اور دیگر حکام خالی اسامیوں پر فوری طور پر تقرریوں آرڈر جاری کرنے کے احکامات جاری کریں تاکہ نوجوانوں میں پائی جانے والی بے چینی کا خاتمہ ہوسکے بصورت دیگر پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن احتجاج پر مجبور ہوگی۔

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

رضوی قاضی نور محمد لعیبی نے کی جبکہ مولوی ولی محمد لعیبی سید اسماعیل شاہ پیر زاہد جان سرہندی، بیلا آل ریسٹ ہاؤس قومی اتحاد کے بانی سید ماجد شاہ، قاضی محمد اسحاق قریشی سید غلام شاہ پیر مشعل شاہ سیدم مولانہ سفیان حبیبی جلالی مولانہ غلام رسول حبیبی ابو ممتاز حافظ رسول بخش لعیبی مولانہ یاسر سلیمانی مولانہ حافظ عبدالشکور رضوی مولانہ عبدلنعیم سلیمانی و دیگر عاشقان رسول ﷺ کثیر تعداد میں علما کرام شریک ہوہوئے ریلی کے شرکا شہر مختلف جگہوں کا گشت کیا علما کرام نے میلاد چوک اور شہید بینظیر بھٹو چوک پر عید میلاد النبی کے حوالے سے خطاب کیا شرکا نے آقا کی آمد مرحبا لبیک لبیک یا رسول اللہ کے فلک شگاف نعرے لگائے شہر کے مختلف چوراہوں پر جلوسوں کیلئے استقبالی گیٹ بنائے گئے اور شہر کو سبز پرچموں سے سجایا گیا آخر میں مدرسہ حنفیہ لعیبیہ میں مفتی وزیر احمد رضوی نے بیان فرمایا اور لنگر عام کا بھی اہتمام کیا گیا۔

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ودیگر وکلاء کی جانب سے سول کورٹ روہڑی میں استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا آئے ہوئے ججز کو وکلاء ؒ برادری کی جانب سے سندھ کی ثقافت سندھی ٹوپی اور اجرک پہنائے گئے اس موقع پر صدر ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن سکھر ایڈوکیٹ سرفراز احمد اخوند، ڈسٹرکٹ بار سکھر کے صدر ایڈوکیٹ ظفر عیدن منگی،، ڈسٹرکٹ بار سکھر کے جنرل سیکریٹری ایڈوکیٹ ذوالفقار علی ملانو، ایڈوکیٹ الاھی بخش مبتلو، ایڈوکیٹ غلام نبی چڈھڑ، ایڈوکیٹ ارشاد لاشاری، ایڈوکیٹ ہدایت اللہ بلوچ، ایڈوکیٹ ظہیر محمد بابر، ایڈوکیٹ صحبت جویو، ایڈوکیٹ سرور کھجڑ و، ایڈوکیٹ جے کمار ودیگر وکلاء بھی تقریب میں شامل تھے

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مکمل طور بہے گیا تھا جس کی بحالی کا کام جارہے عملہ ٹریک کو تین پانچ کلومیٹر سیلابی پانی میں بحالی میں لگے ہوئے ہیں ایک ہفتہ تک بلوچستان میں ریلوے سروس بحالی کا امکان ہے ریلوے انتظامیہ بلوچستان میں حالیہ بارشوں اور سیلاب سیریلوے ٹریک کو کئی مقامات پر جزوی تو کہیں ٹریک کو مکمل طور سخت نقصان پہنچا اندرون بلوچستان سے ریلوے کا سفر پچھلیدو ماہ سے زیادہ عرصہ ہوگیا ریلوے کا سفر بند ہے ریلوے حکام کی خصوصی دلچسپی اور عوامی مطالبات پر ریلوے ٹریک پر کام تیزی سے جاری ہیان تباہ کن سیلابی ریلے سے ریلوے ٹریک جیکب آباد سے نوتال تک بری طرح متاثر ہوا تھا اس کے علاوہ بولان میں بھی ریلوے ٹریک متاثر ہوا تھا ریلوے حکام کیمطابق ایک ہفتے کے اندر ڈیرہ اللہ یار تا جیکب آباد ریلوے ٹریک کو بحال کردیا جائے گا اور بلوچستان کے عوام کو سستی اور معیاری سفر کی سہولیات فراہم کرنے دعویٰ کیا ہے ریلوے ٹریک پر ستر فیصد کام مکمل ہوچکا ہے اور عوام کے لئے ریلوے کا سفر ایک بار پھر شروع ہوگا

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

عبدالاحد آغا ودیگر کے ساتھ منعقدہ اجلاس کے شرکا سے خطاب کے دوران کیا۔ اسلام آباد ایف پی سی سی آئی دفتر میں ہونے والے اجلاس میں ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے سنئیر نائب صدر حاجی آغا گل خلجی اور نائب صدر سید عبدالاحد آغا نے ممبر کسٹم آپریشن مکرم جاہ انصاری کو بتایا کہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران کی روز اول سے ہی ملک اور صوبے میں قانونی تجارت کے فروغ کے لیے کاوشیں رہی ہیں مگر بدقسمتی سے بلوچستان کی کسٹم ڈیوٹی پیڈ مال بردار گاڑیوں کو دوسرے صوبوں خاص کو پنجاب اور سندھ میں روکا جانا ان کیلئے سوالیہ نشان بنا ہوا ہے اس سلسلے میں چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کی جانب سے بارہاں متعلقہ حکام کو آگاہ کیا جاتا رہا ہے مگر افسوسناک امر یہ ہے کہ اب تک معاملات پرانے ڈگر پر چل رہے ہیں جس سے قانونی تجارت کرنے والے تجارت پیشہ افراد کی حوصلہ شکنی ہورہی ہے انہوں نے قانونی تجارت کی راہ میں حائل دیگر رکاوٹوں کی بھی نشاندہی کی اور کہا کہ انہیں امید ہے کہ اس سلسلے میں اب کے بار موثر اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ اجلاس کے شرکا سے اظہار خیال کرتے ہوئے ممبر کسٹم آپریشن مکرم جاہ انصاری نے کہا کہ قانونی تجارت کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنا ان کی اولین ترجیح ہے اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے یقین دلایا کہ بلوچستان کی کسٹم ڈیوٹی پیڈ مال بردار گاڑیوں کو بلا جواز روکنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی بلکہ ایسا کرنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے قانونی تجارت کے فروغ کے لیے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے عہدیداران و ممبران کے تجاویز کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ ان پر عمل درآمد کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں گے انہوں نے بزنس کمیونٹی کو قانونی تجارت کے فروغ کے لیے ہر ممکن تعاون کا بھی یقین دلایا۔

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اللہ داد، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد انور شہوزئی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سید عباداللہ شاہ غرشین، پرنسپل گورنمنٹ ڈگری کالج بوائز پروفیسر کشمیر خان، ایکسین بی اینڈ آر محمد اسلم مندوخیل، ایم ایس ڈی ایچ کیو ڈاکٹر سیف الدین بگٹی، ڈسٹرکٹ سپورٹ آفیسر جمال الدین، انچارج ڈویلپمنٹ برانچ ڈی سی آفس محمد اختر بزدار و دیگر محکموں کے سربراہان نے شرکت کی۔

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کیٹ، مفتی عبدالباری، فضل محمد کاکڑ، ڈاکٹر ذوالفقار رخشانی ایڈوکیٹ نے کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس سے قبل رابطہ جمعیت علماء اسلام کے زیر اہتمام کوئٹہ میٹرو پولیٹن کارپوریشن کے سبزہ زار سے ایک ریلی نکالی گئی جو شارع اقبال، لیاقت بازار، پرنس روڈ اور جناح روڈ سے ہوتی ہوئی پریس کلب پہنچی ۔مقررین نے کہا کہ تیسری جنس کے مسائل و مشکلات کا ازالہ ہونا چاہیے اور اس سلسلے میں قانون سازی کی بھی بھرپور حمایت کرنی چاہیے لیکن تیسری جنس کے مسائل کی آڑ لے کر غیر انسانی اقدار کے فروغ کیلئے راستہ ہموار کرنے کی کوشش پاکستان کے آئین کی صریح خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانس جینڈر کے مبہم عنوان کے تحت اخلاقی انحراف اور بے راہ روی کو قانونی تحفظ فراہم کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ انہوں نے کہا کہ قانون کے متن میں کسی بھی قسم کے ابہام کا ہمیشہ غلط فائدہ اٹھایا جاتا ہے لہذا ٹرانس جینڈر ایکٹ کے غلط استعمال کو روکنے کیلئے ضروری ہے کہ مذکورہ ایکٹ کو صرف اور صرف پیدائشی طور پر جنسی نقص رکھنے والے طبقے تک ہی محدود رکھا جائے۔

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

شمولیت اختیار کرہی ہیں تحریک انصاف کے فواد چودھری کی پشتونوں سے متعلق توہین آمیز تضحیک آمیز ریمارکس قابل مذمت ہے پی ٹی آئی کو لانچ کرنے کے بعد سیاست سے شائستگی کو ختم کرنے کی کلچر کو دانستہ طور پر فروغ دیا جارہا ہے بنیادی یونٹ کسی بھی تحریک میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے فکر باچا خان صد سالہ سفر فعال اور منظم تنظیم کی بدولت کامیابی سے پورا کر گیا ہے، آج کی اس نازک صورتحال میں جہاں چار سو پشتون افغان بحیثیت قوم بقا کے مسئلے کا سامنا کرہی ہے ضرورت اس امر کی ہے پارٹی ذمہ داران اور کارکن اپنی صفوں کو مضبوط تر کردیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام جناح ٹان میں منعقدہ تقریب سے خطاب کے دوران کیا، تقریب سے عوامی نیشنل پارٹی کے ضلعی جنرل سیکرٹری نذر علی پیر علی زئی، صوبائی یوتھ سیکرٹری شاہ اللہ کاکڑ، ضلعی ترجمان اخلاق بازئی ہمایون خان کاکڑ ایڈوکیٹ، چاندنی کاکڑ اور دیگر نے بھی خطاب کیا اس موقع پر نئے یونٹ کا قیام عمل میں لایا گیا جس کے مطابق ہاشم خان صدر اور اسرار اللہ جنرل سیکرٹری منتخب قرار پائے مقررین نے یونٹ ذمہ داران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ فعال اور منظم تنظیم ہی کی بدولت درپیش سنگین قومی معاشی چیلنجز سے جان خلاصی ممکن ہے عوامی نیشنل پارٹی فعال اور منظم تنظیم کی بدولت صوبے میں سیال حیثیت رکھتی ہے اور یہ سب فعال منظم تنظیم کارکنوں کی شب وروز محنت اور قائدین کی جراتمندانہ قیادت کی مرہون منت ہے بعد ازاں پارٹی ذمہ داران کے اعزاز میں ظہرانہ دیا گیا۔

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ممکن نہیں پولیس کو ہدایات جاری کردی گئی ہیں کہ وہ سول معاملات کی سماعت کے دوران نور جہاں میمن کے جانی تحفظ کو یقینی بنائے، جمعرات کو اوستہ محمد کی سوشل ورکر نور جہاں میمن نے بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما میر عطااللہ خان بلیدی سے ملاقات کی اور انہیں اپنی تشویش سے آگاہ کیا اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے ٹیلی فون پر متاثرہ خاتون نور جہاں میمن سے بات چیت کی اور صورتحال سے آگاہی حاصل کی ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ انسانی جان کا کوئی نعم البدل نہیں اس لئے قصور کے تعین اور وجہ نزاعہ میں جائے بغیر انسانی جان کا تحفظ ریاست کی پہلی اور بنیادی زمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ میڈیا پر متاثرہ سوشل ورکر کی پریس کانفرنس کا نوٹس لیتے ہوئے بروقت بلوچستان پولیس کو صورتحال پر توجہ دینے اور انسانی جان کے تحفظ کی ہدایت جاری کی گئی نور جہاں میمن کا کیس اے آئی جی جینڈر بلوچستان پولیس ارسلہ سلیم خور دیکھ رہی ہیں متاثرہ خاتون کی درخواست پر ایف آئی آر درج کردی گئی ہے جبکہ ان کے تحفظ کے لئے اقدامات اٹھانے کی ہدایت بھی کی گئی ہیں۔

بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

وگرافر اور کمپیوٹرز آپریٹرز کی اسامیاں اپ گریڈ کی جائیں ۔انہوں نے کہا کہ ایپکا کی مرکزی قیادت نے چارٹر آف ڈیمانڈ مرکزی حکومت کو پیش کردیا ہے جس پر عملدرآمد کیا جانا ناگزیر ہوچکا ہے مطالبات پر عملدرآمد نہ ہونے کی صورت میں بلوچستان سمت ملک بھر سے ایپکا کے جیالے قافلوں کی شکل میں اسلام آباد روانہ ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی انکریمنٹ کی بحالی سمیت دیگر مطالبات وعدوں کے مطابق نوٹیفائی کئے جائے مہنگائی حکومت کے کنٹرول میں نہیں سارا بوجھ سرکاری ملازمین پر ڈالا جارہا ہے ملازمین کو احتجاج پر مجبور کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان 10 فیصد باقی ماندہ ڈی آر اے جلد جاری کرے ایسا نہ ہو کہ ملک کے دارالحکومت میں صوبائی حکومت کے خلاف بھی نعرے لگیں۔

بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے زیر صدارت منعقد ہوا۔ جس میں جامعہ کے پرو وائس چانسلر ڈاکٹر عین الدین آغا، ڈین فیکلٹیز، سینئر اساتذہ، جامعہ کے رجسٹرار سمیت بورڈ کے دیگر اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں تعلیمی، تحقیقی سرگرمیاں اور جامعہ کے مختلف معاملات زیر غور لائے گئے۔ جس میں اعلیٰ تعلیم، جدید تحقیق کے حصول، ایم فل، پی ایچ ڈی ڈگری پروگرامز، کارکردگی رپورٹ، داخلہ پالیسی، امتحانات کا طریقہ کار، مستقبل کے تعلیمی منصوبے سمیت ایک پی ایچ ڈی اور بائیس ایم فل اسکالرز کو ڈگری ایوارڈ کے لئے منتخب کیا گیا اور مختلف فیصلے کئے گئے۔ وائس چانسلر نے اس موقع پر کہا کہ مثبت عملی اور تبدیلی کے آغاز میں کچھ مشکلات درپیش آئے ہیں۔ مگر جس کے مستقبل میں دور رس نتائج اخذ کئے جائیں گے۔ اور جامعہ انہیں اصولوں پر کاربند رہتے ہوئے جامعہ کو ترقی سے ہمکنار کرنے سمیت طلبہ کو معیاری اور مارکیٹ سے مطابقت رکھنے والے عملی و تحقیقی مواقع مہیا کرنے کے لئے اقدامات کررہی ہیں۔ اور ضرورت اس امر کی ہے کہ پیداواری وسائل کو فروغ دیا جائے اور کارآمد تحقیقی تجربات کو ادارے کی ترقی اور شعبہ جات کی بہتری کے لئے بروئے کار لایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کا بینہ معاشرے میں بڑی اہمیت کا حامل ہے اور وہی استاد مقاصد کے حصول کو ممکن بنا سکتا ہے جو طلبہ کو معیاری تعلیم اور بہتر مستقبل کی جانب راغب کرنے سمیت معاشرے میں کارآمد اور زمہ دار شہری بناتے ہیں۔

بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سمیت دیگر سہولیات پولیس موبائل خدمت مرکز کے ذریعے فراہم کریں گے، پولیس اور عوام کے درمیان پائی جانے والے دوریوں کو دور کرکے ہم آہنگی کے ذریعے مسائل کے حل کو یقینی بنائیں گے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو نواں کلی میں انجمن تاجران بلوچستان کی جانب سے بنائے جانے والے ٹریفک بوتھ کے افتتاح کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آغا، ایس ایس پی ٹریفک پولیس کوئٹہ عرفان بشیر نے بھی خطاب کیا، اس موقع پر ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ عبدالحق عمرانی، ایس ایس پی انویسٹی گیشن اسد خان ناصر، ایس پی صدر ڈویژن نوید عالم، پولیس افسران اور متعلقہ تھانوں کے ایس ایچ اوز اور ٹریفک پولیس کے جوان بھی موجود تھے، ڈی آئی جی کوئٹہ کا کہنا ہے کہ پولیس کا فرض ہے کہ وہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائے پولیس اور عوام کے درمیان چولی دامن کا ساتھ ہے

بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

الحمدللہ اللہ والے سرمایہ دار نیک نام تاجر اور مخیّر حضرات کی کمی نہیں ہم امید کرتے ہیں کہ یہ لوگ ہمارے معاون بنیں گے تاکہ ہم مزید کام تیز وبہتر اور منظم کریں۔ کوئٹہ کے دکاندار تاجر برادری سماجی فلاحی تنظیموں کے سوشل ورکرز متاثرین کی خدمت، ضروریات کی فراہمی کام میں بہتری کیلئے تعاون کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے خیمہ بستیوں کا دورہ کرتے ہوئے متاثرین اور ذمہ داران سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن اللہ کی رضا دکھی انسانیت کی خدمت اور متاثرین کی بہترین خدمت کیلئے کام کررہی ہے الخدمت کے رضا کاروں نے اپنے کام چھوڑ کر دکھی انسانیت کی خدمت کیلئے خیمہ بستی میں رضا کارانہ کام شروع کردیا ہے جو خوش آئندہ اور آخرت کی کامیابی کا ذریعہ ثابت ہوگا۔ مخیّر حضرات کے تعاون سے خیمہ بستیوں میں سہولیات کی فراہمی اور کام میں بہتری لے آئیں گے۔ تاجر برادری عوام الناس مخیّر حضرات کوئٹہ کے سیلاب متاثرین غرباء ومساکین کی مدد کیلئے الخدمت فاؤنڈیشن کوئٹہ کا ساتھ دیں۔ سریاب میں دو مقامات اور نواں کلی میں ایک جگہ پر خیمہ بستی بنادی گئی ہیں جس میں متاثرین کو ہر سہولت فراہم کی گئی ہیں بچوں کی تعلیم درس وتدریس کا بھی انتظام کیا گیا ہے۔ مخیّر حضرات کے تعاون سے بحالی کے کام میں بھی بہترین وسعت لے آئیں گے۔

بقیہ 23 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اتی دشمنی نہیں ہمارا کام صرف اور صرف عوام کی خدمت کرنا ہے۔ یہ بات انہوں نے عرفان سمیر، کمال صدیقی کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ ڈاکٹر سیڈرک جلال نے کہا کہ یکم اکتوبر 2022 کو کرسچن ہسپتال کوئٹہ میں پیش آنے والے واقعہ میں ہمیں یرغمال بنایا گیا اور غیر قانونی طریقے سے ہسپتال میں ہنگامہ برپا کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا کام صرف اور صرف عوام کی خدمت کرنا ہے ہماری کسی سے کوئی ذاتی دشمنی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ کرسچن ہسپتال میں پیش آنے والے واقعے سے متعلق بشپ فریڈ جان کی جانب سے عائد کئے گئے تمام ترالزامات جھوٹے اور بے بنیاد ہیں بلکہ بشپ فریڈ جان اور ایس ایس پی ٹریفک کے سیکورٹی گارڈز کی جانب سے ہم پر حملہ کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال میں ڈیوٹی پر مامور اسٹاف کو ہراساں کیا جارہا ہے ہم اعلیٰ حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ہمیں جلد از جلد سیکورٹی فراہم کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ واقعہ سے متعلق انکوائری بھی جاری ہے جس میں ایک پیشی بھی ہوچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ فریڈ جان کو ہم بشپ تسلیم نہیں کرتے انکے خلاف کورٹ میں کیس بھی چل رہا ہے۔ عرفان سمیر نے کہا کہ بشپ فریڈ جان کی جانب سے عائد کئے گئے الزامات سراسر جھوٹ پر مبنی ہیں بلکہ یکم اکتو برکو ہم پر حملہ کیا گیا جس میں میرا فون بھی لے گئے جو کہ ابھی تک مجھے واپس نہیں کیا گیا۔

بقیہ 24 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

حضور گڑگڑا کر دعائیں مانگیں ہر مصیبت سے نکلنے کا واحد ذریعہ توجہ الی اللہ ہے نمازیں باجماعت ادا کریں ان پہاڑوں میں عظیم دینی درسگاہ اور دیگر دینی مراکز کیلئے مستقل طور پر اپنے دعاؤں اور تعاون میں شامل حال رکھیں مزید کہا کہ جمعیت علماء اسلام کیلئے خصوصی دعائیں دیں جو ان تمام دینی مراکز کیلئے مستقل طور پر محافظین کا کردار ادا کرتے ہیں اخری میں تمام حفاظ کرام کو دستار بندی کے ہیں

بقیہ 25 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ن کو متاثرین کی کوئی فکر نہیں وہ حکومتی جوڑ توڑ میں لگے ہیں صوبائی دارالحکومت میں آٹا ناپید اور مہنگا ترین مل رہا ہے وزیر اعلیٰ ہاؤس سے ہانچ کلو میٹر دور ہنہ اور سریاب تک کوئی نہیں گیا حکومت اور اپوزیشن کے درمیان چھ سوارب کی سیلاب زدگان سڑکوں پر امداد کی راہ تک رہے ہیں عام غریب کیلئے روزگار ختم کردیا گیا ہے کرپشن کا راج ہے بلوچستان میں کمیشن ایجنٹوں کی حکمرانی ہے ایم کیو ایم محدود وسائل میں عوام کو ریلیف دی رہی ہے دو ہزار افراد میں امدادی اشیا تقسیم کی ہے سوموار سے دو ہزار خاندانوں میں راشن تقسیم کیا جائے گا ایم کیو ایم کی مرکزی قیادت بلوچستان کا دورہ کرے گی حکومت اپنی زمہ داریاں ادا نہیں کررہی بدقسمت صوبے میں میگا کرپشن کیس کا بھی کوئی نتیجہ نہیں نکلا وزیر اعظم کا ایک ماہ میں چار مرتبہ بلوچستان کا دورہ بھی کوئی رنگ نہیں دکھا سکا ایم کیو ایم نے میرٹ پر وسائل کی تقسیم کا مطالبہ کیا ہے ایم کیو ایم نے جب بھی جمہوریت کیلئے قربانی دی اس کا صلہ کارکنوں کل ی لاشوں کی صورت میں دیا گیا دس روز میں تحصیل دار اور کمشنر نصیر آباد کو تبدیل نہ کیا گیا تو اسمبلی کے باہر دھرنا دینگے انہوں نے کہا کہ جعفر آباد اوستہ محمد سمیت دیگر علاقے پانی میں ڈوبے ہوئے ہیں اور وہاں کو منتخب نمائندے منظر عام سے غائب ہے اور اسمبلی فلور پر آواز تک نہیں اٹھا سکتے اسمبلی حکومتی واپوزیشن اراکین ایک دوسرے کی قیمتیں لگانے میں مصروف ہے صوبے میں آٹا ناپید ہوگیا ہے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں آج تک امداد نہیں مل سکے وزیر اعلیٰ اسلام آباد اور کراچی کے دورے کررہے ہیں تاکہ اپنی حکومت بچا سکے لیکن عوام کیلئے ان کے پاس وقت نہیں ہے بلوچستان میں بدقسمتی سے پچھلے تین دہائیوں سے بے حس حکمران مسلط رہے ہیں طلبا اس جدید میں بھی حقوق کیلئے روڈوں پر نکلنے کیلئے مجبور ہے انہوں نے کہا کہ ضرورت اس امر ہے حکومت امدادی کارروائیاں تیز کرکے متاثرین کو ریلیف فراہم کرے اور جلد بلوچستان کے مختلف علاقوں راشن تقسیم کیا جائے گا۔

بقیہ 26 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ئٹہ بلوچستان HBL اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام میں دو ہزار روپے کا طریقہ کار درست کیا جائے انہوں نے کہا کہ غریب عوام کو دور دور سریاب کسٹم موسی کالونی پی سی او والوں کے پاس بھیج کر ذلیل اور خوار کیا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ ارباب کرم خان روڈ میں باقاعدہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دفتر والوں کی زمہ داری ہے کہ عوام کو پیسوں کی آدائگی خود کریں شہر کے قریبی علاقوں کے مرد اور خواتین جب بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دفتر سے رابطہ کرتے ہیں تو دفتر والے اور HBL بینک والے ایجنٹ خواتین کو سریاب کس

پولیس فورس کے قربانیوں سے امن وامان بحال ہے، آئی جی پولیس

عوام کی جان ومال کی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے تمام تر دستیاب وسائل بروئے کار لارہے ہیں، عبدالخالق شیخ

منشیات کی نقل وحمل کو روکنے کے لیے بھی خصوصی اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ صوبے سے منشیات کا خاتمہ ممکن ہوسکے

خاران (خ ن) آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ نے کہا کہ پولیس فورس کے قربانیوں سے امن وامان بحال ہے عوام کی جان ومال کی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے تمام تر دستیاب وسائل بروئے کار لارہے ہیں ان خیالات کا اظہار انھوں نے خاران کے دورے کے موقع پر مجموعی صورتحال کے حوالے سے اعلی سطح پر منعقدہ اجلاس کے دوران کیا اس موقع پر ڈی آئی جی رخشاں ریخ نزیر احمد کرد ڈپٹی کمانڈنٹ بی سی چوہدری سلمان۔ا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 42)

پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے جنرل سیکرٹری روزی خان کاکڑ نے 8 اکتوبر کو اجلاس طلب کرلیا

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے جنرل سیکرٹری روزی خان کاکڑ نے پی پی پی بلوچستان کے صوبائی عہدیداروں، صوبائی ایگزیکٹیو کمیٹی کے اراکین، ڈویژنل، ضلعی، ذیلی ونگز اور کوئٹہ سٹی کے صدور، جنرل سیکرٹریز اور اطلاعات سیکرٹریز کا مشترکہ اجلاس 8 اکتو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 41)

ضروری مرمت کے سلسلے میں پشین گرڈ اسٹیشن سے بجلی کی فراہمی معطل رہے گی

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق پشین گرڈ اسٹیشن میں 07 اکتوبر (آج) فوری نوعیت کے ٹیسٹنگ اور مرمتی کام کیا جائے گا جس کے باعث 11 Kv کمالزئی، درویش آباد، پشین تھری، نیو اور اولڈ ملک یار، اسا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 40)

متاثرین کی بحالی تک الخدمت کا ریلیف ورک اہل خیر کے تعاون سے جاری رہیگا، جمیل کرد

ہم دنیا وآخرت کی کامیابی، اللہ کی رضا وخوشنودی اور متاثرین کی پریشانیاں کم کرنے کیلئے کام کررہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کے صدر انجینئر جمیل احمد کرد نے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن کا ریلیف ورک اور دیانت داری اور رضاکاروں کی خدمات سماجی فلاحی تنظیموں اور حکومتی اداروں کیلئے بہترین مثال وآئیڈیل کام ہے۔ امانتوں کو دیانت داری سے خرچ کرنے دل کا سکون، دنیا وآخرت کی کامیابی بھی ہے ہم دنیا وآخرت کی کامیابی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 43)

قائمقام گورنر بلوچستان میر جان محمد خان جمالی کا صوبے میں پوزیشن والے بلوچستان ریزیڈنشل کالج ژوب کے طلباء کے ساتھ گروپ فوٹو

یونیورسٹی ایکٹ کے مطابق یونیورسٹی کا چلانے میں انتظامیہ مکمل طور پر ناکام اور قاصر ہے، بی ایس او پجار

یونیورسٹی آف تربت میں پروویسی اور رجسٹرار یونیورسٹی میں انتظامیہ بحران اور کرپشن کے ماسٹر مائنڈ ہے

تربت (پ ر) بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن پجار کے مرکزی وائس چیئرمین بوہیر صالح ایڈوکیٹ، صوبائی جنرل عابد عمر بلوچ نے تربت پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے اپنوٹ پروائس چانسلر اور رجسٹرار کو فل فور عہدوں سے ہٹانے کا مطالبہ کیا اور یونیورسٹی اف تربت کے طلبہ کے ڈیمانڈز کا حمایت کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی میں غیر قانونی ایکٹنگ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 44)

پارٹی کے زیر اہتمام ہونیوالے تمام پروگراموں میں کارکنان اپنی شرکت کو یقینی بنائیں، پشتونخوا ملی میپ

شہدا کی برسیوں کے موقع پر مرکزی تقریب کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے سبزہ زار پر آج سہ پہر 3 بجے منعقد ہوگی

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں 7 اکتوبر 1983 کے شہدا جمہوریت اسلم اولس یار شہید، کاکا محمود شہید، رمضان شہید اور داؤد شہید کی شہادت کی 39 ویں برسی اور 11 اکتوبر 1991 کے سرباز پشتون شہدا وطن عبدالرحیم کلیوال شہید، صابر شاہ شہید، باز محمد باز، صاحب خان شہید اور حبیب الرحمٰن شہید کی شہادت کی 31 ویں برسی کے موقع پر ان شہدا کی لازوال قربانیوں پر زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 45)

اکتوبر کے شہدا کی قربانیوں کی یاد منانا اور انہیں خراج عقیدت پیش کرکے اپنی جدوجہد کو آگے بڑھانا پارٹی کے تمام عہدیداروں اور کارکنوں کا قومی فرض ہے، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی

پشین (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ 7 اکتو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 46)

پوائنٹ آف سیل ڈیوائس کا نفاذ ناگزیر ہے، شاہد محمود شیخ

کاروباری برادری کو پی او ایس سے منسلک ہونا ہوگا پہلے مرحلے میں کوئٹہ کے بڑے شاپنگ مالز تجارتی مراکز میں پوائنٹ آف سیل ڈیوائس نصب کی جارہی ہے

جبکہ دوسرے مرحلے میں اندرون صوبہ کے شاپنگ مالز تجارتی مراکز میں ڈیوائسز نصب کی جائیں گی، چیف کمشنر انکم ٹیکس بلوچستان

کوئٹہ (پ ر) چیف کمشنر انکم ٹیکس بلوچستان شاہد محمود شیخ نے کہا ہے کہ پوائنٹ آف سیل ڈیوائس کا نفاذ ناگزیر ہے، کاروباری برادری کو پی او ایس سے منسلک ہونا ہوگا۔ یہ بات انہوں نے مختلف شاپنگ مالز، جیولری شاپس کے دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر کمشنر ایف بی آر رحمت اللہ درانی صرافہ ایسوی ایشن کے صدر محمد حسین، جنرل سیکرٹری نعیم رمضان صراف سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ چیف کمشنر انکم ٹیکس نے کہا کہ دنیا میں غیر دستاویزی اکانومی کا کوئی تصور نہیں ہمارا بھی ڈاکومنٹڈ اکانومی کے سوا کوئی چارہ نہیں اسی لئے کاروباری برادی کو یہ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 47)

ایف سی بلوچستان کی سول انتظامیہ کے ہمراہ سیلاب زدگان کی بحالی کیلئے امدادی کارروائیاں جاری

سیلاب سے متاثرہ اضلاع میں لوگوں کو متعدی امراض سے بچاو کے لیے فری میڈیکل کیمپس کا سلسلہ بھی جاری ہے

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پاکستان آرمی، ایف سی بلوچستان اور پی ڈی ایم اے کی جانب سے 24 فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا

کوئٹہ (پ ر) سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان، سول انتظامیہ کے ہمراہ سیلاب متاثرین کی ریلیف اور بحالی میں مصروف عمل ہیں۔ سیلاب سے متاثرہ علاقوں کوہلو، سبی، قلات، جعفر آباد، نصیر آباد، صحبت پور اور جھل مگسی میں 13 ریلیف کیمپس فعال ہیں جہاں 13555 سیلاب زدگان کو پکا ہوا کھانا، راشن اور علاج معالجہ فراہم کیا جا رہا ہے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں راشن کے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 48)

نوجوان تعلیم کے ساتھ ساتھ ہنر بھی سیکھیں تاکہ انہیں مستقبل میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے، نواب محمد خان شاہوانی

کوئٹہ (پ ر) سابق صوبائی وزیر اور چیف آف بیرک نواب محمد خان شاہوانی نے کہا ہے کہ نوجوان تعلیم کے ساتھ ساتھ ہنر بھی سیکھیں تاکہ انہیں مستقبل میں مشکلات (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 50)

حکومت پر اعتراض کرنیوالوں نے ملک دیوالیہ نکال دیا ہے، رحیم کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) سابق میئر ناظم کوئٹہ رحیم کاکڑ، آغا عمر شاہ، میر واکس کاکڑ ایڈوکیٹ نے افسوس کا اظہار کیا ہے کہ حکومت پر اعتراض کرنیوالوں نے ملک دیوالیہ نکال دیا ہے، پیٹرول ڈیزل بین الاقوامی مارکیٹ میں 131 روپے فی لیٹر خرید کر 230 روپے میں فرو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 51)

ایکسین بی اینڈ آر اسداللہ بلوچ ایک فرض شناس آفیسر ہیں، سعید اللہ ملازئی

پنجگور (آن لائن) محکمہ بی اینڈ آر ایمپلائز یونین کے ضلعی صدر سعید اللہ ملازئی نے کہا ہے کہ ایکسین بی اینڈ آر روڈ ایکسین اسداللہ بلوچ کی جدوجہد سے پنجگور میں صوبائی وزیر میر اسد اللہ بلوچ کے فنڈز سے بننے والے 47 روڈوں کا کام بہتر کوالٹی کے ساتھ تیزی سے جاری ہے انہوں نے کہا ہے کہ ایک دو ماہ کے کم وبیش پنجگ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 54)

تنظیمی اتحاد میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ اور جبار بلوچ کے درمیان کامیاب مذاکرات

میٹروپولیٹن کارپوریشن ملازمین کا احتجاج حق پر ہے اور ایک دو دن میں ان کے جائز مطالبات کو تسلیم کیا جائے گا

کوئٹہ (آن لائن) تنظیمی اتحاد میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ اور ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ جبار بلوچ کے درمیان کامیاب مذاکرات ملازمین نے احتجاجی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 49)

قلعہ سیف اللہ، ڈائریکٹر جنرل خزانہ محمد افضل خوستی اور ڈپٹی کمشنر شفقت انور شاہوانی ڈسٹرکٹ اکاؤنٹ آفس کا افتتاح کررہے ہیں

مصنوعی بحران سے مافیاز کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے ہر حد تک جارہے ہیں، ستار چشتی

بحران سے قیمتیں پانچ گنا بڑھ گئی ہیں لیکن حکومت ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر تماشا دیکھ رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام (نظریاتی) پاکستان کے مرکز (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 52)

اساتذہ کسی بھی قوم وملت کا عظیم سرمایہ ہیں، ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال

معاشرے کی بے حسی اور حکومتی عدم توجہی کے باعث اساتذہ آج بھی کسمپرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں

ژوب (آن لائن) ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے کہا ہے کہ اساتذہ کسی بھی قوم وملت کا وہ عظیم سرمایہ ہیں، جو نسل نو کو سنوارنے اور انہیں نکھارنے میں اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لاتے ہیں۔ ملک وملت کا روشن مستقبل انہی اساتذہ کے ہاتھوں پوان چڑھ کر ترقی کی منزلیں طے کرتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے گورنمنٹ گرلز سٹی ہائی اسکول میں عالمی یوم اساتذہ کے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 53)

حضور کریم ﷺ کی پوری زندگی امت کیلئے بہترین نمونہ ہے، قادر لونی

امت میں سیرت النبی ﷺ سے روشناس کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے نبی کریم ﷺ کی حیات مبارکہ میں زندگی کے ہر پہلو کے لیے رہنمائی موجود ہے

حضور نبی اکرم ﷺ کا ذکر جمیل سنتِ الٰہیہ ہے محبتِ رسول ﷺ ایمان کی تکمیل ہے مسلمان کی زندگی کی سب سے قیمتی متاع حضور نبی اکرم ﷺ سے قلبی تعلق ہے

کوئٹہ (آن لائن) جامعہ فیض العلوم کے زیر اہتمام سیرت النبی ﷺ کانفرنس سے جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے سینیٹر اب امیر بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی سیکرٹری مولانا قاری مہر اللہ صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبیداللہ حقانی مولانا خیر محمد خیر خواہ مولانا امیر محمد مولانا عبدالمالک مولانا عزیز اللہ ذاکری ودیگر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عشق نبی ﷺ کا تقاضا یہ ہے کہ ملک میں اللہ کے رسول کریم ﷺ کے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 55)

محمد آصف مندوخیل ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں بطور سرجن کنٹریکٹ میں توسیع کی جائے، عوامی حلقے

ژوب (آن لائن) سرجن ڈاکٹر محمد آصف مندوخیل ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 56)

سیلاب سے متاثرہ 25 لاکھ خاندانوں میں اب تک 63 ارب روپے سے زائد رقم تقسیم کی جاچکی ہے، شازیہ مری

اسلام آباد/ کراچی (آن لائن) وفاقی وزیر برائے محکمہ تخفیف غربت اور سماجی تحفظ اور چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام شاز (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 57)

ڈھاڈر، بینک الفلاح کی ٹیم اور میر غلام حیدر بنگلوئی کا سیلاب متاثرین کیساتھ گروپ فوٹو

سیکرٹری تعلیم سکولز عبدالروف بلوچ ایجوکیشن سیکٹر ورکنگ گروپ برائے فلڈ ایمرجنسی رسپانس کے پہلے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

سیاسی اور پارٹی مفادات کی ہر قیمت پر ترجیح کا کلچر قانون کو پامال کررہا ہے، مولانا ہاشمی

وفاقی وصوبائی حکومتیں عوامی مسائل کو حل، سیلاب متاثرین کی پریشانیوں کو حل کرنے سے کوئی سروکار نہیں

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا ہے کہ وفاقی وصوبائی حکومتیں عوامی مسائل کو حل، سیلاب متاثرین کی پریشانیوں کو حل کرنے سے کوئی سروکار نہیں ایک ایسٹیبلشمنٹ دوسرے مقدمات ختم کرنے اور کچھ وزاتوں کیلئے مصروف عمل ہیں اور پھر اپنی باری آنے کی تیاریاں کررہے ہیں عوام انشاء اللہ آئندہ لٹیروں کو مسترد کرکے دیانت (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 37)

علاقے میں ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافے کے باعث عوام پریشان ہیں، جمعیت

مشرقی بائی پاس بھوسہ منڈی کے علاقے میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائی کی جائے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام سلمان فارسی یونٹ مشرقی بائی پاس کے رہنماؤں نے کہا کہ مشرقی بائی پاس بھوسہ منڈی کے علاقے میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائی کی جائے علاقے میں ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافے کے باعث عوام پریشان ہیں۔ اس حوالے سے منظور شہید تھانے کے ایس ایچ او منظور ترین سے جمعیت علما اسلام سلمان فارسی یونٹ کے امیر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 38)

حالیہ سیلاب سے سرکاری اسکولوں کو شدید نقصان پہنچا ہے، سیکرٹری تعلیم

انکی بحالی تعمیر ومرمت سمیت ان میں تعلیمی سرگرمیوں کو بحال کرنے میں تمام اسٹیک ہولڈرز کو مشترکہ اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے

اجلاس میں تمام اسٹیک ہولڈرز کے ڈیٹا کو یکجا کرنے اور وسائل کو بہتر طور استعمال کرنے کے حوالے سے ایک ان لائن ڈیش بورڈ بنانے کا اصولی فیصلہ کیا گیا

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری تعلیم سکولز عبدالروف بلوچ ایجوکیشن سیکٹر ورکنگ گروپ برائے فلڈ ایمرجنسی رسپانس اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں حالیہ سیلاب کی صورتحال میں سرکاری اسکولوں کو شدید یا جزوی نقصان پہنچا ہے انکی بحالی تعمیر ومرمت سمیت ان میں تعلیمی سرگرمیوں کو بحال کرنے میں تمام اسٹیک ہولڈرز کو مشترکہ اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری اسکو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 34)

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی صحت دشمن عناصر کے خلاف کوئٹہ شہر سمیت مختلف اضلاع میں کارروائیاں جاری

ژوب، اوستہ محمد، کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی صحت دشمن عناصر کے خلاف کوئٹہ شہر سمیت مختلف اضلاع میں جاری کارروائیوں کے دوران مزید 20 کھانے پینے کے مراکز پر جرمانے عائد کردیئے گئے۔ عوامی شکایات پر بی ایف اے ڈویژنل فوڈ سیفٹی ٹیم (نصیر آباد) (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 36)

ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے میر نوید کلمتی کی ملاقات

گوادر (نامہ نگار) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر و سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے میر نوید کلمتی کی ملاقات، سیاسی صورتحال پر تبادل خیال کیا گیا۔ جمعرات کو قصر ناز کراچی میں نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر و سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 39)

جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کی ضلعی مجلس عاملہ کا اجلاس زیر صدارت عبدالرحمٰن رفیق منعقد

جمعیت علما اسلام کی قیادت اور اکابر علما کرام کارکنوں سے تربیت کے موضوعات پر تفصیلی خطاب کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کی ضلعی مجلس عاملہ کا اجلاس زیر صدارت ضلعی امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق منعقد ہوا، جس میں اہم فیصلے کیے گئے، ان فیصلوں پر عملدرآمد کے لیے بروز جمعرات تمام یونٹوں کا نمائندہ اجلاس زیر صدارت ضلعی نائب امیر مولانا محمد ایوب منعقد ہوا جس کے مطابق کارکنوں کی تربیت کے حوالیے جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 35)

نصیر آباد، ڈپٹی کمشنر عائشہ زہری ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، غلام ظفر میسہر

کوئٹہ سے منشیات فروشوں اور نشے کے عادی افراد کے خلاف موثر کاروائی کی جارہی ہے اس کے لئے قبضہ مافیہ کا قلع قمع کرنے کیلئے بھرپور اقدامات اُٹھا رہے ہیں، ڈی آئی جی کوئٹہ

لوگوں کی زمینوں کو قبضہ کرنے اور لوگوں کو جھگڑوں میں اُلجھانے والوں کے خلاف کارروائی شروع ہے اور پولیس نے سرغنہ کو گرفتار کیا ہے

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ کیپٹن (ر) غلام اظفر میسہر نے کہا ہے کہ پولیس عوام کے جان ومال کے تحفظ کو ممکن بنانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لارہی ہے، کوئٹہ سے منشیات فروشوں اور نشے کے عادی افراد کے خلاف موثر کاروائی کی جارہی ہے اس کے لئے قبضہ مافیہ کا قلع قمع کرنے کیلئے بھرپور اقدامات اُٹھا رہے ہیں، نواں کلی میں انجمن تاجران کے تعاون سے بنائے جانے والے بوتھ کو پولیس چوکی کا درجہ دے کر وہاں پر 24 گھنٹے اہلکار تعینات رہیں گے، لوگوں کو ڈرائیونگ لائسنس تصدیقی سرٹیفکیٹ شناختی کارڈ کی گمشدگی کی رپورٹ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 21)

مثبت عملی اور تبدیلی کے آغاز میں کچھ مشکلات درپیش آئے ہیں، ڈاکٹر شفیق الرحمان

کوئٹہ (پ ر) جامعہ بلوچستان کے بورڈ آف ایڈوانس اسٹڈیز اینڈ ریسرچ کا 164 واں اجلاس جامعہ کے کانفرنس ہال میں جامعہ کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شفیق الرحمان (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 20)

کوئٹہ میں سیلاب متاثرین کی مدد، علاج وتعلیم کا سلسلہ جاری ہے، عبدالمجید سربازی

مخیر حضرات سماجی تنظیمیں خیمہ بستی کا دورہ کرکے الخدمت کی خدمات دیکھ کر ضروریات میں تعاون کریں

کوئٹہ (آن لائن) الخدمت فاؤنڈیشن ضلع کوئٹہ کے صدر عبدالمجید سربازی نے کہا کہ کوئٹہ میں سیلاب متاثرین کی مدد، علاج وتعلیم کا سلسلہ جاری ہے ایک جگہ ضروریات کی فراہمی، خواتین کے علاج اور بچوں کی تعلیم وکھیل کے لیے تین مقامات پر خیمہ بستیاں بنادی ہیں مخیر حضرات سماجی تنظیمیں خیمہ بستی کا دورہ کرکے الخدمت کی خدمات دیکھ کر ضروریات میں تعاون کریں۔ کوئٹہ میں (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 22)

فکر باچا خان میں خواتین کو کلیدی کردار کے مواقع سب سے بڑھ کر ہے، اے این پی

عوامی نیشنل پارٹی فعال اور منظم تنظیم کی بدولت صوبے میں سیال حیثیت رکھتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا نے کہا ہے کہ فعال اور منظم تنظیم ہی کی بدولت سنگین قومی معاشی مسائل کا حل اکابرین کے متعین کردہ اہدف کا حصول وسائل پر اختیار زبان اور کلچر کے فروغ ممکن ہے فکر باچا خان میں خواتین کو کلیدی کردار کے مواقع سب سے بڑھ کر ہے اور یہ خوش آئند امر ہے کہ فکر باچا خان میں خواتین جوق در جوق (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 17)

قانون کے متن میں کسی بھی قسم کے ابہام کا ہمیشہ غلط فائدہ اٹھایا جاتا ہے، عبدالصادق

ٹرانس جینڈر ایکٹ پاکستان کے آئین کی روح کے خلاف، شریعت سے متصادم اور ہمارے معاشرتی اقدار پر حملہ ہے

کوئٹہ (پ ر) رابطہ جمعیت علماء اسلام پاکستان کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ ٹرانس جینڈر ایکٹ پاکستان کے آئین کی روح کے خلاف، شریعت سے متصادم اور ہمارے معاشرتی اقدار پر حملہ ہے جسے کسی بھی صورت قبول نہیں کریں گے۔ یہ بات رابطہ جے یو آئی پاکستان کے صوبائی رہنماؤں حاجی عبدالصادق، حاجی عبدالرزاق لانگو، حاجی امین اللہ امین، شیخ محمد اکرم ایڈو (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 16)

شکایات کنندہ گان سے مؤثر انداز میں فیڈ بیک بھی لیا جائے، یاسر اقبال دشتی

تمام ترقیاتی سکیمیں اپنی مقررہ مدت میں مکمل اور جدت کے نئے تقاضوں سے ہم آہنگ ہونی چاہیے

موسیٰ خیل (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر یاسر اقبال دشتی کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ اینٹی کرپشن کمیٹی کا ماہانہ پراگریس ریویو میٹنگ اور ضلع میں جاری ترقیاتی منصوبوں اور پی ایم سٹیزن پورٹل کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کانفرنس ہال میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر اینٹی کرپشن شاہ زمان، اسسٹنٹ ڈائریکٹر اینٹی کرپشن محمد ایاز، سرکل آفیسر اینٹی کرپشن حاجی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 15)

نونی تجارت کی راہ میں حائل رکاوٹوں کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے، مکرم جاہ انصاری

کسی کو بھی بلاجواز بلوچستان کی کسٹم ڈیوٹی پیڈ گاڑیوں کو روکنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی

کوئٹہ (آن لائن) ممبر کسٹم آپریشن مکرم جاہ انصاری نے کہا ہے کہ قانونی تجارت کی راہ میں حائل رکاوٹوں کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے کسی کو بھی بلاجواز بلوچستان کی کسٹم ڈیوٹی پیڈ گاڑیوں کو روکنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے سینئر نائب صدر حاجی آغا گل خلجی اور نائب صدر سید (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 14)

لاہور ہائی کورٹ کے باہر لالہ لائر فورم کے زیر اہتمام وکلا بجلی کی قیمتوں میں اضافے کیخلاف احتجاج کررہے ہیں

حفاظتی ٹیکوں سے متعلق توسیعی پروگرام کو ترجیح دے رہے ہیں، نجیب اللہ

صوبائی حکومت نے بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگانے کے لئے موثر اقدامات کیے ہیں

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر صاحبزادہ نجیب اللہ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگانے کے لئے موثر اقدامات کیے ہیں، حفاظتی ٹیکوں سے متعلق توسیعی پروگرام کو ترجیح دے رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹائیفائیڈ ویکسین کی مدد سے روکا جاسکتا ہے، جو خوراک کی ویکسین ہے، ٹائیفائیڈ ایک متعدی بیماری ہے اور یہ آلودہ خوراک اور پانی سے پھیلتی ہے۔ ٹائفائیڈ ویکسین (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 5)

تبلیغی مرکز کے سامنے والی زمین ہماری ہے، امیر خان عرف دنڑہ ونیچی

ہم نے متعدد بار لوگوں کے زریعے اطلاع دی لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی

دکی (آن لائن) امیر خان عرف دنڑہ ونیچی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ تبلیغی مرکز کے سامنے والی زمین ہماری ہے اس پر میرا تنازعہ ہے اور اس زمین پر ہم پہلے بھی بہت سارے لوگوں کیساتھ الجھ چکے ہیں لیکن دمڑ کول کمپنی ہمیں کمیشن نہیں دیتی بلکہ حاجی تیمور ناصر اور سیدال بلوچ کو کمیشن دیتی ہے۔ ہم نے متعدد بار لوگوں کے زریعے اطلاع دی لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ اب ہم کول ا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 4)

محکمہ صحت اور نیم سرکاری اداروں نے لاپرواہی اختیار کررکھی ہے، ہدایت اللہ لاشاری

کچھی کے علاقے گاوں دوسہ لاشاری میں اب تک چار نوجوانوں کی وبائی امراض سے ہلاکت ہوچکی ہے

ڈھاڈر (نامہ نگار) کچھی کے سماجی رہنما وڈیرہ ہدایت اللہ لاشاری نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کچھی کے علاقے گاوں دوسہ لاشاری میں اب تک چار نوجوانوں کی وبائی امراض سے ہلاکت ہوچکی ہے وبائی امراض گاؤں میں تیزی کے ساتھ پھیلانے کی وجہ سے اموات میں اضافہ ہورہا ہے محکمہ صحت اور نیم سرکاری اداروں نے لاپرواہی اختیار کررکھی ہے ضلعی انتظامیہ کو بھی کئی بار گاؤں میں ہونے والی اموات کے بارے میں آگاہی دے چکے اب تک کوئی سنو (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 1)

ہمارا کام صرف اور صرف عوام کی خدمت کرنا ہے، ڈاکٹر سیڈرک جلال

بشپ فریڈ جان اور ایس ایس پی ٹریفک پولیس اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے ہمیں دھمکا رہے ہیں

کوئٹہ (پ ر) کرسچن ہسپتال مشن روڈ کوئٹہ کے ڈاکٹر سیڈرک جلال نے کہا ہے کہ بشپ فریڈ جان کی جانب سے ہم پر جھوٹے اور بے بنیاد الزامات عائد کئے گئے ہیں، بشپ فریڈ جان اور ایس ایس پی ٹریفک پولیس اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے ہمیں دھمکا رہے ہیں، بشپ فریڈ جان سمیت دیگر کی جانب سے ہسپتال پر قبضے کیا گیا ہے ہماری کسی سے کوئی ذ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 23)

12 اکتوبر کو اسلام آباد میں تاریخی دھرنا دیا جائے گا، حاجی ملک بور محمد بازئی

تعلیمی انکریمنٹ کی بحالی سمیت دیگر مطالبات وعدوں کے مطابق نوٹیفائی کئے جائیں

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان کلرکس ایسوی ایشن (اپکا) کے مرکزی سینئر نائب صدر حاجی ملک بور محمد بازئی نے کہا ہے کہ 12 اکتوبر کو اسلام آباد میں تاریخی دھرنا دیا جائے گا کارکن دھرنے کی بھرپور تیاریاں کریں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ملازمین کے مطالبات پر عمل درآمد نہ ہوا تو 13 اکتوبر سے احتجاج کا آغاز تاریخی دھرنے سے کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے تناسب سے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے سٹی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 19)

گھریلو مسائل کے قطع نظر سب سے پہلے انسانی زندگی مقدم ہے، ربابہ بلیدی

آئین پاکستان میں دیئے گئے بنیادی آئینی حقوق کے تحت ہر شہری کا جانی ومالی تحفظ ریاست کی زمہ داری ہے

پولیس کو ہدایات جاری کردی گئی ہیں کہ وہ سول معاملات کی سماعت کے دوران نور جہاں میمن کے جانی تحفظ کو یقینی بنائے

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور سائنس اینڈ ٹیکنالوجی و چیئرپرسن ویمن پارلیمنٹرین کاکس ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے اوستہ محمد کی سوشل ورکر نور جہاں میمن سے ٹیلی فونک رابطہ کیا اور ان کے مسائل دریافت کرتے ہوئے انہیں مکمل تحفظ کی یقین دہانی کرائی ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ گھریلو مسائل کے قطع نظر سب سے پہلے انسانی زندگی مقدم ہے اور آئین پاکستان میں دیئے گئے بنیادی آئینی حقوق کے تحت ہر شہری کا جانی ومالی تحفظ ریاست کی زمہ داری ہے مالی و ازدواجی مسائل کا حل ممکن ہے تاہم انسانی جان چلی جائے تو اس کا مداوا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 18)

جشن عید میلاد النبیؐ کے موقع پر صنعت زار لاہور میں منیجر عاصمہ نورین اور ساجدہ کلیم کا میلاد پڑھنے والی بچیوں کیساتھ گروپ فوٹو

بلوچستان میں ریلوے ٹریک کی بحالی کا کام تیزی سے جاری

جعفر آباد (عنایت اللہ حر) بلوچستان میں ریلوے کے بندٹرینوں کی بحالی کے لئے جعفر آباد بمقام ڈیرہ اللہ یار سیلاب سے متاثرہ ٹریک کی بحالی کا کام جاری بلوچستان میں ریلوے ٹریک کی بحالی کا کام تیزی سے جاری ہے جیکب آباد اور ڈیرہ اللہ یار کے درمیان ریلوے ٹریک (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 13)

سول کورٹ